★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

جلد نمبر 15 | جمعۃ المبارک 19 شوال 1446ھ، 18 اپریل 2025ء، 5 بیساکھ 2082 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 165

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

شہداء اور غازی ہمارا فخر ان کا احترام ہر پاکستانی کیلئے مقدم ہے

آرمی چیف

جی ایچ کیو راولپنڈی میں تقریب، آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے فوجی افسران اور جوانوں کو اعزازات سے نوازا، اعزازات آپریشنز میں غیر معمولی بہادری اور قوم کیلئے خدمات کے اعتراف میں دیئے گئے ہیں

تقریب میں اعلیٰ فوجی حکام اور ایوارڈ حاصل کرنے والوں کے اہلخانہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی، تقریب میں ستارہ امتیاز (ملٹری) اور تمغہ بسالت کے اعزازات دیئے گئے: ترجمان پاک فوج

راولپنڈی (این این آئی) آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ شہداء اور غازی ہمارا فخر ہیں، شہداء کا احترام ہر پاکستانی کیلئے مقدم ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق جی ایچ کیو راولپنڈی میں فوجی اعزازات دینے کی تقریب منعقد ہوئی، آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے پاک فوج کے افسران اور جوانوں کو اعزازات سے نوازا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق اعزازات آپریشنز میں غیر معمولی بہادری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)



لاہور، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز صوبائی دارالحکومت کے الحمرا ہال میں پنجابی کلچر ڈے کی تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

پنجاب کی ثقافت میرے دل کے قریب دعا ہے ہمارا صوبہ ہمیشہ ہنستا بستا رہے

مریم نواز

پنجابی بولنے والوں کو اپنی زبان پر فخر ہونا چاہیے، مجھے بھی پنجابی ہونے پر فخر ہے، صوبائی دارالحکومت کے الحمرا ہال میں پنجابی کلچر ڈے کی تقریب سے خطاب

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ پنجاب کی ثقافت میرے دل کے قریب ہے، دعا ہے ہمارا صوبہ ہمیشہ ہنستا اور بستا رہے صوبائی دارالحکومت کے الحمرا ہال میں پنجابی کلچر ڈے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مریم نواز کا کہنا تھا کہ پنجاب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

سوال اتنا ہے کہ فوجی عدالتوں کو عدالتیں کہا جا سکتا ہے یا نہیں؟ جج آئینی بینچ

فوجی عدالتوں کے ٹرائل میں مروجہ طریقہ کار اور فیئر ٹرائل دونوں میسر ہوتے ہیں، یہ کیا مذاق ہے بلاوجہ کیس کیوں لٹکا رہے ہیں؟ کیا اس کیس کو مکمل کرنے کا ارادہ نہیں؟ جسٹس جمال مندوخیل

مجھ سے جو سوالات ہوئے میں نے تحریری معروضات کی شکل میں عدالت کے سامنے رکھے ہیں، اس میں کوئی دورائے نہیں کہ فوجی عدالتوں میں منصفانہ ٹرائل ہوتا ہے: وکیل وزارت دفاع

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں سویلینز کے فوجی عدالتوں میں ٹرائل کے فیصلے کیخلاف انٹرا کورٹ اپیلوں پر سماعت کے دوران جسٹس جمال مندوخیل نے وزارت دفاع کے وکیل خواجہ حارث سے استفسار کیا ہے کہ سوال اتنا ہے کہ فوجی عدالتوں کو عدالتیں کہا جا سکتا ہے یا نہیں؟ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی آئینی بینچ 23 اکتوبر 2023 کے فیصلے کے خلاف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

بانی پی ٹی آئی سے ملاقاتیں نہ ہونے کی بات سیاسی شعبدے بازی ہے، عطاء تارڑ

اُن کی پارٹی میں علیمہ اور بشریٰ سمیت 8، 10 گروپس ہیں، اتنی ملاقاتیں تاریخ میں کسی سیاسی رہنماء کی نہیں ہوئیں، لگتا ہے وہ جیل نہیں بلکہ چھٹیاں منانے گئے ہیں، بیان

نہیں آتا کون سا گروپ کس کی ملاقاتیں روک رہا ہے، یہ آپس میں لڑنے کے لیے خود کافی ہیں، ہمارے پاس اتنا وقت نہیں کہ ہم سوچیں پی ٹی آئی کو کیسے تقسیم کرنا ہے: وزیر اطلاعات

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء تارڑ کا کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقاتیں نہ ہونے کی بات سیاسی شعبدے بازی ہے، اتنی ملاقاتیں تاریخ میں کسی سیاسی رہنماء کی نہیں ہوئیں۔ ایک بیان میں عطاء تارڑ نے کہا کہ عمران خان سے ملاقاتیں نہ ہونے کی بات سیاسی شعبدے بازی ہے، اتنی ملاقاتیں تاریخ میں کسی سیاسی رہنماء کی نہیں ہوئیں، لگتا ہے وہ جیل میں نہیں بلکہ چھٹیاں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)



اسلام آباد، وزیر اعظم جناح اسکوائر مری روڈ انڈر پاس کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

وزیر اعظم سے برطانیہ کے پارلیمانی انڈر سیکرٹری لارڈ واجد کی ملاقات

پاک برطانیہ تعلقات کو فروغ دینے اور تعاون کی نئی راہیں تلاش کرنے میں لارڈ واجد خان کی کوششوں کو سراہا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف سے برطانیہ کے پارلیمانی انڈر سیکرٹری برائے مذاہب، کمیونٹیز اور آبادکاری لارڈ واجد خان نے ملاقات کی۔ وزیر اعظم نے لارڈ واجد خان کا پاکستان میں خیر مقدم کیا اور اوورسیز پاکستانیز کنونشن میں شرکت پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے برطانیہ میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کے تعاون کو سراہا، کنگ چارلس سوم کے ساتھ ساتھ برطانوی وزیر اعظم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

بھائی سے ملاقات، عمران خان کی تینوں بہنوں سمیت 7 افراد گرفتار

آج عمران خان سے ملاقاتوں کا دن ہے تاہم آنے والے رہنماؤں کو روک دیا گیا، حراست میں لیے گئے افراد میں عمر ایوب، علیمہ خان، عظمیٰ خان، نورین خان، قاسم نیازی، ملک احمد خان بچھر، حامد رضا شامل

قائد حزب اختلاف عمر ایوب گورکھ پور نا کہ پہنچے جہاں پولیس نے انہیں روک لیا، علیمہ خان کو داہگل کے مقام پر پولیس ناکے پر روک دیا گیا، ان کے ساتھ دیگر دو بہنوں کو بھی روک دیا گیا اس پر اہل خانہ نے احتجاج کیا

راولپنڈی (ویب ڈیسک) بانی پی ٹی آئی عمران خان سے اڈیالہ جیل ملاقات کے لیے آنے پر پولیس نے عمران خان کی بہنوں، عمر ایوب، زرتاج گل، حامد رضا، نیاز اللہ نیازی اور دیگر کو ملنے سے روک دیا، علیمہ خان اور بہنیں احتجاج پر بیٹھ گئیں اور جانے سے انکار کر دیا بعد ازاں سات افراد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

غلط معلومات کا پھیلاؤ عالمی امن کے لیے بڑا خطرہ بن چکا، وزیر خارجہ

عالمی امن واستحکام کے لیے مسئلہ کشمیر کا حل ناگزیر ہے، اسحاق ڈار کا اقوام متحدہ میں خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ غلط معلومات کا پھیلاؤ عالمی امن کے لیے بڑا خطرہ بن چکا ہے۔ تیسری اقوام متحدہ امن مشن 2 روزہ وزارتی کانفرنس وفاقی دارالحکومت میں پاکستان اور جمہوریہ کوریا کی شراکت داری سے منعقد ہوئی، جس میں پاکستان اور مختلف ممالک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

حکومت نے ٹی بلز اور پی آئی بیز کے ذریعے 1,220 ارب روپے کا قرض حاصل کر لیا

کراچی (این این آئی) حکومت پاکستان نے ٹریژری بلز (ٹی بلز) اور پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز (پی آئی بیز) کی نیلامی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)



اسلام آباد: روس کے ڈپٹی برائے امور خارجہ سینٹر اسحاق ڈار سے ملاقات کر رہے ہیں

عالمی بینک نے پاکستان کا ٹیکس نظام غیر منصفانہ اور بیہودہ قرار دیدیا

تنخواہ دار طبقے پر بڑھتا ہوا بوجھ صرف اسی صورت میں کم ہو سکتا ہے جب ٹیکس نیٹ کو وسعت دی جائے

اسلام آباد (این این آئی) عالمی بینک نے پاکستان کے ٹیکس نظام کو "انتہائی غیر منصفانہ اور بے ہودہ" قرار دیتے ہوئے زور دیا ہے کہ جائیداد کو موثر طریقے سے ٹیکس نیٹ میں لایا جائے اور اس کا درست اندراج و ٹیکس لگایا جائے۔ عالمی بینک کے مطابق تنخواہ دار طبقے پر بڑھتا ہوا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

ایران میں قتل کئے جانے والے 8 پاکستانیوں کی لاشیں بہاولپور پہنچا دی گئیں

ایران میں دہشتگردی کا شکار 8 پاکستانیوں میں سے 5 افراد کی اجتماعی نمازِ جنازہ ادا کر دی گئی

بہاولپور (این این آئی) ایران میں قتل کئے جانیوالے 8 پاکستانیوں کی لاشیں بہاولپور پہنچا دی گئیں۔ خصوصی طیارے کے ذریعے لاشوں کو بہاولپور ایئرپورٹ پہنچایا گیا، میتیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

وزیرِ اعلیٰ مریم نواز نے ایم ایس میو اسپتال کو برطرف کرنے کی وجہ بتا دی

کوئی غریب مریض کو باہر سے مہنگی ادویات خریدنے کا کہے گا تو میں برداشت نہیں کروں گی

لاہور (این این آئی) وزیرِ اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے گزشتہ ماہ لاہور میں واقع میو اسپتال کے اچانک دورے کے دوران میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم ایس) کو برطرف کرنے پر ہونے والی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)



اسلام آباد: راولپنڈی کے تاجر حضرات کا وفاقی وزیر حنیف عباسی سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

پنجاب حکومت کا ڈرگ کورٹس کو ایک نئے انداز سے تشکیل دینے کا فیصلہ

پنجاب میں ڈرگ کیسز کی سماعت کے لیے ایک نیا ٹریبونل قائم کیا جائیگا، جو ایک سیشن جج پر مشتمل ہوگا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے صوبے میں ڈرگز مافیا کے خلاف کارروائی کو مزید موثر بنانے کے لیے ڈرگ کورٹس کو نئے انداز سے تشکیل دینے کا فیصلہ کیا ہے، اس مقصد کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

وفاقی جج کا ٹرمپ انتظامیہ کیخلاف توہین عدالت کی کارروائی کا اشارہ

ٹرمپ انتظامیہ نے تارکین وطن سے متعلق ان کے حکم کی جان بوجھ کر خلاف ورزی کی، فیڈرل جج

واشنگٹن (این این آئی) وفاقی جج نے ٹرمپ انتظامیہ کے خلاف توہین (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)



اسلام آباد: ہنگری کے سفیر کا ایئرپورٹ پر استقبال کیا جا رہا ہے

سربراہ امریکی فیڈرل ریزروز نے بھی ٹرمپ ٹیرف کے نتیجے میں افراط زر کا خدشہ ظاہر کر دیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی فیڈرل ریزروز کے سربراہ جیروم پاول نے بھی ٹرمپ ٹیرف کے نتیجے میں افراط (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

لاہور، غزہ میں اسرائیلی بربریت کے خلاف تاجر برادری کی ہڑتال

مقررین نے اسرائیل کی بھرپور مذمت کرتے ہوئے عالمی برادری سے اس کے مظالم کا نوٹس لینے کا مطالبہ کیا

لاہور (این این آئی) غزہ میں اسرائیلی بربریت کے خلاف تاجر برادری کی جانب سے جمعرات کو بھرپور ہڑتال کی گئی۔ شہر بھر کی تمام چھوٹی بڑی مارکیٹیں بند رہیں جبکہ کئی مقامات پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

عدلیہ میں مسائل ہیں، تمام سٹیک ہولڈرز کو ایک پیج پر آنا ہوگا، سندھ ہائیکورٹ

چیف سیکرٹری کو فوکل پرسن مقرر کرنے کا حکم، سندھ حکومت و دیگر فریقین سے 22 اپریل کو جواب طلب

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے کہا ہے کہ عدلیہ میں مسائل ہیں، انہیں حل کرنے کے لیے وکلاء اور تمام سٹیک ہولڈرز کو ایک پیج پر آنا ہوگا۔ سندھ ہائی کورٹ میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

دنیا دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کا ساتھ دے، محسن نقوی

پوری دنیا میں پاکستان واحد ملک ہے جس کے ہر طبقے نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں لازوال قربانیاں دی ہیں، وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ اقوام عالم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں بلا تاخیر پاکستان کا ساتھ دے، پاکستان کی سکیورٹی فورسز کی عظیم قربانیاں اقوام عالم کیلئے مثال ہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے برطانیہ کے وزیر برائے فیتھ اینڈ کمیونٹیز لارڈ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)



اسلام آباد: چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی سے وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی ملاقات کر رہے ہیں

عمران خان کی ضمانت کی درخواستوں پر سماعت ریکارڈ کی عدم دستیابی کی وجہ سے ملتوی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے 9 مئی کے آٹھ مقدمات میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

پنجاب حکومت کا فلم انڈسٹری کو پروموٹ کرنے کیلئے بڑا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے فلم انڈسٹری کو پروموٹ کرنے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)



اسلام آباد: چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی سپریم کورٹ میں فل کورٹ میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

9 مئی مقدمات میں ملزمان کے حقوق کا تحفظ کیا جائے گا، چیف جسٹس

قانون انسداد دہشتگردی عدالت میں مقدمات کی روزانہ سماعت کا کہتا ہے، وکیل کے اعتراض پر چیف جسٹس کے ریمارکس

عدالت کے 4 ماہ کے حکم سے ٹرائل اپ سیٹ ہوگا، وکیل، ٹرائل متعلقہ ہائیکورٹ اور انتظامی جج کا معاملہ ہے، چیف جسٹس

اسلام آباد (این این آئی) 9 مئی سے متعلق مقدمات کی سماعت کے دوران چیف جسٹس سپریم کورٹ نے ریمارکس دیے ہیں کہ 4 ماہ میں ٹرائل مکمل کرنے کے فیصلے میں ملزمان کے حقوق کا تحفظ کیا جائے گا۔ سپریم کورٹ آف پاکستان میں 9 مئی مقدمے کے سلسلے میں ضمانت منسوخی کیس کی سماعت کے دوران وکیل لطیف کھوسہ نے 4 ماہ میں ٹرائل مکمل کرنے کے حکم پر اعتراض کرتے ہوئے مؤقف اختیار کیا کہ کیا کبھی ایسا ہوا کہ 4 ماہ میں ٹرائل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

امریکی محکمہ خارجہ نے نیٹو کی فنڈنگ روکنے کی رپورٹس کو مسترد کر دیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی محکمہ خارجہ نے ان رپورٹس کو مسترد کر دیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

سعودی عرب، شاہ سلمان مرکز کی غزہ متاثرین کے لیے طبی امداد

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے شاہ سلمان امدادی مرکز کی جانب سے غزہ کے جنوبی مرکز میں اقوام متحدہ کی ریلیف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

سعودی عرب، مکہ مکرمہ میں فرضی حج کمپنی چلانے والا شہری گرفتار

ریاض (این این آئی) مکہ مکرمہ پولیس نے فرضی حج کمپنی اور جعلی مہم چلانے والے مقامی شہری گرفتار کر لیا گیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

سابق چیف جسٹس تصدق حسین جیلانی کیلئے امریکی یونیورسٹی کی جانب سے اعزاز کا اعلان

لاہور (این این آئی) امریکہ کی ڈیوک یونیورسٹی کے بولچ جوڈیشل انسٹیٹیوٹ نے پاکستان کے 21 ویں چیف جسٹس تصدق حسین جیلانی کو 2025 کے بولچ پرائز فار دی رول آف لا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر سونیا عاشر کا کیمپ جیل لاہور کا دورہ

بچوں کو دی جانیوالی سہولیات کا جائزہ، ایسٹر کے حوالے سے تحائف تقسیم کئے

لاہور (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری برائے انسانی حقوق سونیا عاشر نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی خصوصی ہدایات پر ایسٹر کی خوشیوں میں شرکت کے سلسلے میں کیمپ جیل لاہور کا دورہ کیا۔ ان کے ہمراہ ریورنڈ نولکھا پریسبیٹیرین چرچ، ڈاکٹر مجید ایبل، ڈائریکٹر انسانی حقوق محمد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)



لاہور: وزیر اعلیٰ کے پی کے علی امین گنڈاپور لاہور ہائیکورٹ میں بار ایسوسی ایشن کی تقریب میں شریک ہیں

خان صاحب کے پیچھے تمام لیڈرشپ متحد ہے، نعیم حیدر

ہمارا جو دفاع ہے ہماری جتنی بھی خارجہ پالیسی ہے وہ آزاد ہونی چاہیے، نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) رہنما تحریک انصاف نعیم حیدر پنجوتا کا کہنا ہے کہ خان صاحب کے پیچھے تمام لیڈرشپ متحد ہے اور ہماری جو ایفرٹس ہیں وہ صرف اور صرف اس لیے ہیں ہمارا ملک جو ہے اس کی سلامتی کے اوپر کوئی کمپرومائز نہیں ہے، ہمارا جو دفاع ہے ہماری جتنی بھی خارجہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)



وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ گوردوارہ کرتار پور صاحب میں منعقدہ مذہبی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

مارچ میں 4 ارب سے زائد ڈالرز کی ترسیلات ریکارڈ ہیں، خواجہ آصف

پیسے نہ بھیجنے کی شیخیاں مارنے والوں کو اپنی اوقات پتہ چل گئی نواز شریف کا حالیہ دورہ برطانیہ صحت کے حوالے سے ہے، وزیر دفاع

اوورسیز پاکستانیز کنونشن دنیا کے مختلف ممالک میں ہونا چاہیے، بیرونِ ملک آباد پاکستانی اپنے وطن سے بے پناہ محبت کرتے ہیں

لندن (این این آئی) وزیرِ دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پیسے نہ بھیجنے کی شیخیاں مارنے والوں کو اپنی اوقات پتہ چل گئی، مارچ میں 4 ارب سے زائد ڈالرز کی ترسیلات ریکارڈ ہیں۔ نواز شریف سے ملاقات کے لیے لندن آمد پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نواز شریف کا حالیہ دورہ برطانیہ صحت کے حوالے سے ہے۔ خواجہ آصف کا کہنا ہے کہ شہباز شریف کی قیادت میں ملک ترقی کی راہ پر چل پڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اوور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

جمہوریت کا تسلسل قومی ترقی و خوشحالی کی ضامن ہے: محمد احمد خان

ملک محمد احمد خان کی یورپی یونین کے پارلیمانی وفد سے اسمبلی چیمبر میں ملاقات کے موقع پر گفتگو

لاہور (خبر نگار) سپیکر ملک محمد احمد خان سے یورپی یونین کے پارلیمانی وفد کی اسمبلی چیمبر میں ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں پارلیمانی رابطوں کو فروغ دینے سمیت باہمی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)



لاہور: اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان سے یورپی یونین کے پارلیمانی وفد کے سربراہ ملاقات کر رہے ہیں

کب تک پاکستان کو لاقانون ریاست کے طور پر چلایا جائے گا؟، مسرت جمشید چیمہ

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

پنجاب حکومت نے 3 افسران کے تقرر و تبادلے کر دیئے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 3 افسران کے تقرر و تبادلوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

وساکھی فیسٹیول 2025ء، لاہور پولیس کے سکھ یاتریوں کے لئے بھرپور سکیورٹی انتظامات

لاہور (این این آئی) سربراہ لاہور پولیس بلال صدیق کمیانہ نے وساکھی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

وفاقی وزیر کیخلاف قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ رکھتے، بیرسٹر سیف

وزیر اعلیٰ پر جھوٹے اور من گھڑت الزامات لگائے ہیں، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے مائنز اینڈ منرلز بل کے حوالے سے کسی کاغذ پر دستخط نہیں کیے

وفاق کے ساتھ کسی قسم کا معاہدہ نہیں ہوا، مائنز اینڈ منرلز بل، وفاق اور ایس آئی ایف سی سے ڈکٹیشن کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، مشیر اطلاعات

پشاور (این این آئی) ترجمان پختونخوا حکومت بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ مائنز اینڈ منرلز بل پر وفاقی حکومت اور ایس آئی ایف سی سے ڈکٹیشن لینے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اپنے بیان میں مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا ڈاکٹر سیف نے وفاقی وزیر پیٹرولیم کے بیان پر سخت ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے نجی ٹی وی پروگرام میں وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا پر جھوٹے اور من گھڑت الزامات لگائے ہیں۔ بیرسٹر سیف نے کہا کہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)



لاہور: معاون خصوصی وزیر اعلیٰ پنجاب راشد اقبال نصر اللہ گنج بخش، راوی، شالیمار اور سمن آباد زونز کا ہنگامی دورہ کر رہے ہیں

ہفت روزہ قوت لاہور
سٹی نیوز

چین اور کمبوڈیا کے تعلقات بہترین نمونہ ہیں، چینی سفیر

نوم پنھ (شھوا) کمبوڈیا میں چین کے سفیر وانگ وین بن نے کہا ہے کہ چین اور کمبوڈیا کے درمیان دوستانہ اور قریبی تعاون ایک ایسے معاشرے کی تعمیر کے لئے ایک نمونہ بن گئے ہیں جس میں انسانیت کے مشترکہ مستقبل اور بین الاقوامی تعلقات کی ایک نئی جہت بھی ہے۔ وانگ نے شھوا کے ساتھ ایک تحریری انٹرویو میں کہا کہ چینی صدر شی جن پھنگ اور کمبوڈیا کے رہنماؤں کی تزویراتی رہنمائی کے تحت مشترکہ مستقبل کے حامل چین۔کمبوڈیا معاشرے کی تعمیر اعلیٰ معیار اور اعلیٰ سطح کے ایک نئے دور میں داخل ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین اور کمبوڈیا نے 1958 میں سفارتی تعلقات قائم کئے تھے اور چین اور کمبوڈیا کے رہنماؤں کی طرف سے فروغ پانے والی ان کی روایتی دوستی مسلسل ترقی کر رہی ہے مختلف معاشرتی نظاموں اور مختلف ممالک کے مابین باہمی احترام اور مساوی سلوک کا نمونہ بن گئی ہے۔ چینی سفیر نے کہا کہ حالیہ برسوں میں دونوں ممالک کے سربراہ رہنماؤں کی تزویراتی رہنمائی میں ان کے دوستانہ اور قریبی تعاون میں مسلسل اضافہ دیکھا گیا ہے۔سب سے پہلے علاقائی جامع اقتصادی شراکت داری (آر سی ای پی) آزاد تجارتی معاہدے اور چین۔کمبوڈیا آزاد تجارتی معاہدے (ایف ٹی اے) کی بدولت دو طرفہ تجارت میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ چین مسلسل 13 سالوں سے کمبوڈیا کا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار رہا ہے اور 2024 میں دو طرفہ تجارت 83.17 ارب امریکی ڈالر تک پہنچ گئی جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 7.20 فیصد زیادہ ہے۔ دوسرا سرمایہ کاری کے شعبے میں تعاون میں اضافہ ہو رہا ہے۔ چین مسلسل 13 سالوں تک کمبوڈیا میں غیر ملکی سرمایہ کاری کا سب سے بڑا ذریعہ رہا ہے۔

چین کی بیرونی تجارت محصولاتی رکاوٹوں کے باوجود برق رفتاری سے رواں دواں

بیجنگ (شھوا) محصولات کے جھٹکوں کے باوجود چین کے مشرق میں واقع بڑی دو بین الاقوامی تجارتی منڈی میں بیشک طرح طرح کی مشکلات کا شکار ہے جہاں خریدار ہر خریداری میں بہت زیادہ احتیاط برت رہے ہیں اور بات چیت کرنے اور آرڈر دینے سے پہلے ہر چیز کو پرائس ٹیگ لگانے والے شہری دو ہی چیزوں پر زور دیتے ہیں۔ڈیجیٹل صوبے میں واقع دنیا کی سپر مارکیٹ کہلانے والے شہر ہی دو میں چھوٹے کاروباروں کے نیرف میں اضافے کے باوجود غیر معمولی استحکام اور مضبوطی کا مظاہرہ کیا ہے۔مارکیٹ میں ایک دکاندار نے کہا کہ ہی دو میں عالمی کاروبار کر رہے ہیں اور ہماری تجارت چند ممالک یا خطوں سے متاثر نہیں ہوئی۔تجارتی منڈی میں سروے کے مطابق امریکہ سے تجارت کرنے والے 3 ہزار سے زائد تاجروں میں سے صرف تقریباً 100 تاجر براہ راست امریکی خریداروں کے ساتھ کاروبار کر رہے ہیں۔عالمی تجارتی ظل کے شہر چھوٹے تاجروں کو نیرف کے مختلف سے نمٹنے کے لئے متواتر فعال اقدامات کئے ہیں جن میں متاثی فروخت کے ذرائع کو جدید منوعات کے ذریعے فروغ دیتے ہوئے بیرونی منڈیوں تک رسائی کو وسعت دینا شامل ہے۔گزشتہ 2 مہینوں سے دونوں چینی وزیر تجارت وانگ وین تاؤنے مالیشیا، جنوبی افریقہ اور سعودی عرب سمیت کئی ممالک کے سینئر حکام سے ملاقاتیں کیں جس میں انہوں نے عالمی اقتصادی نمیر تعینی کے دوران تعاون اور روابط بڑھانے پر زور دیا۔

چینی صدر کی مشترکہ مستقبل کے حامل چین-ملائیشیا معاشرے کے قیام کے لئے 3 نکاتی تجاویز

چین اور ملائیشیا دونوں خود انحصاری اور طاقت کو برقرار رکھنے میں اور بیرونی مداخلت کی سختی سے مخالفت کرتے ہیں



پترا جایا (شھوا) چین کے صدر شی جن پھنگ نے مشترکہ مستقبل کے حامل ایک اعلیٰ سطح کے تزویراتی چین۔ ملائیشیا معاشرے کے قیام کے لئے 3 نکاتی تجاویز پیش کی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ملائیشیا کے وزیر اعظم انور ابراہیم کے ساتھ ایک تحریری ملاقات کے دوران کیا۔ سب سے پہلے شی جن پھنگ نے دونوں ممالک پر زور دیا کہ وہ تزویراتی خودمختاری کو مضبوط کرنے اور ایک دوسرے کی آزادی کی پائیداری کی حمایت اور اعلیٰ سطح کی تزویراتی باہمی اعتماد کو مزید گہرا کریں۔ شی جن پھنگ نے کہا کہ چین اور ملائیشیا دونوں خود انحصاری اور طاقت کو برقرار رکھنے میں اور بیرونی مداخلت کی سختی سے مخالفت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کو ایک قوی حالات کے مطابق ترقیاتی راستوں پر گامزن رہنے، خودکفیل، سلامتی اور تزویراتی مفادات کے تحفظ میں ایک دوسرے کی مضبوط حمایت کرنے اور اپنے متعلقہ ترقیاتی راستوں اور اپنے اپنے متعلقہ بنیادی مفادات کے تحفظ کے لئے مل کر کام جاری رکھنا چاہئے۔ شی جن پھنگ نے دونوں فریقوں پر زور دیا کہ وہ ۔غارت کاری اور قوی دفاع پر 2+2 کے لئے طریقہ کار کا قائم کریں تاکہ قومی سلامتی، دفاع اور قانون کے نفاذ پر تبادلوں اور تعاون کو مضبوط کیا جا سکے۔ شی جن پھنگ نے کہا کہ دوسرا، چین اور ملائیشیا کو ترقی کے لئے ہم آہنگی پیدا کرنی چاہئے اور اعلیٰ معیار کے ترقیاتی تعاون کے لئے ایک قومی تعاون کا فروغ کرنا چاہئے۔ شی جن پھنگ نے کہا کہ دونوں ممالک کو

وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین کا بابا گرانڈ اسلام پورہ میں زیر زمین واٹر کینک کا افتتاح

تمام تعمیراتی کام میں اعلیٰ معیار اور جدید ٹیکنالوجی کو یقینی بنایا جائے تاکہ منصوبہ طویل المدتی فوائد فراہم کر سکے: بلال یاسین

لاہور (صابر گھوری) وزیر ہاؤسنگ اینڈ ڈویلپمنٹ بلال یاسین نے کہا ہے کہ پنجاب کے ہر شہری کو صاف پانی تک رسائی کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے، ہمارا مقصد آبادیوں کے نیچے آبی ذخائر کو محفوظ بنانا ہے تاکہ آئندہ نسلیں بھی صاف پانی سے مستفید ہو سکیں۔ یہ بات انہوں نے بابا گرانڈ اسلام پورہ میں زیر زمین واٹر کینک کا افتتاح کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل واسا انجینئر شاہد منیر، ڈائریکٹر آپریشنز انجینئر عمران ظفر، ایکسین انجینئر ذوالفقار علی، ایس ڈی او انجینئر عبدالرحمان، ایس ڈی او انجینئر عبدالرحمان، ایس ڈی او انجینئر عبدالرحمان

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 18 اپریل 2025ء

غزہ میں جاری انسانیت سوز مظالم ہم سب کے لیے لمحہ فکریہ ہیں

حافظ سعد رضوی

اسرائیل کھلم کھلا دہشتگردی گردی اور نسل کشی کر رہا ہے: ڈیڑھ ارب سے زائد مسلمان اور 57 اسلامی ممالک کے سربراہان خاموش تماشائی بنے بیٹھے ہیں، سربراہ تحریکِ لبیک پاکستان

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) مرکزی امیر تحریک لبیک پاکستان حافظ محمد سعد رضوی اور مرکزی نائب امیر پیر سید ظہیر الحسن شاہ بخاری نے کہا ہے کہ غزہ میں جاری انسانیت سوز مظالم ہم سب کے لیئے لمحہ فکریہ ہیں، اسرائیل کھلم کھلا دہشتگردی گردی اور نسل کشی کر رہا ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا کے ساتھ گفتگو ہوئے کیا۔ اس موقع پر ضلعی امیر گوجرانوالہ نصیر احمد تجہ اور ضلعی ناظم اعلیٰ مولانا یعقوب رضوی و دیگر بھی ہمراہ ہیں۔

انہوں نے مزید کہا کہ ڈیڑھ ارب سے زائد مسلمان اور 57 اسلامی ممالک کے سربراہان خاموش تماشائی بنے بیٹھے ہیں، تحریک لبیک پاکستان، حکومت پاکستان اور عالم اسلام سے اس وحشت ناک ظلم وستم کو فوری رکوانے کا مطالبہ کرتی ہے، اس سلسلہ میں تحریک لبیک پاکستان یکم مئی 2025ء بروز جمعرات دن 10 بجے لبیک یا اقصیٰ مارچ کا انعقاد کرنے جارہی ہے، یہ ملین مارچ فیض آباد سے شروع ہو کر امریکی سفارتخانہ اسلام آباد پر اختتام پزیر ہوگا، یہ پر امن لبیک یا اقصیٰ مارچ ثابت کردیگا کہ پاکستان غزہ کے مظلوم مسلمانوں کو تنہا نہیں چھوڑے گا، تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے پاکستانیوں سے بھرپور شرکت کی اپیل کی جاتی ہے، آئیں عالم کفر کو یہ بتادیں کہ ہم اپنے مظلوم فلسطینی بھائیوں کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، ہم ہر حال میں غزہ کے مظلوم مسلمانوں کا ساتھ دینگے، پورا پاکستان اس مارچ میں شرکت کی بھرپور تیاری کرے۔



کسانوں کے ساتھ ناروا سلوک بند کیا جائے: علی شہزاد اسلم بھٹی

گندم کاشت کرتے وقت کاشتکاروں نے مہنگی کھاد اور ادویات خریدی ہیں



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) کسانوں کے ساتھ ناروا سلوک نہ کیا جائے گندم کاشت کرتے وقت کاشتکاروں نے مہنگی کھاد اور ادویات خریدی ہیں تک ان کو کسی نے نہیں پوچھا آج جب ان کو پھل ملنے کا وقت آیا ہے تو منہ موڑ لیا گیا ہے کسان ملکی معیشت کی بحالی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں ان کے ساتھ کوئی بھی زیادتی قابل قبول نہیں ہے ان خیالات کا اظہار سیاسی وسماجی شخصیت چوہدری علی شہزاد اسلم بھٹی نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ کسان کی گندم سونے کی طرح نظر آتی ہے لیکن جب اسے اس کی قیمت ادا نہیں کی جاتی تو وہ دلبرداشتہ ہو کر فصل اگانا چھوڑ دیتا ہے اس سے قحط کا خطرہ پیدا ہو جاتا ہے ملک پہلے ہی بحرانوں کا شکار ہے ایسے میں کسانوں کے ساتھ زیاتی معیشت کو مزید ڈبو دے گی۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ملاوٹ مافیا کے خلاف تابڑ توڑ کارروائیاں جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ملاوٹ مافیا کے خلاف تابڑ توڑ کارروائیاں جاری ہیں۔ حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی، ورکرز کے میڈیکل سکریننگ سرٹیفکیٹس کی عدم موجودگی، خوراک تیار کرنے والی جگہ پر چوہوں کی غلاظت کی موجودگی کی وجہ سے ایک فوڈ پوائنٹ اور ایک بیکری پوائنٹ سیل کر دیا گیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز پنجاب فوڈ اتھارٹی ڈاکٹر محمد قاسم رضا نے بتایا کہ 90 لیٹر ملاوٹی دودھ، 34 کلو سے زائد ایکسپائر اشیاء، 20 لیٹر ایکسپائر ڈولڈا ڈرنکس اور 2 کلو ممنوع جانچیہ سالٹ بھی تلف کر دیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ شہر بھر میں فوڈ سیفٹی ٹیموں نے 127 انسپکشنز کی، کیس اور قوانین کی خلاف ورزی پر مجموعی طور پر ایک لاکھ روپے کے بھاری جرمانے عائد کیے گ

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد کا بریلی مٹھائی سے متاثرہ بچوں کی تیمارداری کیلئے چلڈرن ہسپتال لاہور کا دورہ

تمام متاثرہ بچوں کی فرداً فرداً خیریت دریافت کرتے ہوئے انکے اہلخانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا، ضلعی انتظامیہ اس افسوسناک واقعہ پر مسیحی خاندانوں کے دکھ، درد میں شامل ہے: ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے زہریلی مٹھائی کھانے سے متاثرہ بچوں کی تیمارداری کے لیے چلڈرن ہسپتال لاہور کا دورہ کیا۔ جہاں انہوں نے تمام متاثرہ بچوں کی فرداً فرداً خیریت دریافت کرتے ہوئے انکے اہلخانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق کا کہنا تھا کہ تمام بچوں کی حالت پہلے سے بہتر ہے۔ چلڈرن ہسپتال لاہور کے اسپیشلسٹ ڈاکٹروں کی ٹیم بچوں کا علاج معالجہ کر رہی ہے۔ تمام بچوں کو ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ہر قسم کے بہتر اور معیاری علاج معالجہ کی تمام سہولیات فراہم کی جارہی ہیں اور اُمید ہے کہ تمام بچے صحت یاب ہو کر جلد گھر واپس آجائینگے۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ ضلعی انتظامیہ اس افسوسناک واقعہ پر مسیحی خاندانوں کے دکھ، درد میں شامل ہے اور مشکل کی اس گھڑی میں ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کے تمام افسران انکے ساتھ کھڑے ہیں اور انہیں کسی صورت بھی تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ انکا کہنا تھا کہ ہسپتال میں زیر علاج بچوں کو علاج معالجہ کی بہتر سے بہتر سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ متاثرہ بچوں کے علاج معالجہ اور انکے اہلخانہ کی ہر قسم کی معاونت جاری رہے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ ضلعی انتظامیہ حافظ آباد اور محکمہ صحت کے افسران و ڈاکٹرز تمام متاثرہ بچوں کی دیکھ بھال کے لیے چلڈرن ہسپتال لاہور میں موجود ہوتے ہیں۔

اوورسیز پاکستانیز کانفرنس سے پاکستان میں غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ ہوگا

بیرون ممالک بسنے والے پاکستانیوں کا حکومتی معاشی اصلاحات پر اعتماد بڑھا ہے: امجد نذیر بٹ

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مرکزی انجمن تاجران کے صدر امجد نذیر بٹ نے کہا ہے کہ اوورسیز پاکستانیز کانفرنس کے کامیاب انعقاد سے پاکستان میں غیر ملکی زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ ہوگا بیرون ممالک بسنے والے پاکستانیوں کا حکومتی معاشی اصلاحات پر اعتماد بڑھا ہے جس کا فائدہ سرمایہ کاری کے فروغ کی شکل میں حاصل ہوگا وزیر اعظم شہباز شریف کے معاشی اقدامات کی تکمیل کیلئے آرمی چیف جنرل عاصم منیر کا کردار بھی سراہے جانے لائق ہے جو ملک میں پائیدار قیام امن یقینی بنا کر غیر یقینی و مایوسی کا خاتمہ کر رہے ہیں، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے امجد نذیر بٹ نے کہا کہ وقت نے ایک بار پھر ثابت کیا ہے کہ (ن) لیگ ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت ہے جس کا وژن عوامی خدمت ہے، وقت نے ثابت کیا ہے کہ تمکی ترقی و خوشحالی (ن) لیگ کی مرہون منت ہے، پی ٹی آئی اقتدار سے محرومی کے باعث بوکھلاہٹ کا شکار ہے، منفی سیاست کی وجہ سے لوگ پی ٹی آئی سے نفرت کرنے لگے ہیں تحریک انصاف اپنی عوامی مقبولیت کھو چکی ہے اس کا وجود جلد ملکی سیاست سے ختم ہوجائے گا کیونکہ عوام خدمت کی سیاست کا فروغ چاہتے ہیں۔

ڈی پی او آفس میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او آفس میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں ایس پی انوسٹی گیشن ملک طارق سکھا کی شاندار خدمات کے اعتراف میں انہیں الوداع کہا گیا۔ ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی و دیگر سینئر پولیس افسران کی بڑی تعداد تقریب میں موجود تھی۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کے بعد مختلف افسران نے ایس پی انوسٹی گیشن کی پیشہ ورانہ خدمات اور مثالی قیادت کو خراج تحسین پیش کیا۔ ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے اپنے خطاب میں کہا کہ ایک اچھے افسر کا جانا ہمیشہ ادارے کے لیے ایک خلا چھوڑ جاتا ہے، ہم ان کی خدمات کو سلام پیش کرتے ہیں اور ان کی آئندہ تعیناتی کے لیے نیک تمنائیں رکھتے ہیں۔

صفائی ستھرائی میں گوجرانوالہ ضلع کا پنجاب میں پہلے نمبر پر آنا بڑا اعزاز ہے: کمشنر

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) کمشنر سید نوید حیدر شیرازی کو وزیر اعلیٰ پنجاب کے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت جاری حجاوزات کے خلاف مہم میں پنجاب بھر میں بہتر نگرانی، توجہ اور محنت سے گوجرانوالہ ضلع کا پنجاب میں پہلے نمبر پر آنا ایک بہت بڑا اعزاز ہے جس کے اعزاز میں کامسٹ فورم گوجرانوالہ کے صدر چوہدری ارشاد اللہ سندھو نے بہتر کارکردگی کی بنا پر سنیئر کالم نگاروں محمد محمد امین، ڈی ایس پی غلام عباس ناصر اقبال مہر اور طارق محمود مغل کے ہمراہ کامسٹ فورم گوجرانوالہ کی طرف سے کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی کو بیسٹ پرفارمنس ایکسیکیوٹو ایوارڈ دیا گیا اور انکی بہترین خدمات کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا مبارکباد پیش کی اور شیلڈ بھی پیش کی گئی۔

گلہ گجراں نزد جناح اسٹیڈیم میں صفائی کے مخدوش حالات

جوڑے کے ڈھیروں پر بلا روک ٹوک نشئی سرعام نشہ کرتے ہیں۔ علاقہ مکین

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) انتظامیہ کی نااہلی کہیں یا مجرمانہ غفلت کا مظاہرہ سیالکوٹ جناح اسٹیڈیم اوور ہیڈ کے پاس گلہ گجراں میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کی نااہلی کیوجہ سے کوڑے کرکٹ کے ڈھیروں پر بکھی مچھر کی بہتات واضافہ تو کہیں ابلتے گٹر میونسپل کارپوریشن سیالکوٹ کی کارکردگی پر سوالات اٹھا رہی ہے۔ دوسری جانب کوڑا کرکٹ پر دن اور رات کے اوقات میں نشئی سرعام سر جوڑے نشہ کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ علاقہ مکین اور ورکشاپ و دوکاندار پریشان تو کہیں دوکاندار و ورکشاپ مالکان گندگی و غلاظت سے بھرپور کچرہ کنڈی کا رونا روتے دکھائی دے رہے ہیں۔ انکا کہنا ہے کہ کسٹمر بھی اس تعفن زدہ ماحول میں آنے سے گریز کرنے لگے ہیں شہریوں کیجانب سے ارباب اختیار سے ایکشن لینے کی اپیل۔

قیامت سے قبل قیامت قائم ہے ہر کوئی اپنی دنیا میں مگن ہے: شہباز احمد

اگر ہم فلسطین جیسے مسئلے پر ایک نہیں ہوسکے تو کسی مسئلے پر نہیں ہوسکیں گے



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) قیامت سے قبل قیامت قائم ہے ہر کوئی اپنی دنیا میں مگن ہے اگر ہم فلسطین جیسے مسئلے پر ایک نہیں ہوسکے تو کسی مسئلے پر نہیں ہوسکیں گے اسلام مخالف قوتیں مسلمانوں کے خلاف ایک ہوگئیں مگر افسوس کہ مسمان ایک نہ ہوسکے یہودی ہمیں ایک ایک کرکے کاٹ رہے ہیں ڈیڑھ ارب مسلمانوں پر حکومت کرنے والے بے حس حکمران فلسطینیوں کا تماشہ دیکھ رہے ہیں ان خیالات کا اظہار سابق صدر امن کمیٹی شہباز احمد کڑھائی والے نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ حکومت پاکستان بھی صرف مذمت تک محدود ہے لیکن مذمت مرمت کی ضرورت ہے ایٹمی قوت ہونے کا کوئی فائدہ نہیں ہے قبلہ اول کی حفاظت ہمارا اولین فریضہ ہے ایسی ایٹمی طاقت کو کیا کرنا ہے جو ہمارا دفاع نہ کرسکے حکومت پاکستان جرآت اور غیرت کا مظاہرہ کرتے ہوئے اسرائیل اور اس کے حواریوں کو سخت پیغام دے۔

محکمہ لائیوسٹاک کی طرف سے دیہی غریب مطلقہ/ بیوہ خواتین کے لیے ایک روزہ تربیتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا

تقریب کے آخر میں میں شریک خواتین نے پنجاب گورنمنٹ کی اس سکیم کو سہراتے ہوئے کہا کہ بلاشبہ پنجاب گورنمنٹ کی اس سکیم سے ان تمام دیہی خواتین کو فائدہ ہوگا



میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر 10 ارب روپے کی خطیر رقم سے جنوبی پنجاب کی دیہی خواتین کو معاشی طور پر مستحکم کرنے کے لیے شروع کیے گئے منصوبہ جنوبی پنجاب کی دیہی خواتین میں لائیوسٹاک اثاثہ جات کی منتقلی کے تحت تحصیل میاں چنوں کی وہ تمام خواتین جنہیں درج بالا سکیم کے تحت مفت جھوٹیاں اور دیہاڑیاں تقسیم کی گئی تھیں انہیں جانوروں کی نسل، خوراک اور دیکھ بھال کے متعلق آگاہی فراہم کرنے کے لئے ڈپٹی ڈائریکٹر لائیوسٹاک میاں چنوں ڈاکٹر حافظ محمد جاوید اقبال کے زیر انتظام ایک روزہ تربیتی ورکشاپ کا اہتمام میونسپل کمیٹی کے زیر ہال میں کیا گیا۔ مہمان خصوصی ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیوسٹاک خانیوال ڈاکٹر احسان الحق نے تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب حکومت کی اس سکیم سے دیہی خواتین نہ صرف معاشی طور پر مستحکم ہوں گیں بلکہ ان کی نسلی کے لیے دودھ کی شکل میں قدرتی اور خاص خوراک کی دستیابی بھی یقینی طور پر ممکن ہوگی، لیڈی ویٹرنری آفیسر ڈاکٹر علیزہ نے خواتین سے جانوروں کے متعلق مختلف امور پر تفصیلی گفتگو بھی کی، ڈاکٹر محمد ناصر ویٹرنری آفیسر نے جانوروں کی مختلف بیماریوں سے بچاؤ کے حوالے سے حفاظتی ٹیکہ جات کی اہمیت پر زور دیا، پروگرام کے میزبان ڈاکٹر حافظ محمد جاوید اقبال نے اس تربیتی پروگرام کے انعقاد پر تمام شرکاء، عملہ لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ تحصیل میاں چنوں اور میڈیا کے دوستوں کا شکریہ ادا کیا، تقریب کے آخر میں میں شریک خواتین نے پنجاب گورنمنٹ کی اس سکیم کو سہراتے ہوئے کہا کہ بلاشبہ پنجاب گورنمنٹ کی اس سکیم سے ان تمام دیہی خواتین کو فائدہ ہوگا۔

حافظ آباد کی مبارک کالونی میں گندا پانی کھڑا ہونے سے علاقہ مکین گھروں میں محبوس ہو کر رہ گئے

علاقہ مکین مقامی انتظامی افسران کے ساتھ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے ستھرا پنجاب پروگرام کا ماتم کرنے لگے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد کی مبارک کالونی میں گندا پانی کھڑا ہونے سے علاقہ مکین گھروں میں محبوس ہو کر رہ گئے جبکہ مسلسل پانی کھڑا رہنے سے مسجد کو بھی تالے لگ گئے۔ علاقہ مکین مقامی انتظامی افسران کے ساتھ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے ستھرا پنجاب پروگرام کا ماتم کرنے لگے۔ مبارک کالونی کے مکینوں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ انکی گلیاں اور سڑکیں گندے، بدبودار پانی سے بھری ہوئی ہیں جبکہ پورے علاقے میں مچھروں، ڈینگی، ہیضہ اور دیگر وبائی امراض نے ڈیرے ڈال لیے ہیں۔ لیکن ہ مقامی حکومتی نمائندے، ضلعی انتظامیہ اور حکومتی پارٹی کے عہدیدار اس سنگین صورتحال کو دیکھ کر بھی بے حس بنے ہوئے ہیں۔ متعدد بار ضلعی انتظامیہ اور ڈپٹی کمشنر خود بھی اس علاقے کا دورہ کر چکے ہیں، مگر آج تک یہاں پر نکاسی آب کا کوئی انتظام نہیں کیا جاسکا ہے۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ اگر اب بھی فوری طور پر نکاسی آب کا موثر بندوبست نہ کیا گیا، اور علاقے کی صفائی نہ کروائی گئی تو وہ سڑکوں پر نکل کر احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے۔

گورنمنٹ ہائی سکول میں نہم، دہم جماعت کا امتحانی مرکز بننے سے اہل علاقہ خوش

مقامی سکول میں امتحانی مرکز بننے سے ہمارے طلبا کو دور دراز نہیں جانا پڑتا: اہل علاقہ

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) گورنمنٹ ہائی سکول چک نمبر 259 رب گروسر میں نہم، دہم جماعت کا امتحانی مرکز بننے سے اہل علاقہ خوش ہو گئے، چک نمبر 259 رب گروسر کا سرکاری ہائی سکول عرصہ دراز سے امتحانی مرکز سے محروم تھا، اہل علاقہ اور مقامی سکول کے اساتذہ کی بدولت سکول میں نہم، دہم جماعت کا امتحانی مرکز بنا، طلبا و طالبات کو تمام سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جارہا ہے جس پر اہل علاقہ کی جانب سے فیصلے کو خوش آئند قرار دیا گیا۔ اہل علاقہ کا کہنا تھا کہ ہمارے بچے، بچیوں دور دراز علاقوں کے امتحانی سنٹرز میں امتحان دینے جاتے تھے اب تمام پیپرز گورنمنٹ ہائی سکول میں لئے جارہے ہیں، جس کی وجہ سے ہماری طلبا کو دور دراز کے علاقوں کے سکولوں میں جانا نہیں پڑتا۔





کمشنر مریم خان کا ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر کے ہمراہ چلڈرن ہسپتال کا تفصیلی دورہ

حکومت پنجاب کی جانب سے فراہم کی جانے والی ادویات کا ریکارڈ بھی طلب کرلیا، ہسپتال میں جاری اپ گریڈیشن کا بھی وزٹ

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی طرف سے سرکاری ہسپتالوں میں ہیلتھ انڈیکیٹرز پر مبنی ریٹنگ سسٹم یقینی بنانے کے احکامات پر ڈویژنل انتظامیہ نے سرکاری ہسپتالوں کے سرپرائز وزٹ شروع کر دیئے۔ کمشنر مریم خان نے اس ضمن میں ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر کے ہمراہ چلڈرن ہسپتال کا تفصیلی دورہ کیا اور وہاں پر ادویات کی دستیابی، ڈاکٹروں کی حاضری، صفائی کی صورتحال چیک کی۔ انہوں نے ہسپتال میں نصب ایل ای ڈیز پر دستیاب ادویات کی معلومات اور ڈاکٹروں کے ڈیوٹی روسٹر کا معائنہ کیا۔ انہوں نے سروس ڈیلیوری پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے ریومیٹک کا کام ڈیڈ لائن میں مکمل کرنے کی ہدایت کر دی۔ کمشنر نے ایم ایس چلڈرن ہسپتال کو انتظار گاہوں میں بنچز کی تعداد بڑھانے کے بھی احکامات دیئے۔ انہوں نے حکومت پنجاب کی جانب سے فراہم کی جانے والی ادویات کا ریکارڈ بھی طلب کرلیا۔ مریم خان نے چلڈرن ہسپتال میں جاری اپ گریڈیشن کے کام بارے بریفنگ بھی لی، ان کا اس موقع پر کہنا تھا کہ ہسپتال میں دستیاب وسائل کے مطابق سروس ڈیلیوری کو بہتر کیا جائیگا۔ ڈاکٹرز کی کمی بارے محکمہ صحت حکومت پنجاب سے بات کی جائیگی کمشنر کا کہنا تھا کہ چلڈرن ہسپتال کو 314 سے 450 بیڈز پر اپ گریڈ کرنے کے منصوبہ پر کام تیزی کیساتھ جاری ہے، جن شعبہ جات کی ریومیٹک کا کام مکمل ہوگیا ہے انہیں جلد فنکشنل کیا جائے۔ اس موقع پر ایم ایس نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ چلڈرن ہسپتال میں اپ گریڈیشن اور ریومیٹک کا 80 فیصد سے زائد کام مکمل کرلیا گیا ہے۔



گڈ فرائی ڈے پر فلسطینیوں کے حق میں دعائیہ تقریب ہوگی: بشپ ڈاکٹر اندریاس

فلسطین کی بحالی اور غزہ کی آبادکاری سمیت غزہ میں جنگ بندی کی بھرپور حمایت کا اعلان کرتے ہیں: مشترکہ اعلامیہ



فیصل آباد (الیاس انجم چٹھہ) بشپ ڈاکٹر اندریاس رحمت، فادر خالد رشید عاصی، فادر خالد مختار نے کہا کہ گڈ فرائی ڈے کے مقدس تہوار کے موقع پر بشپ ہاؤس اور ڈایوسیس کے تمام چرچز میں فلسطینوں کی بحالی اور جنگ بندی کے لئے خصوصی دعائیں کی جائیں گی ہم فلسطین کی بحالی اور غزہ کی آبادکاری سمیت غزہ میں جنگ بندی کی بھرپور حمایت کا اعلان کرتے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ پاپائے اعظم کی خصوصی ہدایت پر گڈ فرائے ڈے کی عبادات میں فلسطین کی بحالی اور جنگ بندی کے لئے خصوصی دعائیں کی جائیں انہوں نے کہا کہ ہم یسوع مسیح کی تعلیمات کی روشنی میں انسانی حقوق کی بحالی، امن و استحکام، مذہبی ہم آہنگی کے قیام پر زور دیتے ہیں ہم چاہتے ہیں کہ پاکستان، فلسطین اور دنیا بھر میں امن قائم ہو تاکہ پوری دنیا میں بے انصافی، تعصب، امتیازی قوانین سمیت تمام برائیوں کا خاتمہ ہو ہم افواج پاکستان سمیت حکومتی اداروں کے ساتھ کھڑے ہیں ہم وزیر اعظم شہباز شریف سے اپیل کرتے ہیں کہ مسیحیوں سمیت اقلیتوں کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

عیدالاضحیٰ پر شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کیلئے تمام محکمے لائحہ عمل تیار کریں: شفیق احمد ڈوگر

قربانی کے جانوروں کی باقیات کو اٹھانے کے لئے سکواڈ تشکیل دیے جائیں: ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سرا سے) ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر نے کہا ہے کہ عیدالاضحیٰ پر شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لئے تمام متعلقہ محکمے لائحہ عمل تیار کریں، گلی محلوں میں جانور ذبح کرنے کی بجائے شہر میں چند مقامات مختص کئے جائیں، سلاٹرنگ پوائنٹس پر پانی، چھریوں سمیت دیگر سہولیات کا رپوریشن فراہم کرے، شفیق احمد ڈوگر نے وہ یہاں کمشنر آفس ساہیوال میں عید الاضحیٰ کے موقع پر شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے حوالے سے ایک خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں میونسپل کارپوریشن، لائیوسٹاک، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ شفیق احمد ڈوگر نے کہا کہ مختص پوائنٹس کے علاوہ گلی محلوں میں جانور ذبح کرنے کی ہرگز اجازت نہ ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ گلی محلوں میں جانور ذبح کرنے سے نہ صرف شہری تعفن برداشت کرتے ہیں بلکہ اس سے شہر کی عمومی صفائی بھی متاثر ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قربانی کے جانوروں کی باقیات کو اٹھانے کے لئے سکواڈ تشکیل دیے جائیں اور باقیات کی شہر سے ڈمپنگ سائٹ تک منتقلی کا پلان بھی وضع کیا جائے۔

ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کی صدارت پولیو مہم کا جائزہ لینے کیلئے اجلاس کا انعقاد

عالمی ادارہ صحت کے نمائندوں سے مسلسل رابطہ رکھا جائے: ڈپٹی کمشنر

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلع میں 21 اپریل سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کے مانیٹرنگ پلان کا جائزہ لینے کے لئے ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کی صدارت میں مسلسل دوسرا اجلاس منعقد ہوا جس میں سی ای او ہیلتھ نے انتظامات پر بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے یو سی ایم اوز اور ایریا انچارجز کی آگاہی کے لئے مہم سے قبل بھرپور سیشنز کے انعقاد کی ہدایت کی اور کہا کہ اسسٹنٹ کمشنرز ہیلتھ اتھارٹی کے افسران کے ہمراہ میٹنگ میں شریک ہوں اور ٹیموں کو مہم کی کامیابی میں مشنری جذبے کے تحت کام کرنے کا پیغام دیں جبکہ عالمی ادارہ صحت کے نمائندوں سے مسلسل رابطہ رکھا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ مہم کے دوران پانی رسک یونین کونسلز پر فوکس کریں اور مائیکرو پلاننز قابل عمل اور اسکے مطابق عملدرآمد میں کوئی نرمی نہیں آنی چاہیے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پانچ سال تک کی عمر کے 100 فیصد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے ہیں اور مہم کی کامیابی ترجیح ہے۔



نوتعینات لیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر رمضان بٹ کی مرکزی پریس کلب رائیونڈ کو چائے کی دعوت

دفتر آمد پر پریس کلب رائیونڈ کے اراکین کا گرم جوشی سے استقبال کیا اور بہترین مہمان نوازی کرتے ہوئے مٹھائی ٹھنڈے مشروبات اور چائے سے تواضع کی



رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) نو تعینات لیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر رمضان بٹ کی مرکزی پریس کلب رائیونڈ کو چائے کی دعوت نئے لیسکو چیف ایگزیکٹو لیسکو رمضان بٹ نے مرکزی پریس کلب رائیونڈ کے اراکین کو اپنے دفتر چائے پر مدعو کیا دفتر آمد پر پریس کلب رائیونڈ کے اراکین کا گرم جوشی سے استقبال کیا اور بہترین مہمان نوازی کرتے ہوئے مٹھائی ٹھنڈے مشروبات اور چائے سے تواضع کی، ملاقات میں سرپرست اعلیٰ مرکزی پریس کلب حاجی محمد سرور گجر، چیرمین عبدالرحمن رامے، چیف ایگزیکٹو سید ظفر ساجد ڈپٹی چیئرمین سید قمر جعفری، جنرل سیکرٹری سید عبدالرزاق حسین شامل تھے ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اپنی ترجیحات بیان کرتے ہوئے لیسکو چیف نے کہا لیسکو کا سلوگن ہے لیسکو ہماری ماں ہے اور جس طرح سے ہم اپنی ماں کا خیال رکھتے ہیں بالکل اسی طرح ادارے کے تمام افراد میرے لیے میرے بچوں کی طرح ہیں اور میرا فرض ہے میں ان کو صحیح راستہ دکھاؤں اور یہ سب مل کر لیسکو کے لیے بہترین فرائض ادا کرتے ہوئے زبردست نتائج دیں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کوئی لیسکو ہماری ماں ہے اور بچے اپنی ماں سے غداری نہیں کرسکتے اگر کوئی بچہ ایسا کرتا ہے تو ماں اسے عاق کر دیے گی اور یہی میرا مشن ہے لیسکو کے کرپٹ ملازمین کی لیسکو میں کوئی جگہ نہیں ہے میٹینینس کے شعبہ میں افرادی قوت کی کمی ہے جس کو جلد از جلد پورا کرلیا جائے گا رائیونڈ کے اوورلوڈ ٹرانسفارمرز کو بھی تبدیل کر دیا جائے گا۔

گورنمنٹ مڈل سکول مردانہ سے ریٹائرڈ ہونے والے ہیڈ ماسٹر میاں اعجاز احمد کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ

سرکاری سکولوں کا معیار دن بدن بہتر ہو رہا ہے کوالیفائیڈ اساتذہ بچوں کی تدریس وتعلیم کیلئے مثالی کردار ادا کر رہے ہیں



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) سینئر تاجر رہنما میاں محمد نواز کی جانب سے ان کی رہائشگاہ پر گورنمنٹ ہائی سکول نارنگ میں تعینات ہونے والے پرنسپل نثار احمد گل اور گورنمنٹ مڈل سکول مردانہ سے ریٹائرڈ ہونے والے ہیڈ ماسٹر میاں اعجاز احمد کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ دیا گیا جس میں ماہرین تعلیم نعمان شیخ وقار احمد گل محمد عارف اور سرمزمل نے شرکت کی سماجی شخصیت و تاجر رہنما میاں محمد نواز نے اساتذہ کرام کو پھولوں کے گلدستے پیش کر کے خوش آمدید کہا اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ سرکاری سکولوں کا معیار دن بدن بہتر ہو رہا ہے کوالیفائیڈ اساتذہ بچوں کی تدریس وتعلیم کیلئے مثالی کردار ادا کر رہے ہیں سرکاری سکولوں میں فراہم کردہ سہولیات قابل ستائش ہیں امید ہے آئندہ سالوں میں مزید بہتری آئے گی اساتذہ کرام معاشرے کی بہتری اور نوجوانوں کی بنیادوں کو مضبوط کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں استاد کی اہمیت سے کوئی انکار نہیں کرسکتا۔

مصطفیٰ آباد: عالم ویلفیئر سوسائٹی کے منعقدہ الیکشن کے نتائج کا اعلان کر دیا گیا

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) عالم ویلفیئر سوسائٹی کے منعقدہ الیکشن کے نتائج کا اعلان کر دیا گیا، اسامہ تنویر صدر، محترمہ پلوشہ تنویر جنرل سیکرٹری منتخب ہو گئیں، متعدد اہم شخصیات کی طرف سے مبارکبادوں کا سلسلہ جاری تفصیلات کے مطابق عالم ویلفیئر سوسائٹی کے منعقدہ الیکشن کے نتائج کا اعلان کر دیا گیا، اسامہ تنویر صدر، محترمہ پلوشہ تنویر جنرل سیکرٹری منتخب ہو گئیں، جبکہ سیدہ ام رباب سنتھیہ نائب صدر، مدثر طاہر نائب صدر، نمرہ علی حسن فنانس سیکرٹری، طلحہ عمر جوائنٹ سیکرٹری اور پریس سیکرٹری کے طور پر تناشائی بی کامیاب قرار پائے، حلقہ کی

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

پاکستانی طالب علموں کیلئے چین نے کھول دیئے

امریکہ نے پاکستانی طالب علموں کے لیے دروازے بند، چین نے کھول دیئے، چین میں پاکستانی طالب علموں کی تعداد میں اضافہ ہوگیا، چین میں زیر تعلیم پاکستانی طلبا کی تعداد 28,023 سے زائد ہوگئی، گزشتہ سال 196 ممالک سے تعلق رکھنے والے 4 لاکھ 92 ہزار 185 بین الاقوامی طالب علموں نے چین میں تعلیم حاصل کی، چینی یونیورسٹیوں میں داخلہ لینے والے تمام طلباء میں سے تقریباً 7،034 اسکالرشپ پر تعلیم حاصل کررہے ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق قومی سلامتی کا بہانہ بنا کر امریکی یونیورسٹیوں نیسیکڑوں پاکستانی طالب علموں کیلئے داخلے بند کردیئے جس کے نتیجے میں چین پاکستانی اور بین الاقوامی طالب علموں کے لیے مکمل طور پر کھلا ہے جو انہیں مستحکم، ہموار اور عالمی معیار کی معلومات فراہم کررہے ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق امریکہ کے برعکس پاکستان کے اس وقت چین میں تعلیم حاصل کرنے والے بین الاقوامی طالب علموں کی تعداد میں 28023 سے زائد طلباء کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہے۔ گزشتہ سال 196 ممالک سے تعلق رکھنے والے 4 لاکھ 92 ہزار 185 بین الاقوامی طالب علموں نے چین میں تعلیم حاصل کی جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 0.62 فیصد زیادہ ہے۔ گوادر پرو کے مطابق سرکاری اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ چین پاکستانی طالب علموں کے لئے اعلیٰ تعلیمی مقام بن گیا ہے کیونکہ چینی یونیورسٹیوں میں داخلہ لینے والے تمام طلباء میں سے تقریباً 7،034 اسکالرشپ پر تعلیم حاصل کررہے ہیں۔

چین میں پاکستانی طالب علموں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے جس کی بنیادی وجہ بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو کے پائلٹ پروجیکٹ چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے آغاز کے بعد چینی حکومت کی جانب سے پیش کردہ ترجیحی پالیسیوں کا سلسلہ ہے۔ گوادر پرو کے مطابق اس وقت چین بھر میں 6 ہزار 156 پاکستانی طالب علم پی ایچ ڈی، 3 ہزار 600 ماسٹرز، 11 ہزار 100 بیچلرز اور 3 ہزار شارٹ ٹرم ایکسچینج پروگرامز میں زیر تعلیم ہیں۔ پاکستانی طالب علم چینی زبان، انجینئرنگ، میڈیکل، کمپیوٹر سائنس اور دیگر مختلف شعبوں میں بھی تعلیم حاصل کررہے ہیں۔ بین الاقوامی طالب علموں کو راغب کرنے کے لئے چینی حکومت کی طرف سے مختلف اسکالرشپس فراہم کی جاتی ہیں- خاص طور پر، بیلٹ اینڈ روڈ انیشی ایٹو میں حصہ لینے والے ممالک اور خطوں کے طلباء کو چینی حکومت کے اسکالرشپ - سلک روڈ پروگرام کے تحت اسکالرشپ حاصل کرنے میں سہولت فراہم کی گئی ہے۔ گوادر پرو کے مطابق چین نے تعلیمی سال 2025-26ء کیلئے آزاد جموں و کشمیر سمیت پاکستانی طلباء کے لئے اسکالرشپ پروگرام بھی شروع کیا ہے۔ یہ اسکالرشپس انڈر گریجویٹ، ماسٹرز اور ڈاکٹریٹ پروگراموں کے ساتھ ساتھ چینی یونیورسٹیوں میں تحقیق کرنے کے مواقع فراہم کرتی ہیں۔

گوادر پرو کے مطابق ٹرمپ انتظامیہ دنیا بھر میں دوستوں یا دشمنوں سے قطع نظر اپنے انتہائی خطرناک اور خطرناک اقدامات کی وجہ سے ہمیشہ بدنام رہی ہے۔ اب بین الاقوامی طالب علموں کے لئے تعلیمی اسپیکٹرم میں سڑن شروع ہوگئی ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ کی جانب سے طالب علموں کے ویزے کے نفاذ میں تیزی لانے کے بعد حالیہ ہفتوں کے دوران پاکستانی طالب علموں سمیت 500 سے زائد بین الاقوامی طالب علموں کے امریکی ویزے منسوخ کیے جا چکے ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق یونائیٹڈ اسٹیٹس ایجوکیشنل فاؤنڈیشن ان پاکستان (یو ایس ای ایف پی) نے گزشتہ منگل کو پاکستانی طالب علموں کے لیے گلوبل انڈر گریجویٹ ایکسچینج پروگرام (گلوبل یو گراڈ) کو ختم کرنے کا باضابطہ اعلان کیا ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ کی جانب سے جاری کیے گئے اس فیصلے سے دونوں ممالک کے درمیان تعلیمی اور ثقافتی تبادلے کو فروغ دینے کے 15 سال بعد اس پروگرام کا خاتمہ ہوا ہے۔ گلوبل یو گراڈ پروگرام پاکستانی طالب علموں کے لئے امریکہ میں تعلیمی نمائش، قائدانہ صلاحیتوں اور ثقافتی تجربات حاصل کرنے کا ایک اہم پلیٹ فارم تھا۔ اسلام آباد میں ہفتہ وار میڈیا بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان نے کہا کہ دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے، تعلیمی اور تکنیکی تعاون کو فروغ دینے اور عوامی سطح پر تعلقات کو گہرا کرنے کے لئے طلباء کے تبادلے کے پروگرام اہم ہیں۔ دریں اثنا امریکی محکمہ خارجہ اور ہوم لینڈ سیکیورٹی نے مبینہ طور پر متنوازی اقدامات کا آغاز کیا ہے جن میں محکمہ خارجہ کی جانب سے ویزا منسوخی اور ہوم لینڈ سیکیورٹی کی جانب سے اسٹیٹس ختم کرنا شامل ہیں۔

ہائی سکول میں داخلہ

تحریر: خالد جاوید چودھری

چھٹی جماعت میں ایک تو انگریزی کا نیا مضمون شروع ہوا تھا اور دوسرا عربی، فارسی اور ڈرائنگ تینوں مضامین میں سے ایک رکھنا تھا۔ میں نے ایک اچھا مسلمان ہونے کی حیثیت سے عربی زبان سیکھنے کو باقی دونوں مضامین پر ترجیح دی۔ ہمارے کلاس انچارج خوشی محمد صاحب پریاں والے تھے۔ پریاں والا اُن کے گاؤ ں کا نام تھا۔ جہاں وہ رہائش پذیر تھے۔ وہ ہمیں ریاضی اور اُردو کے مضامین پڑھایا کرتے تھے۔ انتہائی محنتی اور سنجیدہ طبیعت کے مالک تھے۔ وہ اکثر کہا کرتے تھے کہ مسلمان قوم تو بس آلو چھولے کھانے والی قوم ہے۔ اس کو آلو چھولے کھانے کے علاوہ کوئی کام نہیں ہے۔ اس وقت تو ہمیں شاید اس بات کی پورے طور پر سمجھ نہیں آتی تھی لیکن بعد میں اس بات کا ادراک ہوا کہ اُن کی بات بالکل درست تھی۔

ساتویں کلاس میں گرمیوں کی چھٹیوں کے بعد واپس آئے تو اساتذہ کرام نے اپنے اپنے مضامین کا چھٹیوں کا دیا گیا لکھنے والا کام چیک کرنا شروع کر دیا جو ہم نے سرے سے ہی نہیں کیا تھا۔ پہلے دو تین پیریڈ میں تو بہانہ بازی چل گئی لیکن جب میں عربی کا پیریڈ پڑھنے متعلقہ کلاس روم میں گیا تو ہمارے عربی ٹیچر افضل صاحب نے کام نہ کرنے والے بچوں کو مرغا بنایا ہوا تھا اور اُن کی کمر پر زور زور سے تھپڑ لگا رہے تھے۔ اُن کے لگائے گئے تھپڑوں کی بلند آوازوں سے پورا کمرہ گونج رہا تھا اور کئی طالب علم رو بھی رہے تھے، میں یہ ہولناک منظر دیکھ کر خوف زدہ ہوگیا اور کلاس روم میں جانے کی بجائے ڈرائنگ روم میں آ کر ڈرائنگ پڑھنے والے بچوں کے ساتھ بیٹھ گیا۔ ڈرائنگ ماسٹر اپنے کام میں مصروف رہے۔ پیریڈ کے بعد میں اپنے انگلش ٹیچر خوشی محمد صاحب کے پاس گیا اور اُن سے درخواست کی کہ میں نے اختیاری مضمون عربی کی بجائے ڈرائنگ رکھنا ہے اور وہ اس سلسلے میں میری مدد فرمائیں۔ انہوں نے بھی کچھ زیادہ پرکھ پڑچول کیے بغیر ہی میرا نام ڈرائنگ پڑھنے والے طلباء کے ساتھ درج کروادیا۔ یہ الگ بات ہے کہ اس مضمون میں میں آٹھویں جماعت اور پھر دسویں جماعت دونوں امتحانوں میں ہی فیل ہوا تھا لیکن اختیاری مضمون ہونے کی وجہ سے مجموعی طور پر پاس قرار پاتا رہا۔

مجھے شروع سے ہی بچوں کے رسالے پڑھنے کا بڑا شوق تھا۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ غیر تدریسی کُتب پڑھنے میں دل چسپی بڑھتی گئی۔ میں نے نسیم حجازی کے ناول پرائمری جماعتوں میں ہی پڑھنے شروع کر دیے تھے۔ میں جس چوبارے میں رہائش پذیر تھا اس کے نیچے میرے کزن علی حسن کی دکان تھی جو کہ ایک ڈینٹسٹ تھا اور اُس دکان کے قریب ہی تقی شاہ مرحوم نے آنہ لائبریری کھول رکھی تھی۔ جہاں سے روزانہ ایک آنہ کرائے کے عوض پڑھنے کے لیے ناول اور دوسری کتابیں دستیاب ہوا کرتی تھیں۔

علی حسن ہر روز صبح کے وقت وہاں سے ایک جاسوسی ناول لے آتا اور فارغ وقت میں بیٹھ کر اُسے پڑھ لیا کرتا تھا۔ اسی دوران سکول میں چھٹی ہونے کے بعد جب میں اُسے مصروف دیکھتا تو وہی ناول اُٹھا کر میں اپنے چوبارے میں پڑھنے کے لیے لے آتا۔ اس زمانے میں ابن صفی نامی مصنف کے یہ ناول بہت پڑھے جایا کرتے تھے۔ عمران سیریز اس کا شروع کیا گیا ایک بہت ہی دل چسپ اور مشہور سلسلہ تھا۔ ایک بار ابنِ صفی کا انٹرویو کیا جا رہا تھا انٹرویو کرنے والے نے اس سے پوچھا کہ آپ کے ناول اُردو ادب میں کس مقام پر رکھے جائیں گے تو اس نے بڑا دل چسپ جواب دیا کہ مجھے یہ تو پتہ نہیں کہ اُردو ادب میں میرے ناول کسی مقام پر رکھے جائیں گے یا نہیں لیکن اتنا ضرور پتہ ہے کہ اُردو ناول پڑھنے والوں کی اکثریت کے تکیوں کے نیچے میرے ہی ناول رکھے جاتے ہیں اور اس کی یہ بات بڑی حد تک دُرست بھی تھی۔

اس وقت رنگا رنگ قسم کے ڈائجسٹ ابھی شروع نہیں ہوئے تھے۔ اُردو ڈائجسٹ سیارہ ڈائجسٹ اور حکایت اس زمانے کے مشہور ماہنامے ہوا کرتے تھے۔ میں اپنی پڑھائی کا کام سکول میں ہی جو کر لیتا بس وہی کافی ہوتا۔ گھر میں مجھے ناول اور رسالے پڑھنے سے ہی فرصت نہیں ملتی تھی۔ عمومی طور پر میرے اساتذہ کرام میرے بارے میں ایک اچھا طالب علم ہونے کی رائے رکھا کرتے تھے۔ لیکن امتحانات کے نتائج سے انہیں اکثر مایوسی ہوتی کیوں کہ میں تو امتحانات کے دنوں میں بھی ناول پڑھنے میں مصروف رہتا۔ اکثر اوقات صبح کو میرا پرچہ ہوتا اور رات کو میں اس کی تیاری کرنے کی بجائے ناول پڑھ رہا ہوتا۔

آٹھویں جماعت میں وظیفہ حاصل کرنے کے امیدوار طلباء کا الگ سے ہی امتحان لیا جاتا تھا اور میں بھی انہی لوگوں میں شامل تھا۔ جو وظیفے کا امتحان دینے جا رہے تھے لیکن میں اس امتحان میں ڈرائنگ کے مضمون میں فیل تھا۔ وہ تو ڈرائنگ اختیاری مضمون ہونے کی وجہ سے مجھے مجموعی طور پر پاس قرار دے دیا گیا اور باقی مضامین میں بھی واجبی سے ہی نمبر تھے۔

نویں جماعت میں ہمارے انگلش ٹیچر خوشی محمد صاحب ہمارے کلاس انچارج بھی تھے۔ یہاں پر میں نے سائنس مضامین اختیار کیے۔ ان مضامین میں ڈرائنگ کے مقابلے میں رکھا جانے والا مضمون اب عربی، فارسی کی جگہ اسلامیات اختیاری تھا اور اسلامیات اختیاری پڑھانے والے حافظ صاحب بھی بچوں کی خوب دھلائی کیا کرتے تھے۔ اس لیے یہاں پر بھی میں ڈرائنگ کا مضمون ہی رکھنے پر مجبور تھا۔ ہمارے سائنس ٹیچر منان صاحب بہت خوش لباس انسان تھے۔ ہر روز نئے نئے سٹائل اور ڈیزائن کے کپڑے پہن کر آتے۔ اُن کی زیادہ تر توجہ ہمیں پڑھانے کی بجائے اپنے کپڑوں پر ہی مرکوز رہتی۔ ہم دسویں جماعت میں تھے جب وہ پی ایچ ڈی کرنے کے لیے ڈھاکہ یونیورسٹی تشریف لے گئے۔ اس کے کچھ عرصے بعد ہی وہاں پر حالات خراب ہونا شروع ہوگئے اور 16 دسمبر 1971 کو مشرقی پاکستان ایک نئے ملک بنگلہ دیش کے نام سے معرضِ وجود میں آ گیا۔ اس تمام عرصے میں اور اس کے بعد بھی منان صاحب کو وہاں پر بہت سخت اور تکلیف دہ حالات کا سامنا کرنا پڑا۔

نویں، دسویں جماعت میں بھی پڑھائی کا کام حسبِ معمول ہی جاری رہا۔ یعنی سکول میں نصابی کتابوں اور گھر میں غیر نصابی کُتب کے مطالعہ کا کام جاری وساری رہا۔ 1965 میں پاک بھارت جنگ اور اس کے بعد تاشقند میں ان دونوں ممالک کے مابین ہونے والے جنگ بندی معاہدے کے بعد ملک میں سیاسی حالات بگڑنے شروع ہو چکے تھے۔ اس جنگ کے دوران پورا ملک وحدانیت اور یکسانیت کی رسی میں پرویا ہوا تھا۔ پہلی بار سندھی، بلوچی، پنجابی اور پٹھان باہم یکجا ہو کر ایک پاکستانی قوم کی شکل اختیار کر چکے تھے۔ اس وقت میں ساتویں جماعت کا طالب علم تھا۔ ہم لوگ رات گئے تک پاکستان زندہ باد صدر ایوب زندہ باد کے علاوہ چینی سیاسی راہنماؤں کے ماؤزے تنگ اور چو این لائی کے حق میں بھی نعرے بازی کیا کرتے تھے۔ دن کو قومی دفاعی فنڈ اکٹھا کرنے کے لیے گھر گھر جایا کرتے۔ گاؤں کی بڑی اکثریت چھوٹے چھوٹے کاشتکاروں، کسانوں اور دستی کام کرنے والے غریب ہنر مندوں پر مشتمل تھی۔ لیکن دفاعی فنڈ میں ہر کوئی اپنی بساط سے بڑھ کر اپنا حصہ ڈال رہا تھا۔ جن لوگوں کے پاس پیسے نہیں تھے وہ بستر اور کپڑوں کی شکل میں عطیات دے رہے تھے۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ ہم لوگ گدڑی شاہ کے پاس اس مقصد کے لئے گئے جو اپنے گھر کا واحد فرد تھا۔ اس کا گھر ایک تنگ سی کوٹھری چھوٹے سے صحن اور اس کے ایک کونے میں کھڑی ہوئی

دعوتِ اسلامی غزہ متاثرین کی مسیحا



نقطہ نظر
کالم نگار
محمد شہزاد بھٹی
shehzadbhatti323@gmail.com

دعوت اسلامی ہر نئے آنے والے دن کے ساتھ مزید اپنے عروج کے زینے طے کرتی جارہی ہے مگر کچھ یتیم العلم و عقل لوگ اپنے بغض و حسد کی وجہ سے سوشل میڈیا پر دعوت اسلامی پر تنقید اور الزامات کی بوچھاڑ کرتے نظر آتے ہیں، اگر وہ اپنی بغض و حسد کی عینک کو اتار کر دیکھیں تو انہیں معلوم ہو کہ جس طرح آسماں پر نکلا ہوا سورج اپنی کرنوں سے پوری دنیا کو منور کر رہا ہوتا ہے اسی طرح دعوت اسلامی بھی اپنی دینی اور فلاحی خدمات سے پوری دنیا کو فیض یاب کر رہی ہے۔

اگر ہم بات کریں غزہ کی تو جب دنیا کے زیادہ تر لوگ غزہ پر ہونے والے اسرائیلی مظالم کے خلاف سوشل میڈیا پر آواز اٹھانے، ریلیاں نکالنے، کانفرنسز کرنے یا پھر کچھ ٹی وی چینلز پر بیٹھ کر آواز اٹھانے یا مذمت کرنے تک ہی محدود رہے تو اس وقت دعوت اسلامی غزہ متاثرین کی مسیحا بن کے سامنے آئی اور خاموشی سے بڑے پیمانے پر غزہ کے متاثرین کے لیے امداد کا آغاز کر دیا۔ غزہ میں جنگ و خونریزی کی وجہ سے جہاں ایک طرف انسانی زندگی شدید مشکلات کا شکار ہے، وہیں دعوتِ اسلامی کی فلاحی سرگرمیاں وہاں کی عوام کے لیے ایک امید کی کرن ہیں۔ دعوتِ اسلامی جو ہمیشہ اپنے دینی خدمات کے لیے جانی جاتی ہے مگر اب جنگ زدہ غزہ کے متاثرین کے لیے اپنی فلاحی خدمات بھی پیش کر رہی ہے۔ جنگ کی وجہ سے غزہ میں خوراک کی کمی اور دیگر بنیادی ضروریات کی شدید قلت پیدا ہو چکی ہے۔

اس مایوس کن صورتحال میں دعوتِ اسلامی نے اس خطے میں اپنی فلاحی سرگرمیاں جاری رکھی ہوئیں ہیں۔ اس وقت دعوتِ اسلامی کی جانب سے غزہ کے متاثرین کی غذائی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ساڑھے 03 لاکھ سے زائد ہاٹ میلز یعنی گرم کھانے کے پیکٹس، 01 لاکھ کلوگرام آٹا، 75 ہزار کے قریب بریڈ، 08 کنٹینر اناج، 70 ہزار فروٹ کے پیکٹس، 5 ہزار وٹامن پاسکٹ تقسیم کیں گئیں جن میں مختلف وٹامنز تھیں۔ 05 ہزار سے زائد چھوٹے بچوں کے لیے دودھ کے پیکٹس اور ڈائپر، چھوٹے بچوں کے لیے 25 ہزار کیک تقسیم کیے گئے۔

دعوتِ اسلامی کی فلاحی سرگرمیاں صرف یہی تک محدود نہیں ہیں بلکہ اس میں دیگر اہم سہولتیں بھی شامل ہیں. جنگ زدہ علاقوں میں صاف پانی کا ملنا ایک انتہائی مشکل ہے لیکن دعوتِ اسلامی غزہ کے متاثرین کو اب تک 1.5 ملین لیٹر یعنی 51 لاکھ لیٹر پینے کا صاف پانی فراہم کر چکی ہے۔ غزہ میں موجود ہسپتالوں کی حالت بھی سنگین ہے اور علاج معالجے کی سہولتیں ناپید ہو چکی ہیں، دعوتِ اسلامی نے طبی امداد فراہم کرنے کے لیے میڈیکل کیمپس قائم کر رکھے ہیں جہاں ڈاکٹرز کی ٹیم متاثرین کا معائنہ کر رہی ہے اور ضروری ادویات فراہم کر رہی ہے، اب تک 01 ہزار فیملیز کو علاج معالجہ کی سہولتیں فراہم کی جا چکی ہیں

مگر اب دعوت اسلامی نے فلسطین سے اردن آنے والے متاثرین کیلئے اردن بارڈر کے قریب ہسپتال بنانے کا اعلان کر دیا ہے۔ غزہ میں بے گھر افراد کی تعداد میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے، اس لئے رہائش کا انتظام کرنا ایک سنگین چیلنج بن چکا ہے۔ دعوتِ اسلامی کی جانب سے 04 سو فیملیز کو رہائش کی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے انہیں شیلٹرز یعنی خیمے فراہم کیے گئے ہیں یہاں وہ موسمی اثرات سے محفوظ رہ کر زندگی گزار سکتے ہیں۔ دعوت اسلامی نے 06 ہزار فیملیز کو کیش اسسٹنس سپلائی یعنی نقد کیش کی صورت میں مدد کی ہے۔ 25 سو فیملیز کو سردیوں سے بچنے کا سامان دیا گیا۔

15 سو بلینکٹس اور 01 ہزار میٹرس، 05 ہزار لیڈیز کے لیے ہائی جین کٹس اور 01 ہزار لیڈیز میں حجاب تقسیم کیے گئے۔ اس کے علاوہ دعوت اسلامی ملبہ ہٹانے کے کام میں بھی پیش پیش ہے، دعوتِ اسلامی کی یہ فلاحی خدمات جذبہ انسانی ہمدردی کے تحت پیش کی جارہی ہیں اور ان کا مقصد انسانیت کی فلاح ہے 25 سو فیملیز کو سردیوں سے بچنے کا سامان دیا گیا۔ 15 سو بلینکٹس اور 01 ہزار میٹرس، 05 ہزار لیڈیز کے لیے ہائی جین کٹس اور 01 ہزار لیڈیز میں حجاب تقسیم کیے گئے۔ اس کے علاوہ دعوت اسلامی ملبہ ہٹانے کے کام میں بھی پیش پیش ہے، دعوتِ اسلامی کی یہ فلاحی خدمات جذبہ انسانی ہمدردی کے تحت پیش کی جارہی ہیں اور ان کا مقصد انسانیت کی فلاح ہے

، دعوتِ اسلامی کے زیر اہتمام یہ تمام فلاحی اقدامات اس بات کی عکاسی کرتے ہیں کہ دین اسلام صرف عبادات تک ہی محدود نہیں بلکہ انسانیت کی خدمت بھی اس کا حصہ ہے۔ دعوتِ اسلامی کی فلاحی سرگرمیاں اس بات کی غمازی کرتیں ہیں

کہ جب انسانیت کی بات ہو تو مذہب و ملت کی تفریق ختم ہو جاتی ہے۔ یاد رہے اس وقت غزہ میں موجود دعوت اسلامی کی مرکزی شوریٰ کے رکن الحاج مولانا عبدالحبیب عطاری وہ واحد پاکستانی ہیں جو مظلوم غزہ کے بھائیوں کے ساتھ اظہارِ یکجہتی و مدد کے لیے وہاں پاکستان کی نمائندگی کر رہے ہیں۔

اللہ کریم سے دعا ہے کہ مظلوم غزہ کے لوگوں کی غیبی مدد اور دعوت اسلامی کو مزید ترقی و بلندی عطا فرمائے۔ آمین

فلسطین پالیسی



حرف رواں
تحریر
ڈاکٹر محمد عمران

اسلام آباد میں ملک بھر کے علمائے کرام کی 'فلسطین کانفرنس' میں دھواں دار تقریریں کرنے اور دنیا بھر کی مسلمان حکومتوں کے لیے جہاد کا فتویٰ جاری کرنے کے بعد اب پاکستانی حکومت نے قومی اسمبلی میں ایک نئی قرار داد کے ذریعے اسرائیل کی مذمت کی ہے۔ اور واضح کیا ہے پاکستان ہمیشہ فلسطین کے حق خود اختیاری کی حمایت کرتا رہے گا۔ پاکستان کا یہ موقف کوئی نیا نہیں ہے۔ براہ راست فلسطین تنازعہ میں فریق نہ ہونے کے باوجود پاکستان نے کبھی اسرائیل کو تسلیم نہیں کیا بلکہ آج وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے فلسطینیوں کی حمایت میں پرزور تقریر کرتے ہوئے کہا کہ 'دنیا بھر میں پاکستانی پاسپورٹ کی منفرد حیثیت ہے، پاکستان کا پاسپورٹ دنیا میں واحد پاسپورٹ ہے جس پر لکھا ہے کہ یہ دنیا بھر میں کارآمد ہے لیکن اسرائیل کے لیے کارآمد نہیں۔ ہمیں اپنے سبز پاسپورٹ پر فخر ہے'۔ البتہ اس فخر کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اطلاعات نے اس پہلو پر غور کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی کہ پاکستانی پاسپورٹ پر سفر کرنا انتہائی دشوار ہے اور اس کا شمار دنیا بھر میں کم ترین حیثیت والے پاسپورٹس میں ہوتا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ اس پاسپورٹ کو اسرائیل کے لیے ناکارہ قرار دے کر حکومت پاکستان عوام کو دھوکہ دینا چاہتی ہو لیکن اس سے اسرائیل یا اس کے حامیوں کی صحت پر کیا اثر مرتب ہوا ہے۔ کیا پاکستان، فلسطین کے سوال پر کسی عالمی فورم سے کوئی بات منوانے یا اس مسئلہ کو حل کرنے میں کوئی کردار ادا کر سکا ہے؟ یا اب بھی اس کے پاس ایسی سفارتی حیثیت موجود ہے کہ وہ اسرائیل پر کسی قسم کا عالمی دباو؟ بڑھانے کے لیے کام کر سکے؟ قومی اسمبلی کا اجلاس اور وہاں آج منظور کی جانے والی قرار داد درحقیقت اسلام آباد میں 'فلسطین کانفرنس' میں ملک کے بڑے بڑے مولویوں کی پرجوش تقریروں اور جمعہ کے روز غزہ کے لیے ہونے والے مظاہرے کا جواب تھا۔ اس کانفرنس میں پاکستان کے نام نہاد مفتی اعظم مفتی تقی عثمانی کا فرمانا تھا کہ اگر مسلمان ملکوں کی فوجیں فلسطین کو آزاد کرانے اور اسرائیل کو سبق سکھانے کے لیے بروئے کار نہیں لائی جاسکتیں تو ان فوجوں اور اسلحہ کے ذخیروں کا کیا فائدہ؟ اسی طرح کسی زمانے میں موجودہ حکومت میں شامل دونوں بڑی پارٹیوں کے ساتھ ملک میں جمہوریت کی مہم چلانے والے مولانا فضل الرحمان نے تقریر تو غزہ کے مصائب بیان کرنے کے لیے کی تھی لیکن اس میں براہ راست حکومت کے لتے لینے، اسے نااہل اور غیر منتخب قرار دینے میں کوئی کسر کبھی اٹھا نہیں رکھی۔ حکومت نے قومی اسمبلی کے اجلاس میں دو وزیروں کی پرجوش تقریروں اور متفقہ قرارداد کی منظوری سے درحقیقت اس 'فلسطین کانفرنس' میں علمائے کرام کی طرف سے قائم کیے گئے اس تاثر کے کو مسترد کرنے کی کوشش کی ہے کہ پاکستانی حکومت فلسطین کے معاملہ پر سنجیدہ نہیں ہے یا کوئی سرگرمی نہیں دکھا رہی۔ اسی لیے جہاد کا فتویٰ صادر کرنے، ملک بھر میں احتجاج کی کال دینے اور اسرائیلی یا اسرائیل کے حامی ممالک کی مصنوعات کا بائیکاٹ کرنے کی اپیل کرنے کا اعلان ہوا۔ اس کانفرنس میں کی گئی تقریروں سے کوئی نتیجہ اخذ کیا جائے تو یہ بات سمجھ آئے گی کہ حکومت فلسطین کے سوال پر ناکام ہے، اس لیے عوام کو علما کی سربراہی میں معاملات اپنے ہاتھ میں لے لینے چاہئیں۔ یہ علما اور دینی رسیاسی جماعتیں جب ایسے کسی جذباتی معاملہ میں 'معاملات اپنے ہاتھ میں لینے' کا اعلان کرتی ہیں تو اس کے نتیجے میں توڑ پھوڑ ہوتی ہے، جانی و مالی نقصان ہوتا ہے اور مذہب کے چند نام نہاد ٹھیکیداروں کو خبروں میں جگہ بنانے کا موقع مل جاتا ہے۔ اس پس منظر میں اسلام آباد کی نام نہاد 'فلسطین کانفرنس' کے تناظر میں اگر حکومت غزہ کے سوال کو قومی اسمبلی میں زیر بحث لانا چاہتی تھی تو ایک غیر ضروری قرارداد منظور کرانے کی بجائے، دوٹوک الفاظ پر مشتمل سرکاری بیان سامنے آنا چاہیے کہ پاکستان، عوام کے حق انتخاب کا حامی ہے لیکن وہ اسی شدت سے تشدد کا مخالف ہے

کیوں کہ اسی قسم کے تشدد کی وجہ سے پاکستان کو بھی دو صوبوں میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ سکیورٹی فورسز کے افسر اور جوان روزانہ کی بنیاد پر فساد پسند عناصر کا مقابلہ کرتے ہیں اور دہشت گردوں کا سامنا کرتے ہوئے جان قربان کرتے ہیں۔ یا پھر اس موقع پر وزیر قانون، وزیر اطلاعات یا کسی دوسرے سرکاری ترجمان کو واضح کرنا چاہیے تھا کہ پاکستانی حکومت عوام کی خواہشات اور ملکی ضروریات کے مطابق غزہ و فلسطین کے سوال پر متحرک ہے اور دنیا کے جس پلیٹ فارم پر بھی اس معاملہ پر بات ہوتی ہے پاکستان کی آواز فلسطینیوں کے حق میں بلند ہوتی ہے۔ تاہم یہ پوزیشن واضح کرتے ہوئے حکومت کو یہ قانونی و آئینی پوزیشن بھی واضح کرنی چاہیے تھی کہ فلسطین ہو یا کوئی دوسرا مسئلہ، اس پر فیصلے منتخب پارلیمنٹ میں ہی ہو سکتے ہیں۔ کسی مذہبی گروہ یا علما کے اجتماع کو اس معاملہ پر فتوے صادر کرنے اور اشتعال پھیلانے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ تاہم دیکھا جاسکتا ہے کہ قومی اسمبلی کی قرارداد ہو یا وہاں وزیر قانون کی تقریر، اس میں فلسطین کانفرنس اور علما کے غیر ذمہ دارانہ طرز عمل پر کوئی بات نہیں کی گئی۔ گویا حکومت کو اس بات پر کوئی اعتراض نہیں ہے کہ علما کا ایک اجلاس فلسطین کے لیے جہاد کا فتویٰ جاری کر کے عوام میں بدگمانی اور دوسرے اسلامی ممالک میں پاکستان کے بارے میں تشویش پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے لیکن حکومت اپنے طور پر ویسے ہی نعرے لگا کر یہ بتانے کی کوشش کر رہی ہے کہ حکمران سیاست دان بھی مولویوں کی طرح بے سروپا باتیں اور دعوے کر سکتے ہیں۔

یہ طرز عمل عوام کو گمراہ کرنے اور ایک حقیقی مسئلہ کو جذباتی رنگ دے کر واقعاتی حقائق سے پہلوتہی کرنے کے ایک ہتھکنڈے کے سوا کچھ نہیں ہے۔ وزیر قانون نے اس موقع پر تقریر کرتے ہوئے نہایت جوش سے کہا کہ 'غزہ میں اسرائیل فلسطینیوں کی نسل کشی کر رہا ہے، سب لوگوں کے تعاون سے یہ جلد از جلد ممکن ہو گا، اُس وقت کمپنی اپنے وفادار ملازمین کو پالیسی کے مطابق ترجیح دے گی۔ اگلے چند دنوں میں آپ میں سے کچھ لوگوں کو کیریئر کی تبدیلی کے حوالے سے ای میلز موصول ہوں گی، ہم اُن سب لوگوں کو شاندار مستقبل کی نوید سناتے ہیں اور اُن کے لیے دعا گو ہیں۔ نئے کیریئر کی شروعات کے حوالے سے اگر کسی کو مدد درکار ہو تو وہ بلا جھجک کمپنی کے شعبہ انسانی وسائل سے رہنمائی حاصل کر سکتا ہے۔" ترجمہ: "تم سب نالائقوں کو اِس لیے جمع کیا ہے تا کہ تمہیں بتا سکیں کہ تمہاری تنخواہوں اور اللے تللوں کی وجہ سے کمپنی گھاٹے میں ہے، سیدھی بات یہ ہے

کہ کمپنی کے سی ای او اور بورڈ آف ڈائریکٹرز جن میں مالک کی بیوی، بیٹا، سالہ اور بہنوئی شامل ہیں، کے علاوہ باقی تمام ملازمین کی تنخواہوں میں کٹوتی کی جارہی ہے اور کچھ نکھٹو ملازمین کو فارغ کیا جارہا ہے۔ یاد رہے کہ تمہارے معاہدے میں یہ شق رکھی گئی تھی کہ ہم تمہیں کھڑے کھڑے فارغ کر سکتے ہیں، یہ ای میل تمہیں کر دی گئی ہے، لہٰذا اپنا سامان اٹھاو؟ اور چلتے بنو۔"

ترجمے کی اِس تکنیک کا ایک فائدہ یہ بھی ہو گا کہ ہم اخبارات میں شائع ہونے والی خبروں اور کالموں کا اصل مقصد بھی جان سکیں گے۔ مثلاً دو دن پہلے انہی صفحات پر ایک کالم شائع ہوا تھا جس میں صاحبِ مضمون نے ایک مرتبہ پھر ملک میں صدارتی نظام رائج کرنے کی تجویز کچھ اِن الفاظ میں دی تھی: "تکنیکی ماہرین کی قیادت میں صدارتی نظام 21 ویں صدی کے چیلنجوں سے نمٹنے کے خواہاں ممالک کے لئے اہم فوائد رکھتا ہے۔ ہمارا مستقبل پیش ہے، دعوتِ اسلامی کی یہ فلاحی خدمات جذبہ انسانی ہمدردی کے تحت پیش کی جارہی ہیں اور ان کا مقصد انسانیت کی فلاح ہے

کیوں کہ اِس تجویز کی بنیاد پر ہی ہمارے ہاں ایک غیر ملکی پراجیکٹ میں کام کرنے کا موقع ملا تھا، اُس پراجیکٹ کا سربراہ یعنی میرا باس جب میٹنگ میں کسی کی بات کے جواب میں یہ کہتا کہ That's interesting observation تو ہم سمجھتے کہ یہ بہت حیران ہو رہا ہے کہ کیسی اچھوتی بات کی گئی ہے، بعد میں سمجھ آئی کہ اصل میں اُس کا دل چاہ رہا ہوتا تھا کہ اپنا سر پیٹ لے۔

خیر، یہ تو انگریزی سے اردو ترجمے کا مسئلہ تھا، اردو سے اردو ترجمے کی ایک اور مثال سمجھنی ہو تو کارپوریٹ اداروں کی میٹنگز کا احوال دیکھ لیں۔ "آج ہم نے آپ سب کو یہاں اِس لیے زحمت دی ہے کہ آپ کے سامنے وہ صورتحال رکھیں

جس کا اِس وقت کمپنی کو سامنا ہے۔ جیسا کہ آپ جانتے ہیں ہماری سالانہ آمدن میں کمی واقع ہوئی ہے اور اِس کی مختلف وجوہات میں سے ایک وجہ ہمارے اخراجات کا مقرر کی گئی حد سے بڑھنا ہے۔ ہمارے مشیران کا کہنا ہے کہ اِن اخراجات میں کٹوتی ناگزیر ہے، یقیناً یہ ایک تکلیف دہ عمل ہوگا جس کا ہمیں سامنا کرنا ہوگا،

لیکن خاطر جمع رکھیں، جونہی یہ مشکل مرحلہ گزر جائے گا، اور ہمیں ی





SHOWBIZ



قوت



ایمسٹرڈیم: (ایل آر) وزیراعظم ڈک شوف، عمان کے سلطان ہیثم بن طارق، نیدرلینڈ کے بادشاہ ولیم الیگزینڈر اور نیدرلینڈز کی ملکہ میکسیما نے نیدرلینڈ کے سرکاری دورے پارک کا دورہ کررہے ہیں

ادا کارہ انوشے اشرف کا اپنی شادی پر زبردست رقص

انوشے اشرف اوران کے شوہر شہاب رضا مرزا کی شادی کی تقریبات بھرپور انداز میں جاری ہیں



استنبول (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی باہمت، باصلاحیت اور اسٹائلش وی جے و اداکارہ انوشے اشرف نے اپنی شادی میں ایسا رقص کیا کہ ہر طرف واہ واہ ہو گئی۔ استنبول کی رومانوی فضا میں انوشے نے ''اوکھنا'' پر ایسا جاندار رقص ڈالا کہ سوشل میڈیا پر ہر کوئی دیوانہ ہو گیا۔ ترکی کے شہر استنبول میں، انوشے اشرف اوران کے شوہر شہاب رضا مرزا کی شادی کی تقریبات بھرپور انداز میں جاری ہیں۔ اور سب سے زیادہ توجہ انوشے کے ایک رقص نے حاصل کی جس میں وہ مشہور بالی وڈ گانے اوکھنا پر جھومتی نظر آئیں۔ انوشے نے ہلکے سبز اور گلابی لہنگا چولی میں ایسا اسٹائل دکھایا کہ ہر کوئی دیکھتا ہی رہ گیا۔ اسٹیج پر ان کی انٹری، چہرے پر محبت بھری مسکراہٹ سب کچھ کسی فلمی سین سے کم نہیں تھا۔

بڑی اولاد ہونے کا بوجھ زیادہ ہوتا ہے، اداکارہ سونیا حسین



کراچی (این این آئی) پاکستانی ٹی وی اور فلم انڈسٹری میں اپنا نام بنانے والی اداکارہ سونیا حسین نے اپنے گھریلو زندگی سے متعلق ایک نیا انکشاف کیا ہے۔ اداکارہ سونیا حسین نے ایک انٹرویو میں ذاتی زندگی کے حوالے سے بتایا کہ سب کی زندگی میں کچھ نا کچھ آزمائش ہوتی ہے، کوئی اولاد سے کوئی دولت سے تو کوئی رشتوں سے آزمایا جارہا ہوتا ہے، زندگی صرف انسٹاگرام پر ہی اچھی لگ رہی ہوتی ہے، ایسا نہیں ہے صرف میری زندگی میں ہی مشکلات آئی ہیں، یہ اس لیے ہوتا ہے تاکہ ہم حالات میں ڈھل سکیں۔ اداکارہ نے کہا کہ مجھے کبھی بھی زیادہ پیسوں یا کامیابی کا شوق نہیں تھا، جو چیز مجھے توڑ سکتی تھی وہ جذبات تھے۔ سونیا نے لوگوں کو مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ معاف کرنا بہت مشکل کام ہوتا ہے لیکن جب آپ خود کو دوسرے کی جگہ رکھ کر دیکھیں گے تو پھر معاف کرنا آسان ہوجاتا ہے۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ گھر میں بڑا ہونے کہ وجہ سے آپ کو بہت سی چیزوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے، بڑی اولاد ہونے کا آپ پر بوجھ زیادہ ہوتا ہے، فیملی کو ساتھ لے کر چلنا پڑتا ہے، جس کیلئے آپ کو عمر سے پہلے بڑا بننا پڑتا ہے۔

کشور کمار مدھوبالا کو مرنے کیلئے تنہا چھوڑ گئے تھے، بہن کے ہوشربا انکشافات

ممبئی (این این آئی) بھارت کی سابق خوبرو اداکارہ مدھوبالا کی بہن نے انکشاف کیا کہ کشور کمار میری بیمار بہن کو مرنے کیلئے تنہا چھوڑ گئے تھے۔ بھارتی اداکارہ مادھوبالا کی بہن مدھر بھوشن نے حالیہ انٹرویو میں بتایا کہ کشور کمار بہن کو لندن علاج کے لئے لے کر گئے لیکن ڈاکٹروں نے جواب دے دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ کشور کمار بہن کو اپنے ساتھ لے جانے کے بجائے ہمارے گھر چھوڑ گئے اور کہا کہ میں کئی پروجیکٹس میں پھنسا ہوا ہوں اور بہت مصروف ہوں اس لئے دیکھ بھال نہیں کرسکتا۔ مدھر بھوشن نے مزید بتایا کہ کشور کمار نے مدھوبالا کے لیے ممبئی کے کارٹر روڈ پر ایک فلیٹ خریدا جس میں وہ اکیلی ہی رہتی تھیں، کشور کمار مہینوں بعد آتے تھے، مدھر بھوشن نے کہا کہ کشور کمار میری بہن کو کہا کرتے تھے اگر میں روز آؤں گا تو تم مجھے دیکھ کر روگی اور اس طرح دل پر اثر پڑے گا۔ مدھر بھوشن کے مطابق مدھوبالا کو ڈاکٹروں نے صرف دو سال دیئے تھے، لیکن ان کی حیران کن قوتِ ارادی نے انہیں نو سال تک زندہ رکھا، وہ آخر کار 1969 میں محض 36 برس کی عمر میں انتقال کرگئیں۔

فلم ''کافر'' میں ریپ سین کے بعد کیپکپاہٹ کا شکار ہوگئی تھی، دیا مرزا

ایسے سین فلمانے کے لئے صرف اداکاری نہیں بلکہ مکمل طور پر اس کیفیت میں ڈوبنا پڑتا ہے



ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکارہ دیا مرزا نے حال ہی میں ریلیز ہونے والی اپنی فلم ''کافر'' کے ایک نہایت ناپسندیدہ سین سے متعلق سنسنی خیز انکشاف کیا ہے۔ بالی ووڈ اداکارہ دیا مرزا نے بھارتی میڈیا کو دیئے گئے ایک انٹرویو میں بتایا کہ ویب سیریز میں ریپ سین نے انہیں اس قدر جذباتی اور جسمانی طور پر متاثر کیا کہ وہ کانپنے لگیں اور الٹی کر بیٹھی تھیں۔ دیا مرزا نے مزید بتایا کہ ایسے سین فلمانے کے لئے صرف اداکاری نہیں بلکہ مکمل طور پر اس کیفیت میں ڈوبنا پڑتا ہے جو کردار ادا کرنے والے پر حقیقی اثر چھوڑتا ہے، ایک فنکار کے لئے سب سے اہم چیز کردار سے ہمدردی ہے جو مجھے فلم میں اپنے کردار سے ہوگئی تھی۔ واضح رہے کہ فلم کافر دراصل 2019 میں پیش کی گئی ایک ویب سیریز ہے جو ایک پاکستانی خاتون شہناز پروین کی سچی کہانی پر مبنی ہے جو غلطی سے لائن آف کنٹرول عبور کرکے بھارت میں داخل ہوئی۔ آزاد کشمیر کی خاتون پر بھارتی فوج نے عسکریت پسند ہونے کا الزام عائد کرکے 8 سال تک جیل میں قید رکھا تھا اور وہیں انہوں نے ایک بچی کو بھی جنم دیا تھا۔ شہناز پروین کی سٹوری ایک بھارتی صحافی کو معلوم ہوئی جس نے بے گناہ خاتون کا معاملہ اٹھایا اور انصاف کے لیے طویل جدوجہد کی جس کے نتیجے میں رہائی نصیب ہوئی۔

ہالی وڈ اداکارہ کیٹ بلانچیٹ کا اداکاری کو خیرباد کہنے کا اعلان



میں اداکاری کو چھوڑنے کے لیے سنجیدہ ہوں، ایسی بہت سی چیزیں ہیں جو میں زندگی میں کرنا چاہتی ہوں

نیویارک (این این آئی) ہالی وڈ کی معروف اداکارہ کیٹ بلانچیٹ نے کہا ہے کہ انہوں نے زندگی میں دیگر چیزوں کے لیے اداکاری کو خیرباد کہنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایک انٹرویو کے دوران انہوں نے عندیہ دیا کہ وہ خود کو اداکارہ کہنے سے ہچکچاتی ہیں کیونکہ میں نے اداکاری کو خیرباد کہنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں جب بھی ایسا کہتی ہوں تو ہر بار میرے گھر والے اپنی آنکھیں گھماتے ہیں، مگر میں اداکاری کو چھوڑنے کے لیے سنجیدہ ہوں، ایسی بہت سی چیزیں ہیں جو میں زندگی میں کرنا چاہتی ہوں۔ ان کی حالیہ فلم بلیک بیگ مارچ 2025 میں ریلیز ہوئی تھی۔ اپنے کیریئر میں وہ 2 آسکر ایوارڈز جیت چکی ہیں۔ 2024 میں فلم بلیو جیسمین میں کام کرنے پر انہیں بہترین اداکارہ جبکہ 2005 میں دی ایویٹر کے لیے بہترین معاون اداکارہ کا آسکر ایوارڈ دیا گیا تھا۔ حال ہی میں انہوں نے اپنی نئی فلم فادر، مدر، سسٹر، برادر کی شوٹنگ مکمل کی ہے جو 2025 میں کسی وقت ریلیز کی جائے گی۔ اسی طرح وہ کئی دیگر فلموں میں بھی کام کررہی ہیں۔ اداکاری کے لیے بہت زیادہ متحرک ہونے کے باوجود کیٹ بلانچیٹ نے انٹرویو کے دوران کہا کہ وہ ایک معروف اداکارہ کی پوزیشن پر اطمینان محسوس نہیں کرتیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے ہمیشہ ایسا لگتا ہے کہ چیزوں نے مجھے گھیر رکھا ہے، تو میں ہمیشہ حیران ہوتی ہوں کہ کیا میں واقعی اس ماحول کا حصہ ہوں یا نہیں، میں نے اپنی زندگی اس کام سے مطمئن ہونے کے لیے گزار دی مگر اب بھی اطمینان محسوس نہیں کرتی۔ ان کا کہنا تھا کہ میرے لیے اپنی ذات سے زیادہ کوئی اور بیزار کن نہیں، میں دیگر افراد کو زیادہ دلچسپ محسوس کرتی ہوں، جبکہ خود کو کند ذہن تصور کرتی ہوں۔

فواد خان فلم ''عبیر گلال'' کے اتھ 9 برس بعد بالی ووڈ میں واپسی کے لیے تیار

فلم 9 مئی کو ریلیز ہوگی جس میں فواد خان اداکارہ وانی کپور کے ساتھ رومانوی کردار میں دکھائی دیں گے



ممبئی (این این آئی) پاکستان کے عالمی شہرت یافتہ سپر اسٹار اداکار فواد خان فلم عبیر گلال کے ساتھ 9 برس بعد بالی ووڈ میں واپسی کے لیے تیار ہیں۔ اداکار نے 9 برس کے بعد واپسی کے ساتھ ہی اپنا معاوضہ 3 گنا بڑھا دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فلم عبیر گلال 9 مئی کو ریلیز ہوگی جس میں فواد خان اداکارہ وانی کپور کے ساتھ رومانوی کردار میں دکھائی دیں گے۔ بھارتی ہندو انتہا پسندوں کی دھمکیوں کے باوجود فلم کے ٹیزر کے بعد پہلا رومانوی گانا عشق خدایا بھی ریلیز ہوگیا ہے جسے ارجیت سنگھ اور شلپا راکی آواز میں ریکارڈ کیا گیا ہے۔ اس فلم کی ریلیز کے حوالے سے موصول ہونے والی دھمکیوں کے باوجود بالی ووڈ اسٹارز پاکستانی فنکاروں کی حمایت میں اپنے خیالات کا اظہار کررہے ہیں ایسے میں فواد خان کے فلم کے لیے وصول کیے جانے والے معاوضے سے متعلق بھی خبریں گردش کررہی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فواد خان نے اپنی مقبولیت کو مدنظر رکھتے ہوئے بالی ووڈ میں 9 برس بعد واپسی کے ساتھ ہی اپنا معاوضہ 3 گنا بڑھا دیا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ فواد خان پاکستانی ڈراموں میں فی قسط 15 سے 20 لاکھ روپے تک وصول کرتے ہیں جبکہ فلم کا معاوضہ عام طور پر 2 کروڑ روپے تک وصول کرتے رہے ہیں۔ میڈیا ذرائع کے مطابق فواد خان مبینہ طور پر عبیر گلال میں اپنے کردار کے لیے 50 سے 100 ملین یعنی 5 سے 10 کروڑ روپے بطور معاوضہ لے رہے ہیں، اس کے مقابلے میں ان کی ساتھی اداکارہ وانی کپور مبینہ طور پر اس فلم کے لیے تقریباً ڈیڑھ کروڑ روپے وصول کررہی ہیں۔ واضح رہے کہ فلم عبیر گلال کی مرکزی کاسٹ کے معاوضے سے متعلق زیرِ گردش خبروں پر فلم کی ٹیم کی جانب سے کوئی بیان جاری نہیں کیا گیا اور نہ ہی دونوں اداکاروں نے اس کی تردید یا تصدیق کی ہے۔ عبیر گلال کی ہدایت کاری کے فرائض آرتی ایس بگدی نے انجام دیے ہیں اور اس کی شوٹنگ لندن کے دلکش پس منظر میں کی گئی ہے۔

نیویارک: ٹریبیکا اسکریننگ روم میں "دی کارٹرز" کی اسکریننگ میں شرکت کررہے ہیں

اقصیٰ ناز ایڈووکیٹ

جسم میں پانی کی کمی کی علامات

پانی زندگی کے لیے بہت ضروری ہے اور اس کی کمی پورے جسم پر مضر اثرات مرتب کرتی ہے اور جسم میں پانی کی کمی کے لیے بہت زیادہ دوڑنے کی بھی ضرورت نہیں، کافی دیر تک پانی نہ پینا ہی جسم میں اس کی کمی کا باعث بن جاتا ہے۔ بالخصوص موسم گرما کے دوران تو ڈی ہائیڈریشن کا امکان بہت زیادہ ہوتا ہے کیونکہ پسینے کی شکل میں پانی کا بہت زیادہ اخراج ہوتا ہے۔ اچھی بات تو یہ ہے کہ اس سے بچنا بھی بہت آسان ہے بس پانی ہی تو پینا ہے، تاہم اس کا خیال نہ رکھنا مختلف پیچیدگیوں کا باعث بھی بنتا ہے۔ طبی سائنس کے مطابق معمولی کمی یعنی جسم میں پانی کی مقدار کا ایک سے 2 فیصد حصہ کم ہونا بھی روزمرہ کے افعال کو سرانجام دینے کی صلاحیت بری طرح متاثر کرسکتا ہے۔ بدقسمتی سے ڈی ہائیڈریشن کے ابتدائی مراحل کو شناخت کرنا اتنا آسان نہیں ہوتا، کیونکہ اس کی سب سے عام علامات ایسی ہیں جو دیگر متعدد وجوہات کا نتیجہ بھی ہوسکتی ہیں۔ تاہم گرم موسم میں درج ذیل نشانیاں نظر آئیں تو بہتر ہے کہ ایک یا 2 گلاس پانی پی لیں تاکہ جسم میں پانی کی کمی کا مسئلہ تو نہ ہو۔

سانس میں بو یا منہ خشک ہونا

ویسے ضروری نہیں کہ سانس میں بو پانی کی کمی کا نتیجہ ہی ہو، مگر یہ اس کی اہم نشانیوں سے میں اور ممکنہ علامت ہے، ویسے تو یہ بھی مختلف طبی مسائل کے باعث بھی ہوسکتا ہے، تاہم اگر منہ اکثر خشک یا چپچپا محسوس ہو، یا ہر وقت پیاس کا احساس ہو تو بہتر ہے کہ ڈاکٹر سے چیک کرالیں۔

مسلز کی تکلیف یا ان کا اکڑنا

طبی ماہرین کے مطابق جسمانی سرگرمی کے دوران اگر مسلز اکڑ جائے تو یہ ڈی ہائیڈریشن اور الیکٹرولائٹ کی کمی کا نتیجہ ہوسکتا ہے، کیونکہ جسم اہم منرلز جیسے سوڈیم اور پوٹاشیم کی کمی کا شکار ہوجاتا ہے۔ یہ منرلز جسم میں پانی کی سطح کا توازن بحال رکھنے میں مدد فراہم کرتے ہیں اور اعصابی نظام کے افعال کو بھی کنٹرول کرتے ہیں۔ پانی کی کمی سے مسلز میں تکلیف یا اکڑنے کا مسئلہ صرف سخت جسمانی سرگرمیوں کے عادی افراد کو نہیں ہوتا، بلکہ چہل قدمی کے دوران ہی مسلز میں تکلیف یا کھچاؤ کا احساس ہو تو یہ بھی پانی کم پینے کی نشانی ہوسکتی ہے۔

سردرد

جی ہاں سردرد واقعی معمولی سے معتدل ڈی ہائیڈریشن کی عام علامت ہے، جس کی شدت قابل برداشت یا بہت زیادہ بھی ہوسکتی ہے۔ ڈی ہائیڈریشن سے آدھے سر کے درد کا مسئلہ بھی زیادہ متحرک ہوجاتا ہے، جس کی وجہ ابھی تک مکمل طور پر سامنے نہیں آسکی۔ تاہم محققین کے مطابق ڈی ہائیڈریشن سے عارضی طور پر دماغی ٹشوز سکڑ جاتے ہیں اور اس کا نتیجہ سردرد کی شکل میں نکلتا ہے۔

پیشاب کی رنگت میں تبدیلی

یہ ڈی ہائیڈریشن کو پکڑنے کا آسان ترین ذریعہ بھی سمجھا جاسکتا ہے، بس پیشاب کی رنگت کو دیکھیں اگر وہ گہرے زرد رنگ کا ہے تو یہ جسم کا اشارہ ہے کہ ایک یا 2 گلاس پانی پی لیں۔ جتنا زیادہ پانی پینا عادت بنائیں گے پیشاب کی رنگت اتنی زیادہ شفاف ہوگی، ہلکا پیلا رنگ ہائیڈریشن کا اشارہ دیتا ہے۔

سر چکرانا، متلی

اگر اچانک سر چکرانے لگے یا متلی کا احساس ہو تو ہوسکتا ہے کہ یہ کسی بیماری کا نتیجہ ہو، مگر یہ پانی کی کمی کا باعث بھی ہوسکتا ہے۔ موسم گرما میں فلوجیسی یہ علامات ڈی ہائیڈریشن کا نتیجہ بھی ہوسکتی ہیں، جس میں لوگوں کو بخار یا ٹھنڈ لگنے کا احساس بھی ہوسکتا ہے، جو پانی کی بہت زیادہ کمی کا باعث ہوتا ہے۔

بھوک لگنا

پیاس اور تھکاوٹ ایک دوسرے سے منسلک ہوتے ہیں، کیونکہ ان کو دماغ کا ہی ایک حصہ کنٹرول کرتا ہے جو جسمانی درجہ حرارت کا بھی خیال رکھتا ہے۔ اگر کھانے کے کچھ دیر بعد ہی دوبارہ بھوک لگنے لگے تو ہوسکتا ہے کہ یہ اصل میں بھوک نہیں پیاس ہو۔ اس اچانک بھوک کے ساتھ اوپر درج نشانیوں میں سے کچھ بھی موجود ہوں تو یہ ڈی ہائیڈریشن کا ہی نتیجہ ہے، مگر لوگ اکثر اس کو سمجھنے میں ناکام رہتے ہیں۔

تھکاوٹ

جسم میں پانی کی مناسب مقدار دن بھر توانائی کی سطح کو مستحکم رکھنے کا اہم ترین ذریعہ ہے۔ ہائیڈریشن سے جسم کو خلیات تک اہم اجزا پہنچانے میں مدد ملتی ہے اور اعضا اپنے افعال جاری رکھتے ہیں، مگر پانی کے کمی سے یہ افعال تھکاوٹ کا شکار کردیتے ہیں۔ اور ہاں پانی نیند کے معیار پر براہ راست اثرانداز ہونے والا عنصر ہے، جس کی کمی سے نیند پر بھی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ تاہم بہت زیادہ پانی پینا بھی نقصان دہ ہے کیونکہ رات کو کئی بار پیشاب کرنے کے لیے اٹھنا پڑتا ہے جس سے بھی تھکاوٹ کا امکان ہوتا ہے، تو توازن کو برقرار رکھنا ہی اہم ہدف ہونا چاہیے۔





ہر برس 22 مارچ کو دنیا بھر میں پانی کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔ سن 2021 کے واٹر ڈے کا تھیم ہے ''پانی کی قدر کریں'' تاکہ عام لوگوں میں شعور بیدار کیا جاسکے کہ صاف پانی کو بے دریغ استعمال کرنے سے گریز کریں۔ پاکستان کا شمار جنوبی ایشیاء کے ان ممالک میں ہوتا ہے جن کی معیشت کا بڑا انحصار زراعت پر ہے، اس سے پاکستان کو قریب 18.9 فیصد جی ڈی پی حاصل ہوتا ہے۔ ملک کی کل آبادی کا 68 فیصد دیہات میں آباد ہے جن کا ذریعہ روزگار، کھیتی باڑی، تجارت یا گلہ بانی ہے جو کسی نہ کسی طور زراعت کا حصہ ہیں۔ مگر بڑھتی ہوئی گلوبل وارمنگ اور موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے پاکستان میں زراعت سے منسلک افراد کو بڑے مسائل اور چیلنجز کا سامنا ہے جس میں صف اول پانی کی ذخائر کی کمی ہے۔ 2017ء میں پاکستان کونسل آف ریسرچ ان واٹر ریسورسز کی جانب سے ایک انتباہ جاری کیا گیا تھا کہ اگر پانی کے ضیاع کو روکا نہیں گیا تو 2025 تک ملک میں پانی کی شدید قلت ہوسکتی ہے۔ فی الوقت ملک کے 80 فیصد علاقوں کو پینے کا جو پانی دستیاب ہے وہ مضر صحت ہے اور متعدد وبائی امراض کا سبب بن رہا ہے۔ بارشوں اور برف باری کی کمی کی وجہ سے پاکستان کے دریاؤں میں پانی کی سطح بہت کم ہوگئی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ قیام پاکستان کے وقت ملک میں تقریباً 5 ہزار کیوبک میٹر پانی کے ذخائر تھے جو اب گھٹ کر محض ایک ہزار کیوبک میٹر رہ گئے ہیں۔ اس کمی کی بڑی وجہ ملک کی آبادی میں تیزی سے اضافہ اور ضروریاتِ زندگی کے لئے صاف پانی کا بے دریغ استعمال ہے جبکہ حکومتوں کی جانب سے بھی پانی کے ذخائر کی حفاظت اور فراہمی کے نظام میں بڑے نقائص ہیں۔ ملک کے بیشتر علاقوں میں گنا اور کپاس کاشت کی جاتی ہے جو بہت زیادہ پانی استعمال کرنے والی فصلیں ہیں۔ زمینداروں اور کسانوں کی اس طرف توجہ نہیں دلائی گئی کہ وہ ایسی فصلیں کاشت کریں جن میں پانی کی کھپت کم ہو۔ پاکستان کا شمار ان ممالک میں ہوتا ہے جہاں درخت لگانے کی شرح انتہائی کم ہے جبکہ چاروں صوبوں میں جنگلات کی بے دریغ کٹائی سے اپنے صدیوں پرانے ایکولوجیکل سسٹم میں بگاڑ خود پیدا کیا ہے۔ اس میں ساحلی علاقوں میں مینگروز کی کٹائی سے سب سے زیادہ نقصان ہوا ہے۔ جس کے اثرات کبھی بارشوں کی قلت اور کبھی طوفانوں کی صورت میں ہمارے سامنے ہیں۔ صرف مخصوص علاقوں میں سونامی ٹری مہم کے بجائے اگر دیگر علاقوں میں بھی تھوڑے تھوڑے درخت اگائے جائیں تو زیادہ بہتر نتائج سامنے آئیں گے۔ 2010ء میں جنوبی افریقہ کے شہر کیپ ٹاؤن کی انتظامیہ نے ''ڈے زیرو'' کے نام سے ایک مہم کا آغاز کیا کیونکہ شہر میں پانی کی شدید قلت ہوچکی تھی اور ماہرین نے وارننگ جاری کی تھی کہ صرف تین ماہ میں شہر سے پانی ناپید ہوجائے گا۔ اس کڑی صورتحال سے نمٹنے کے لئے انتظامیہ نے عوام میں شعور اجاگر کرنے کی مہم کا آغاز کیا کہ روزمرہ استعمال ہونے والے پانی کی کھپت کو اگر ہر گھرانہ آدھا کردے تو صورتحال پر قابو پایا جاسکتا ہے

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

وزیر بلدیات پنجاب کی جانب سے سمبڑیال روڈ کی سیوریج اور سڑک کی تعمیر نو کا افتتاح

اس موقع پر افسران اور سینٹری ورکرز بھی موجود تھے، ٹیم وزیر بلدیات کی جانب سے فتہ کاٹا گیا اور آخر میں دعائے خیر کی گئی



ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) سمبڑیال بلدیات پنجاب کی جانب سے کر دیا گیا۔ڈاکٹر رومان عاشر میاں، سی او بلدیہ ڈسکہ الفت شہزاد، عظیم بٹ صاحب صدر پی پی 51 محمد افضل منشاء سٹی صدر ڈسکہ وچیئرمین مرکزی انجمن تاجران ڈسکہ، پولیٹیکل سیکرٹری ٹو وزیر بلدیات سید داؤد شاہ بخاری، چوہدری نصراللہ چیمہ ایڈووکیٹ، سابقہ وائس چیئرمین بلدیہ ڈسکہ میاں ندیم مغل، وائس چیئرمین چوہدری سرفراز احمد چیمہ، عرفان ساہی ایڈووکیٹ، نعیم بٹ، زاہد جہانگیر، رانا رضا صدر یوتھ ونگ پی پی 51، چوہدری احسن احسان چیمہ ایڈووکیٹ جنرل سیکرٹری یوتھ ونگ پی پی 51، رانا عمران ہیرا اور معزز شہریوں کی شرکت انجینئر کبیر، بلدیہ ڈسکہ کے دیگر افسران اور سینٹری ورکرز بھی موجود تھے اس موقع پر ٹیم وزیر بلدیات کی جانب سے فتہ کاٹا گیا اور آخر میں دعائے خیر کی گئی۔

ضلع کونسل سیالکوٹ کینجانب سے بیگووالہ ڈیوائڈر پر پھولدار پودے لگائے جارہے ہیں

اڈہ بیگووالہ، بھوپال والہ، اگوکی مین ڈیوائیڈرز گرین بیلٹس قائم کررہے ہیں: فیصل شہزاد



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) چیف آفیسر ضلع کونسل ڈسٹرکٹ سیالکوٹ فیصل شہزاد نے کہا کہ سیالکوٹ کی تمام چاروں تحصیلوں میں شجرکاری مہم زور شور سے جاری ہے۔علاوہ ازیں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات کی روشنی میں ضلع سیالکوٹ بھر میں ناجائز تجاوزات وتعمیرات کیخلاف آپریشن شدومد سے جاری اور بڑے پیمانے پر اینٹی انکروچمنٹ آپریشن کے دوران ناجائز تجاوزات وتعمیرات مسمار کی گئیں ہیں۔ انہوں نے کہا کے علاوہ ازیں ہم شہر کے داخلی خارجی ووسطی روڈز اور میں ڈیوائیڈرز پر گرین بیلٹس کیساتھ خوشنما پھولدار پودے لگا رہے ہیں جس سے نہ صرف ماحول میں خوبصورتی کا عنصر ملے گا بلکہ ون وے ٹریفک کو ڈیوائیڈرز پر لگے پودوں کیوجہ سے مخالف سمت سے انیوالی گاڑیوں کی تیز لائٹس سے بھی چھٹکارا ملے گا۔

معصوم فلسطینی شہریوں وبچوں کی شہادتوں پر گہرے کرب میں ہیں: رانا محمد عرفان

دنیا غزہ میں جنگ بندی کیلئے فوری یقین کو مجبور کرے: رانا فیصل



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) اسرائیلی بمباری منٹ و بربریت کے نتیجے میں غزہ میں ہوئیں اب تک کم وبیش 60 ہزار معصوم فلسطینی بچوں خواتین مردوں بوڑھوں کی بہیمانہ شہادتوں پر دل گرفتہ وسخت کرب میں مبتلا ہیں۔اسرائیلی صدر نے اقوام متحدہ، او آئی سی سمیت مسلم امہ و دیگر ممالک کی اپیل کے باوجود غزہ کی تباہی نہیں روکی اور غزہ کو آگ وبارود کے ڈھیر میں تبدیل کرکے ہلاکتوں کی انگنت تاریخ رقم کردی ہے۔ ان باتوں کا اظہار رانا محمد عرفان اور رانا فیصل آف سیالکوٹ سوئٹس اینڈ بیکرز نے اپنے میڈیا بیان میں کیا۔انہوں نے کہا کہ دنیا کی بے حسی کے باعث غزہ آخری سانسیں لے رہا ہے۔اسرائیل نے غزہ میں زخمیوں کو علاج معالجہ وطبی امداد وادویات اور پینے کے پانی وخوراک و ضروریات زندگی کی فراہمی کو بند کررکھا ہے اقوام متحدہ کے پناہ گزین کیمپوں اور مریضوں پر بھی میزائل حملے جاری ہیں دنیا اسرائیل وحماس کو جنگ بندی کیلئے مجبور کرنے کیلئے عملی کردار کرے۔

کالج چوک اور کمپری ہنسو چوک کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے: کمشنر ساہیوال

ڈویژن بھر کے تمام سکولوں کے اندر اور گردونواح میں موجود تمام مین ہولز پر کور رکھنے کی ہدایت



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے ڈویژن بھر کے تمام سکولوں کے اندر اور گردونواح میں موجود تمام مین ہولز پر کور رکھنے کی ہدایت، وہ یہاں اپنے دفتر میں پمپ پروگرام اور میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے تھے جس میں تمام متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔کمشنر شعیب اقبال سید نے شہر میں صفائی کے حوالے سے سی ای او ساہیوال واٹر اینڈ سیوریج کمپنی افتخار علی کو ہدایت کی کہ سینٹری ورکرز کی 100 فیصد حاضری یقینی بنائی جائے۔انہوں نے کہا کہ مشینری کو موثر انداز میں استعمال میں لاکر صفائی یقینی بنائی جائے۔انہوں نے کہا کہ پمپ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں پر کام کی رفتار کو تیز کیا جائے تاکہ مقررہ ڈیڈلائن کے مطابق مکمل کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ کالج چوک اور کمپری ہنسو چوک کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے تاکہ شہریوں کو درپیش مشکلات ختم کی جاسکیں۔انہوں نے میونسپل کارپوریشن حکام کو ہدایت کی کہ شہر میں ریڑھی بانوں کو مخصوص جگہوں پر رہنے کی تلقین کی جائے اور بازاروں کے درمیان کھڑی ریڑھیوں کو فوری ہٹایا جائے تاکہ ٹریفک کے مسائل پیدا نہ ہوں۔انہوں نے پی ایچ اے حکام کو شہر کی گرین بیلٹس کو مزید خوبصورت بنانے کی بھی ہدایت کی۔

جہلم کی تحصیل سوہاوہ میں گزشتہ روز چلنے والی شدید آندھی کے باعث مکان کی دیوار گر گئی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم کی تحصیل سوہاوہ میں گزشتہ روز چلنے والی شدید آندھی کے باعث مکان کی دیوار گر گئی۔ دو افراد دیوار تلے دب کر جاں بحق جبکہ دو افراد شدید زخمی ریسکیو 1122 نے دونوں لاشوں اور زخمیوں کو تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال سوہاوہ منتقل کر دیا جاں بحق ہونے والوں میں عامر ولد بشیر عمر 30 سال یوسف ولد نور الٰہی عمر 55 سال جبکہ زخمیوں میں اخلاق ولد لال حسین عمر 60 سال الیاس ولد لال حسین عمر 62 سال شامل ہیں۔

حافظ آباد میں موٹر وے پر تیز رفتار کار ٹائر پھٹنے سے کھائی میں جا گری جس کے نتیجہ میں ایک خاتون جاں بحق

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں موٹر وے پر تیز رفتار کار ٹائر پھٹنے سے کھائی میں جا گری جس کے نتیجہ میں ایک خاتون جاں بحق جبکہ دو افراد شدید زخمی ہو گئے۔تفصیلات کے مطابق پنڈی بھٹیاں کے قریب موٹر وے ایم ٹو پر تیز رفتار کار اچانک ٹائر پھٹ گیا جس کے نتیجہ میں کار موٹر وے سے نیچے کھائی گر گئی اور کار میں سوار ایک خاتون خالدہ اشرف جان موقع پر جاں بحق جبکہ ڈرائیور سمران اور متوفیہ کی بیٹی صنم انور شدید زخمی ہو گئے جنھیں فوری طور پر نازک حالت کے پیش نظر ٹی ایچ کیو ہسپتال لیجایا گیا جہاں سے انہیں الائیڈ ہسپتال فیصل آباد ریفر کر دیا گیا۔

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کی ڈنڈوت آمد

چکوال (ایم ایوب سلطانی) آج مورخہ 18 اپریل 2025 بروز جمعہ، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر



خان کی ڈنڈوت آمد جس میں پاکستان پیپلز پارٹی ضلع چکوال کے عہدہ داران وکارکنان شرکت کریں گے جس کے مہمان خصوصی گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر کو ڈنڈوت پہنچیں پر ان کا شاندار استقبال کیا جائے جس کی میزبانی راجہ رضوان ڈنڈوت کررہے ہیں

پاکستان میں آئرلینڈ کی سفیر کا گوردوارہ جنم استھان کا دورہ

گوردوارہ جنم استھان پہنچنے پر سفیر اور وزیر مملکت کا شاندار استقبال کیا گیا



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) پاکستان میں آئرلینڈ کی سفیر میری اونیل مولونے نے وزیر مملکت برائے موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر شذرہ منصب علی کھرل کے ہمراہ گوردوارہ جنم استھان کا دورہ کیا، گوردوارہ جنم استھان پہنچنے پر سفیر اور وزیر مملکت کا شاندار استقبال کیا گیا۔ڈپٹی کمشنر محمد سلیم اختر راؤ اور سکھ رہنماؤں نے مہمانوں کا استقبال کیا۔آئرلینڈ کی سفیر نے گوردوارہ جنم استھان کے مختلف حصوں کو دیکھا، مہمانوں کو گوردوارہ کی تاریخ اور سکھ مذہب کے تعلیمات کے بارے بتایا گیا، مہمانوں نے سکھ مذہب کی رسومات کی ادائیگی کو بھی دیکھا۔گوردوارہ انتظامیہ کی جانب سے آئرلینڈ کی سفیر اور وزیر مملکت کو یادگاری سروپے بھی پہنائے گئے۔اس موقع پر آئرلینڈ کی سفیر میری اونیل مولونے نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گوردوارہ جنم استھان کی عالی شان اور یادگار عمارت دیکھ کر بہت خوشی ہوئی، پاکستان میں مختلف مذاہب کے ماننے والوں کو اکٹھا دیکھ کر بہت اچھا لگا۔انہوں نے کہا کہ شاندار استقبال اور بہترین مہمان نوازی پر حکومت پاکستان اور کھلی انتظامیہ کی مشکور ہوں۔وزیر مملکت برائے موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر شذرہ منصب علی خان کھرل نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پر امن ملک ہے، یہاں پر تمام اقلیتوں کو مکمل مذہبی آزادی حاصل ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بسنے والے تمام مذاہب و مسالک کے افراد بہن بھائیوں کی طرح زندگی بسر کررہے ہیں۔

مصطفی آباد میں تجاوزات کے خلاف بڑے پیمانے پر آپریشن

پختہ تھڑے، بورڈ، کھوکھے، پتے توڑ دیئے گئے، آپریشن کی نگرانی اسسٹنٹ کمشنر قصور اسفندیار نے کی

مصطفی آباد/لیانی (نمائندہ خصوصی) مصطفی آباد میں تجاوزات کے خلاف بڑے پیمانے پر آپریشن، سروس روڈ پر عرصہ دراز سے قائم پختہ تجاوزات کو



پختہ تھڑے، بورڈ، کھوکھے، پتے توڑ دیئے گئے، آپریشن کی نگرانی اسسٹنٹ کمشنر قصور اسفندیار نے کی، تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر قصور اسفندیار کی زیر نگرانی مصطفی آباد سروس روڈ پر قائم تجاوزات کے خاتمہ کے لئے میونسپل کمیٹی مصطفی آباد کی طرف سے بڑے پیمانے پر آپریشن کیا گیا، تجاوزات کے خلاف آپریشن میں چیف آفیسر میونسپل کمیٹی محمد فاروق ، ایم او تفویض خالد، انکروچمنٹ انسپکٹر جمیل احمد سمیت دیگر عملہ نے حصہ لیا، اسسٹنٹ کمشنر قصور اسفندیار کی زیر نگرانی مصطفی آباد میں تجاوزات کے خلاف بڑے پیمانے پر آپریشن، سروس روڈ پر عرصہ دراز سے قائم پختہ تجاوزات کو مسمار کر دیا گیا، دوکانوں کے باہر لگے بورڈ زکو گرا دیا گیا، دوکانوں کے آگے لگے شیڈ بھی توڑ دیئے گئے، اسسٹنٹ کمشنر قصور اسفندیار کی زیر نگرانی نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب وڈپٹی کمشنر قصور کے خصوصی احکامات کی روشنی میں مصطفی آباد میں قائم تجاوزات کے مکمل خاتمہ تک آپریشن جاری رہے گا، تجاوزات مافیا جتنا بھی با اثر ہو قانون کے مطابق سب کے خلاف یکساں کاروائی عمل میں لائی جارہی ہے، تجاوزات شہر کی خوبصورت کو خراب کررہی ہے، تجاوزات کے خاتمہ سے شہر خوبصورت ہوگا۔

قانون کی بالادستی کیساتھ کھڑے ہیں: سابق صدر بار شاہد میر ایڈووکیٹ

رول آف لاء وآئین کی حفاظت کیلئے متحد ہیں: ملک شہباز اعوان



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سابق صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ شاہد میر ایڈووکیٹ نے ایس ایںڈ اے کی روح رواں ملک شہباز احمد اعوان اور صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری عرفان اللہ وڑائچ اور سیکرٹری جنرل سیالکوٹ بار کے ہمراہ ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر عہد کیا قانون کی بالادستی قائم کرنے اور ملک میں آئین کی حکمرانی کیلئے ہم نے ہمیشہ جدوجہد کی اور کرتے رہیں گے۔علامتی طور پر ایک دوسرے کے ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر ہم یہ پیغام دے رہے ہیں کہ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ کے معزز وکلاء ایک تھے ایک ہیں اور انشاء اللہ قانون کی حکمرانی اور آئین کی پاسداری کیلئے متحد ہو کر جدوجہد کریں گے۔اس موقع پر صدر ڈسٹرکٹ بار سیالکوٹ عرفان اللہ وڑائچ نے کہا کہ بلاشبہ ملک شہباز احمد اعوان وہ عظیم رہنما ہیں جنہوں نے ہمیشہ وکلاء اتحاد کیلئے عملی کاوشیں کیں جس کی بدولت آج وکلاء ایک پلیٹ فارم پر ہیں۔شاہد میر ایڈووکیٹ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ کی ایک گرجدار وجاندار شخصیت اور ہمارا فخر ہیں۔

سٹیج اور فلم کی دنیا میں محنت اور لگن سے مقام حاصل کیا: نومی سردار

سٹیج ڈراموں سے کیریئر کا آغاز کیا اور جان دار اداکاری، برجستہ مکالموں اور منفرد انداز کی بدولت ہزاروں دلوں کو اپنا گرویدہ بنایا



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) شوبز کی دنیا میں روز نئے چہرے آتے ہیں، لیکن کچھ فنکار اپنی محنت، لگن اور خداداد صلاحیتوں کی بنا پر دلوں پر راج کرنے لگتے ہیں۔ایسا ہی ایک نام ہے نومی سردار، جو تیزی سے سٹیج اور فلمی دنیا میں اپنی پہچان بنا رہا ہے۔نومی سردار نے سٹیج ڈراموں سے اپنے کیریئر کا آغاز کیا اور دیکھتے ہی دیکھتے اپنی جان دار اداکاری، برجستہ مکالموں اور منفرد انداز کی بدولت ہزاروں دلوں کو اپنا گرویدہ بنالیا۔اس کی پرفارمنس میں حقیقت کا رنگ اور جذبات کی شدت صاف نظر آتی ہے، جو اسے دوسرے فنکاروں سے ممتاز بناتی ہے۔فلمی دنیا میں بھی اس کی انٹری شاندار رہی۔کچی بدایتکار اور پروڈیوسر نومی سردار کے ساتھ کام کرنے میں دلچسپی ظاہر کر چکے ہیں۔ وہ نہ صرف ایک باصلاحیت اداکار ہے بلکہ اس کے اندر ایک اچھے انسان کی جھلک بھی دیکھی جاسکتی ہے، جو اپنے سینئرز کا احترام اور جونیئرز کی حوصلہ افزائی کرنا بخوبی جانتا ہے۔شائقین کو امید ہے کہ نومی سردار، بہت جلد پاکستان کے بڑے ستاروں کی صف میں شامل ہوگا، اور سٹیج وفلم دونوں میدانوں میں اپنی انفرادیت کا لوہا منوائے گا۔

دیپالپور اقدام قتل پولیس کی بروقت کارروائی اقدام قتل کے تینوں ملزمان گرفتار

دیپالپور (زاہد عمران خان، تنویر عباس نقوی) دیپالپور اقدام قتل پولیس کی بروقت کارروائی اقدام قتل کے تینوں ملزمان گرفتار اڈا پر دو گروپوں میں جھگڑا، فائرنگ سے ایک شخص زخمی دیپالپور کے لاری اڈا پر دو گروپوں کے درمیان جھگڑے کے دوران فائرنگ کا واقعہ پیش آیا اطلاع ملنے پر ایس ایچ او سٹی دیپالپور نے پولیس ٹیم کے ہمراہ بروقت کارروائی کرتے ہوئے فائرنگ میں ملوث تینوں ملزمان وقار، وقاص اور عمران کو گرفتار کرلیا جن کے قبضے سے پسٹل بھی برآمد کرلیے گئے فائرنگ کے نتیجہ میں ایک شہری محمد نواز کی دائیں ٹانگ زخمی ہوئی جسے فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں اس کی حالت خطرے سے باہر بتائی جارہی ہے



ڈسٹرکٹ بار ننکانہ صاحب، تاجر تنظیموں اور صحافی برادری کی فلسطین کے حق میں ریلی

ریلی میں بڑی تعداد میں وکلاء، تاجر رہنما، سماجی کارکنان، اور عوام الناس نے شرکت کی

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈسٹرکٹ بار ننکانہ صاحب، مرکزی انجمن تاجران کی تمام تنظیموں، صحافی برادری اور انجمن تاجران کی تمام تنظیموں کی جانب سے فلسطین کے حق میں شاندار ریلی کا انعقاد تفصیلات کے مطابق آج شہر بھر میں وکلاء، صحافی برادری اور انجمن تاجران کی تمام تنظیموں کی جانب سے فلسطینی عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے ایک پُرامن اور بھرپور ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ریلی کا آغاز بار روم سے ہوا اور شہر کے مختلف راستوں سے گزرتے ہوئے میلاد چوک پر اختتام پذیر ہوئی۔ریلی میں بڑی تعداد میں وکلاء، تاجر رہنما، سماجی کارکنان، اور عوام الناس نے شرکت کی۔شرکاء نے فلسطینی عوام پر ہونے والے مظالم کے خلاف شدید نعرے بازی کی ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر فلسطین کے حق میں نعرے درج تھے اس موقع پر ریلی سے خطاب کرتے ہوئے بار ایسوسی ایشن کے صدر رائے عابد حسین کھرل نے کہا کہ فلسطین کی آزادی محض ایک سیاسی مسئلہ نہیں بلکہ انسانیت کا مسئلہ ہے۔ اسرائیلی مصنوعات کا مکمل بائیکاٹ کرنا ہوگا انہوں نے مزید کہا کہ وکلاء برادری ہر محاذ پر فلسطینی عوام کی حمایت جاری رکھے گی۔انجمن تاجران کے نمائندوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ فلسطین پر اسرائیل کے مظالم کی شدید مذمت کرتے ہیں فلسطینی بھائیوں کے ساتھ دل سے جُڑے ہوئے ہیں اور جب تک ظلم بند نہیں ہوتا احتجاج جاری رہے گا۔ریلی کے اختتام پر مذہبی اسکالر ڈاکٹر علامہ محب النبی طاہر نے امت مسلمہ اور فلسطین کے حق میں خصوصی دعا کروائی

دیپالپور اوکاڑہ فلسطین میں اسرائیل کے مظالم قابل مذمت ہیں: پروفیسر میاں محمد اسلم

فلسطین میں اسرائیل کی انسانیت کے خلاف جاری مظالم انتہائی افسوسناک ہے



دیپالپور (زاہد عمران خاں، بجوحہ) دیپالپور اوکاڑہ فلسطین میں اسرائیل کے مظالم قابل مذمت ہیں ان خیالات کا اظہار مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع اوکاڑہ تحصیل امیر پروفیسر ڈاکٹر میاں محمد اسلم صدیقی نے ضلعی و تحصیلی زمہ داران کے جامعہ محمدیہ اوکاڑہ میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس پروفیسر ڈاکٹر محمد حمود لکھوی سرپرست ضلع کی زیر صدارت منعقد ہوا حافظ محمد عبداللہ ظہیر کی طرف سے جاری پریس ریلیز کے مطابق انہوں نے کہا کہ فلسطین میں اسرائیل کی انسانیت کے خلاف جاری مظالم انتہائی افسوسناک ہے غزہ کی موجود مسلمانوں کی نسل کشی پر آواز اٹھائی پوری اقوام متحدہ و مسلم ممالک کا ردعمل پر موالیہ نشان ہے فلسطین میں سسکتی انسانیت آخری سانسیں لے رہی ہے عالمی ممالک اس کا تماشہ دیکھ رہے ہیں انسانیت کا ظلم بردار اقوام متحدہ بھی اسرائیلی برمظالم پر خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے انہوں نے مزید کہا کہ فلسطین میں اسرائیل کی جاری دہشت گردی سے معصوم بچوں، خواتین اور بیگناہ مسلمانوں کی شہادتوں اور تباہی وبربادی پر عالمی برداری

تھانہ راوی پولیس کی بڑی کارروائی ڈکیت گینگ کے 2 ارکان گرفتار

ملزموں کا دوران تفتیش متعدد وارداتوں کا انکشاف ملزموں سے 5 لاکھ روپے نقدی، موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تھانہ راوی پولیس کی ایس ایچ او ناصر جاوید کی سربراہی میں بڑی کارروائی ڈکیت گینگ کے 2 ارکان گرفتار ڈکیت گینگ کا سرغنہ ناصر اپنے ساتھی اسد سمیت گرفتار، ملزموں کا دوران تفتیش متعدد وارداتوں کا انکشاف ملزموں سے 5 لاکھ روپے نقدی، موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد۔ڈی پی او اوکاڑہ راشد ہدایت نے تھانہ راوی پولیس کی کارکردگی کو سراہا۔ روپے نقدی، موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد۔تفصیلات کے مطابق تھانہ راوی پولیس کی ایس ایچ او ناصر جاوید کی سربراہی میں بڑی کارروائی، ڈکیت گینگ کے 2 ارکان گرفتار ڈکیت گینگ کا سرغنہ ناصر اپنے ساتھی اسد سمیت گرفتار، ملزموں کا دوران تفتیش متعدد وارداتوں کا انکشاف ملزموں سے 5 لاکھ روپے نقدی، موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد۔ڈی پی او اوکاڑہ راشد ہدایت نے تھانہ راوی پولیس کی کارکردگی کو سراہا۔

ڈی ایس پی ٹریفک سر بالی خان کو تبدیل کر کے ڈی ایس پی رنگ روڈ تعینات کر دیا گیا

ملک احمد علی اعوان کو ڈی ایس پی ٹریفک شیخوپورہ کی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈی ایس پی ٹریفک سر بالی خان کو تبدیل کر کے ڈی ایس پی رنگ روڈ تعینات کر دیا گیا ہے جبکہ ان کی ملک احمد علی اعوان کو ڈی ایس پی ٹریفک شیخوپورہ کی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں، ڈی ایس پی ٹریفک سر بالی خان نے اپنی تعیناتی کے دوران ضلع میں ٹریفک کے امور فعال بنائے اور تجاوزات کے خاتمہ کیلئے بھرپور کردار ادا کرنے سمیت شہر میں قائم غیر قانونی ویگن و رکشہ اسٹینڈز کا صفایا کیا انہوں نے شہر میں رش کے مقامات پر نو پارکنگ بورڈز نصب کروائے اور ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کی اہمیت اجاگر کرنے کی خاطر کلیدی کردار ادا کیا ان کی زیر نگرانی ڈرائیونگ لائسنسنگ برانچ شیخوپورہ نے مثالی کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور تھری ویلرز رکشاؤں و موٹر سائیکلوں کے لائسنسوں کے اجراء میں پنجاب بھر میں مسلسل چار ماہ برتری حاصل کی انکے تبادلہ تک یہ سبقت برقرار رہی جس میں انچارج ڈرائیونگ لائسنسنگ برانچ انسپکٹر محمد پرویز اور نائب انچارج سب انسپکٹر میاں ناصر اقبال و دیگر افسران اور عملہ کی محنت کارکردگی بھی ناقابل فراموش ہے، ضلع بھر کے سماجی وکاروباری حلقوں نے ڈی ایس پی ٹریفک سر بالی خان کی پیشہ وارانہ خدمات کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ نو تعینات ڈی ایس پی ٹریفک ملک احمد علی اعوان بھی اعلیٰ تحکمانہ کارکردگی کا اعزاز برقرار رکھیں گے۔

بجلی چوری کرنا قانوناً جرم ہے: ایس ای فیسکو جھنگ مدثر علی

صارفین بجلی چوری کرنے سے اجتناب کریں بجلی چوری کے سدباب کے لیے ٹاسک فورس ٹیمیں دن رات فیلڈ میں کام کر رہی ہیں

جھنگ (بیورو رپورٹ) ایس ای فیسکو جھنگ سرکل مدثر علی شیخ نے کہا کہ بجلی چوری کرنا قانوناً جرم ہے صارفین بجلی چوری کرنے سے اجتناب کریں بجلی چوری کے سدباب کے لیے ٹاسک فورس ٹیمیں دن رات فیلڈ میں کام کر رہی ہیں جس کے نتیجہ میں 71 بجلی چوروں کو رنگے ہاتھوں گرفتار کیا گیا ہے اور انہیں 1 لاکھ 19 ہزار یونٹس چارج کر کے 25 لاکھ 18 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا ہے اور جملہ بجلی چوروں کے خلاف مختلف تھانوں میں مقدمات بھی درج کروا دیے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ بجلی چوروں سے جرمانہ کی وصولی کے لیے ریکوری ٹیمیں ہر ممکن کوشش کر رہی ہیں بجلی چوروں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لائی گئی ہیں جس

دیپالپور اوکاڑہ فلسطین میں اسرائیل کے مظالم قابل مذمت ہیں: پروفیسر میاں محمد اسلم

فلسطین میں اسرائیل کی انسانیت کے خلاف جاری مظالم انتہائی افسوسناک ہے

دیپالپور (زاہد عمران خاں بجوحہ) دیپالپور اوکاڑہ فلسطین میں اسرائیل کے مظالم قابل مذمت ہیں ان خیالات کا اظہار مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع اوکاڑہ تحصیلی امیر پروفیسر ڈاکٹر میاں محمد اسلم صدیقی نے ضلعی و تحصیلی زمہ داران کے جامعہ محمدیہ اوکاڑہ میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس پروفیسر ڈاکٹر محمد حمود لکھوی سرپرست ضلع کی زیر صدارت منعقد ہوا حافظ محمد عبداللہ ظہیر کی طرف سے جاری پریس ریلیز کے مطابق انہوں نے کہا کہ فلسطین میں اسرائیل کی انسانیت کے خلاف جاری مظالم انتہائی افسوسناک ہے غزہ کی موجود مسلمانوں کی نسل کشی پر آواز اٹھائی پوری اقوام متحدہ و مسلم ممالک کا ردعمل پر موالیہ نشان ہے فلسطین میں سسکتی انسانیت آخری سانسیں لے رہی ہے عالمی ممالک اس کا تماشہ دیکھ رہے ہیں انسانیت کا ظلم بردار اقوام متحدہ بھی اسرائیلی برمظالم پر خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے انہوں نے مزید کہا کہ فلسطین میں اسرائیل کی جاری دہشت گردی سے معصوم بچوں، خواتین اور بیگناہ مسلمانوں کی شہادتوں اور تباہی وبربادی پر عالمی برداری

قمار بازی کے اڈا پر چھاپہ، 6 جواری داؤ پر لگی رقم سمیت گرفتار

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تھانہ بی ڈویژن اوکاڑہ پولیس نے قمار بازی کے اڈا پر چھاپہ مار کر چھ جواریوں کو داؤ پر لگی رقم سمیت رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا ہے۔تفصیلات کے مطابق تھانہ بی ڈویژن اوکاڑہ کے ایس ایچ او انسپکٹر غلام رسول نے اپنی ٹیم کے ہمراہ قمار بازی کے اڈا پر چھاپہ مار کر تاش پر جوا کھیلتے ہوئے چھ جواریوں عدنان، مورس، ادریس، اظہر رشید اور احسن کو داؤ پر لگی رقم سمیت گرفتار کر کے ان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا ہے۔

اوکاڑہ پولیس نے ڈکیتی کی سنگین وارداتوں میں ملوث چھ سال سے مفرور اشتہاری مجرم کو گرفتار کرلیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس نے ڈکیتی کی سنگین وارداتوں میں ملوث چھ سال سے مفرور اشتہاری مجرم کو گرفتار کرلیا ہے۔تفصیلات کے مطابق تھانہ شیر گڑھ کے ایس ایچ او علی رضا شاہ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کارروائی کر کے ڈکیتی کی سنگین وارداتوں میں ملوث 6 سال سے مفرور اشتہاری مجرم محمد امین عرف اکرم کو گرفتار کرلیا ہے۔ڈی پی او محمد راشد ہدایت نے اشتہاری مجرم کو گرفتاری پر پولیس ٹیم کو شاباش دی ہے۔

ایڈیشنل سیشن جج اوکاڑہ نے بدنام زمانہ منشیات فروش کو 9 سال قید اور 1 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل سیشن جج اوکاڑہ نے بدنام زمانہ منشیات فروش کو 9 سال قید اور 1 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا ہے۔تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر اوکاڑہ پولیس نے 7 مارچ 2024 کو چھاپہ مار کر بدنام زمانہ منشیات فروش ناظم ولد الیاس سے 1740 گرام چرس برآمد کر کے اس کے خلاف مقدمہ درج کرلیا تھا جس کا فیصلہ سناتے ہوئے ایڈیشنل سیشن جج اوکاڑہ محمد اشفاق نے ملزم کو 9 سال قید اور 1 ایک لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنایا ہے۔ عدم ادائیگی جرمانہ پر 3 ماہ قید مزید بھگتنا ہوگی۔

گرمی بڑھتے ہی فوڈ پوائزننگ اور گیسٹرو کے امراض میں اضافہ

خواتین بچے اور بوڑھے پیٹ کے مرض کا شکار ہو کر ہسپتال پہنچنے لگے

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) گرمی بڑھتے ہی فوڈ پوائزننگ اور گیسٹرو کے امراض میں اضافہ 'خواتین' بچے اور بوڑھے پیٹ کے مرض کا شکار ہو کر ہسپتال پہنچنے لگے۔موسم گرما کے آغاز سے ہی گیسٹرو کے مریضوں بالخصوص بچوں اور بوڑھوں کو پیٹ 'معدہ کی شدید درد کیساتھ بار بار الٹیاں اور پیچش کے امراض بڑھ گئے۔ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ گیسٹرو سے بچنے کیلئے اچھی طرح ابال کر پانی پیا جائے 'نمکول کا استعمال کیا جائے 'بازار کے کھانے اور مشروبات سے مکمل بچا جائے 'سبزیاں' گوشت' پھلوں کو بہت اچھی طرح دھو کر استعمال کیا جائے 'زہریلی ادویات کے استعمال کیے جانے سے پھل 'سبزیاں بھی بیماریاں پھیلا رہے ہیں۔

مشہور مقدمہ قتل کا فیصلہ، راجہ انضمام الحسن جنجوعہ ایڈووکیٹ کے بھرپور دلائل

معروف نوجوان قانون دان کے بھرپور دلائل سے مقدمہ قتل کا ملزم عدالت سے بری ہوگیا



چکوال (ایم ایوب سلطانی) تھانہ چوآسیدن شاہ کے مشہور مقدمہ قتل کا فیصلہ، راجہ انضمام الحسن جنجوعہ ایڈووکیٹ کے بھرپور دلائل، نامزد ملزم بری۔چوآسیدن شاہ! معروف نوجوان قانون دان کے بھرپور دلائل سے مقدمہ قتل کا ملزم عدالت سے بری، تفصیلات کے مطابق تھانہ چوآسیدن شاہ کے مشہور مقدمہ قتل میں نامزد ملزم وسیم خان کی جانب سے معروف نوجوان قانون دان راجہ انضمام الحسن جنجوعہ ایڈووکیٹ نے پیروی

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

بقیہ 1 — بقیہ جات

اور قوم کیلئے خدمات کے اعتراف میں دیئے گئے ہیں، تقریب میں اعلیٰ فوجی حکام اور ایوارڈ حاصل کرنے والوں کے اہلخانہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ترجمان پاک فوج نے بتایا ہے کہ تقریب میں ستارہ امتیاز (ملٹری) اور تمغہ بسالت کے اعزازات دیئے گئے، شہدا کے اہلخانہ نے بعد از مرگ دیئے جانے والے اعزازات وصول کیے۔ اس موقع پر آرمی چیف نے پاک فوج اور دہشت گردی کیخلاف جنگ میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ شہداء اور غازی ہمارا فخر ہیں، شہداء کا احترام ہر پاکستانی کیلئے مقدم ہے۔ آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے مزید کہا ہے کہ آج کا امن اور آزادی شہداء کی لازوال قربانیوں کا نتیجہ ہے، پاک فوج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کا بے لوث عزم قابل تعریف ہے۔ علاوہ ازیں آئی ایس پی آر نے جنرل سید عاصم منیر کے اوورسیز پاکستانیوں کے کنونشن سے خطاب کی مزید تفصیلات بھی جاری کردی ہیں۔ آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے سوشل میڈیا کے غیر ذمہ دارانہ استعمال پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ قرآن کہتا ہے جب تمہارے پاس کوئی اطلاع آئے تو اچھی طرح تحقیق کرلیا کرو مگر سوشل میڈیا ''فارورڈ ڈ ایز ریسیوڈ'' ہے یعنی خبر کو بغیر تصدیق آگے بڑھا دیتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کے سیکیورٹی اداروں میں جو بغاوت کو ہوا دیتا ہے وہ پاکستان کا دشمن ہے، مٹھی بھر دہشت گرد پاکستان کو روشن مستقبل کی جانب بڑھنے سے نہیں روک سکتے۔ آرمی چیف کا کہنا تھا کہ جس ملک کے تمام ادارے آئین و قانون کے مطابق کام کریں ایسی ریاست کو ہارڈ اسٹیٹ کہا جاتا ہے، ہمیں امید نہیں چھوڑنی اور مایوس بھی نہیں ہونا ہے۔

بقیہ 2 — بقیہ جات

کیئر اسٹارمر کے لیے بھی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان برطانیہ کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم اور عوامی تبادلوں اور دیگر شعبوں میں تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی پاکستان کی خواہش کا اعادہ کیا، پاکستان اور برطانیہ تعلقات کو فروغ دینے اور تعاون کی نئی راہیں تلاش کرنے میں لارڈ واجد خان کی کوششوں کو سراہا۔ ملاقات میں لارڈ واجد خان نے وزیراعظم شہباز شریف کو اپنی حالیہ سرگرمیوں اور اقدامات سے آگاہ کیا۔

بقیہ 3 — بقیہ جات

کو حراست میں لے لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق آج عمران خان سے ملاقاتوں کا دن ہے تاہم آنے والے رہنماؤں کو روک دیا گیا ہے۔ قائد حزب اختلاف عمر ایوب گورکھ پورنا کہ پہنچے جہاں پولیس نے انہیں روک لیا۔ رد کے جانے کے بعد عمر ایوب نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ شہباز شریف سے بڑا جھوٹا کوئی نہیں، پیٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی جو انہوں نے لگائی ہے کتنی دیر تک دے سکتے ہیں؟ روپے کی قدر کم ہونے سے ملک پر 14 ہزار چار سو پچاس ارب قرضہ بڑھا ہے مہنگائی کہاں جارہی ہے ابھی مزید مسائل کھڑے ہونگے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا فائدہ بلوچستان کو کیسے دیں گے؟ یہ سب کا سب جھوٹ ہے حکومت بتائے کون سے فنڈ بلوچستان میں لگائیں گے؟ حکومت جھوٹ بول کر فراڈ کررہی ہے، بلوچستان میں اختر مینگل کا راستہ روکا گیا، قومی اسمبلی میں حکومت کے کسی ایم این اے کو کہا جائے کہ وہ بغیر سیکیورٹی کے بلوچستان جا کر دکھائے، بلوچستان کا وزیر اعلیٰ بغیر سیکیورٹی کے کوئٹہ سے باہر نہیں جاسکتا۔ اسی طرح علیمہ خان کو داہمگل کے مقام پر پولیس ناکے پر روک دیا گیا، ان کے ساتھ دیگر دو بہنوں کو بھی روک دیا گیا اس پر اہل خانہ نے احتجاج کیا اور کہا کہ اگر آج ملاقات نہیں کرنے دی گئی تو ہم یہاں سے نہیں جائیں گے، ہمیں یقین دہانی کرائی گئی تھی آج ہماری ملاقات کرائی جائے گی ہمیں آج پھر روکا گیا ہے اس کا مطلب یہ جھوٹ بول رہے ہیں۔ خاتون رہنما زرتاج گل کو پولیس نے داہمگل کے ناکے پر روک لیا اور جیل جانے کی اجازت نہیں دی۔

بقیہ 4 — بقیہ جات

واجد خان نے ملاقات کی، جس میں پاک برطانیہ تعلقات سمیت دو طرفہ امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، انسداد دہشتگردی، سکیورٹی اور کراس بارڈر جرائم کی روک تھام سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر بھی بات چیت ہوئی۔ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان برطانیہ کے ساتھ باہمی مفاد کے تمام شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینا چاہتا ہے۔ برطانوی وزیر لارڈ واجد خان نے جعفر ایکسپریس پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے شہداء کے خاندانوں سے اظہار تعزیت کی اور کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی بے پناہ قربانیوں کی قدر کرتے ہیں۔ وفاقی وزیر خواجہ اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ عالمی امن کے لیے وزارتی تیاری کانفرنس کا انعقاد نہایت اہم ہے۔ پائیدار عالمی امن کے لیے سب کو مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر پاکستان امن کے فروغ کے لیے اہم کردار ادا کررہا ہے۔ عالمی امن کے لیے مجموعی طور پر 2 لاکھ 35 ہزار پاکستانیوں نے کردار ادا کیا ہے۔ 181 پاکستانیوں نے عالمی امن کے لیے جانوں کے نذرانے پیش کیے ہیں۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ عالمی امن کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والوں کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ عالمی امن واستحکام کے لیے مسئلہ کشمیر کا حل ناگزیر ہے۔ اقوام متحدہ مسئلہ کشمیر سے متعلق اپنی قراردادوں پر عملدرآمد کروائے۔ مسئلہ کشمیر کے

ملک صرف 50 لاکھ فائلرز کے ساتھ چلتا رہا تو اس سے کوئی دیرپا حل ممکن نہیں۔ پرائم کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر علی سلمان نے کہا کہ نظام میں وضاحت کی ضرورت ہے اور دوہولڈنگ ٹیکس کی تعداد کم کی جائے، اس وقت 88 دوہولڈنگ ٹیکسز موجود ہیں جن میں سے 45 ٹیکسز کی آمدن ایک ارب روپے سے بھی کم ہے۔

بقیہ 12 — بقیہ جات

ہائی پی ٹی آئی عمران خان کی ضمانت کی درخواستوں پر سماعت ریکارڈ کی عدم دستیابی کی وجہ سے 23 اپریل تک ملتوی کردی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شہباز علی رضوی اور جسٹس طارق سلیم شیخ پر مشتمل دو رکنی بنچ نے درخواستوں پر سماعت کی۔ سرکاری وکیل نے فاضل بنچ کو آگاہ کیا کہ مقدمات کا ریکارڈ تاحال سپریم کورٹ میں ہے۔ عدالت نے کیس کی مزید سماعت 23 اپریل تک ملتوی کردی۔ درخواست میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی طرف سے موقف اپنایا گیا ہے کہ 9 مئی والے دن اسلام آباد میں نیب کی تحویل میں تھا، سیاسی انتقام کے لیے سازش کا الزام کا لگا مقدمات میں نامزد کیا گیا ،استدعا ہے عدالت آٹھ مقدمات میں ضمانت منظور کر کے رہائی کا حکم دے۔

بقیہ 13 — بقیہ جات

کیلئے بڑا فیصلہ کرلیا۔ رپورٹ کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ملک کی فلم انڈسٹری میں 2 ارب روپے کی گرانٹ تقسیم کرنے کی منظوری دیدی ہے۔ مقبول ترین فلمیں بنانے والے فلمسازوں اور ہدایتکاروں کو رقم مل سکے گی جس کیلئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے فلم فنڈز ڈسٹری بیوشن کمیٹی بھی تشکیل دی ہے۔ فلم فنڈز ڈسٹری بیوشن کمیٹی کی سربراہ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب ہوں گی، کمیٹی میں صوبائی وزیر اطلاعات لطفی بخاری، صوبائی وزیر خزانہ مجتبیٰ شجاع الرحمٰن، سیکرٹری اطلاعات، سیکرٹری پی اینڈ ڈی، سیکرٹری خزانہ بطور ممبر شامل ہوں گے۔ فنڈز ان ہدایتکاروں اور فلمسازوں کو ملیں گے جنہوں نے پانچ سالوں میں کم از کم ایک فلم بنائی ہو جبکہ فنڈز کے حصول کے لئے ضروری ہوگا کہ فلم کا اسکرپٹ اور کاسٹ سے متعلق بھی تفصیلات بتائی جائیں۔

بقیہ 14 — بقیہ جات

ورثا کے حوالے کردی گئیں، ایران میں فائرنگ سے جاں بحق ہونے والوں میں دانش، دلشاد، جعفر، ناصر، فہیم، محمد خالد اور محمد جمشید شامل ہیں۔ جاں بحق 5 افراد کا تعلق بہاولپور کے علاقے خانقاہ شریف، 2 کا احمد پور شرقیہ اور ایک فرد کا تعلق مسافر خانہ سے ہے، احمد پور شرقیہ کے 2 مقتولین کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی۔ واضح رہے کہ ایرانی شہر سیستان میں 8 پاکستانی مزدوروں کو فائرنگ کر کے قتل کیا گیا تھا۔ ایران میں دہشت گردی کا نشانہ بننے والے 8 پاکستانیوں میں سے 5 افراد کی اجتماعی نماز جنازہ ادا کر دی گئی۔ نماز جنازہ آبائی علاقے خانقاہ شریف میں گورنمنٹ ہائی اسکول گراؤنڈ میں ادا کی گئی۔ نماز جنازہ میں وفاقی پارلیمانی سیکریٹری عثمان اویسی، ایم پی اے شعیب اویسی اور دیگر نے شرکت کی۔ ایران میں جاں بحق والے محمد جمشید کی نماز جنازہ آبائی علاقے محراب والا میں ادا کی گئی۔ اس سے قبل ایران میں دہشت گردی کا نشانہ بننے والے 8 پاکستانیوں کی میتیں آبائی علاقوں میں پہنچائی گئی تھیں۔ 5 میتوں کو ایمبولینسز کے ذریعے آبائی علاقے خانقاہ شریف، 2 میتوں کو احمد پور شرقیہ اور 1 کو شجاع آباد پہنچایا گیا تھا۔ واضح رہے کہ 12 اپریل کو 8 پاکستانی شہریوں کو سیستان کے علاقے مہرستان میں افغان بارڈر کے قریب نشانہ بنایا گیا تھا۔

بقیہ 15 — بقیہ جات

مکمل ہو۔ چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نے ریمارکس دیے کہ فاضل کونسل ایسا مت کہیں۔ قانون انسداد دہشتگردی عدالت میں مقدمات کی روزانہ سماعت کا کہتا ہے۔ وکیل نے کہا کہ عدالت کے 4 ماہ کے حکم سے ٹرائل اپ سیٹ ہوگا، جس پر چیف جسٹس نے کہا کہ ٹرائل متعلقہ ہائیکورٹ اور انتظامی جج کا معاملہ ہے۔ سپریم کورٹ ٹرائل کی مانیٹرنگ نہیں کرے گی۔ وکیل لطیف کھوسہ نے بتایا کہ 9 مئی کے 500 مقدمات اور 24 ہزار ملزمان مفرور ہیں، جس پر چیف جسٹس نے کہا کہ 4 ماہ ٹرائل مکمل کرنے کے فیصلے میں ملزمان کے حقوق کا تحفظ کیا جائیگا۔ سپریم کورٹ میں 9 مئی مقدمات میں اعجاز چوہدری کی درخواست ضمانت پر سماعت ہوئی، جسے عدالت نے آئندہ ہفتے تک ملتوی کردیا۔ دوران سماعت چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ سینیٹر اعجاز چوہدری کے خلاف کیا شواہد ہیں؟ اسپیشل پراسیکیوٹر نے بتایا کہ اعجاز چوہدری کی ویڈیو موجود ہے جس میں وہ لوگوں کو اکسا رہے ہیں۔ چیف جسٹس نے پوچھا کہ کیا اعجاز چوہدری کی کوئی ویڈیو ہے؟ جس پر ڈی ایس پی لاہور پولیس ڈاکٹر جاوید نے اعجاز چوہدری کیخلاف مبینہ اکاریکارڈ پیش کردیا۔ اعجاز چوہدری کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ جو شواہد دیے گئے ہیں وہ ٹی وی انٹرویو ہے، جس پر چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ بے شک انٹرویو ہے، آپ کا موکل نوجوانوں کو اکسا رہا تھا۔ جسٹس شفیع صدیقی نے کہا کہ ایک انٹرویو 17 مئی اور ایک آڈیو 10 مئی کی ہے۔ جسٹس شکیل احمد نے کہا کہ اکسانے کا کیس ہے تو 9 مئی کے دن یا اس سے پہلے کا کوئی ثبوت دکھائیں۔ بعد ازاں عدالت نے پولیس کو مزید شواہد پیش کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے سماعت ملتوی کر دی۔ سپریم کورٹ میں 9 مئی کے سلسلے میں شیخ امتیاز اور حافظ فرحت عباس کی ضمانت کنفرم کردی جب کہ حافظ فرحت عباس کی ضمانت کی درخواست پر آئندہ ہفتے سماعت ہوگی۔

بقیہ 16 — بقیہ جات

تنقید کا جواب دیا ہے۔ گزشتہ روز لاہور میں انوائرنمنٹ پروٹیکشن فورس کی پہلی پاسنگ آؤٹ پریڈ سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا ہے کہ ایم ایس اور پرنسپل کو برطرف کرنے کے بعد سوشل میڈیا اور مین اسٹریم میڈیا پر مجھے تنقید کا نشانہ بنایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ میں خود بھی ڈاکٹروں کی دل سے عزت کرتی ہوں لیکن اپنے دور حکومت میں کسی بھی ڈاکٹر کو غریب مریضوں پر بوجھ ڈالنے کی اجازت نہیں دوں گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز نے کہا کہ جب میں نے اسپتال کے تہہ خانے پر چھاپہ مارا تو وہاں ادویات سے بھرے ڈبے موجود تھے جبکہ کچھ ڈاکٹرز مریضوں سے کہہ رہے تھے کہ وہ اسپتال کے باہر سے ادویات خرید کر لائیں۔ ان کا کہنا ہے کہ جب میں نے سرکاری اسپتالوں میں علاج کروانے والوں کے لیے مفت ادویات کے لیے تقریباً 100 ارب روپے مختص کر رکھے ہیں تو کوئی غریب مریض کو باہر سے مہنگی ادویات خریدنے کا کہے گا تو میں برداشت نہیں کروں گی، اس معاملے میں میری زیرو ٹالرینس ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ ماہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو اس وقت سخت تنقید کا سامنا کرنا پڑا تھا جب انہوں نے میو؟ اسپتال کے دورے کے دوران ایم ایس اسپتال ڈاکٹر فیصل مسعود کو عہدے سے فوری ہٹانے کا حکم دیا تھا۔

بقیہ 17 — بقیہ جات

یوسف اور دیگر نمائندگان موجود تھے۔ سونیا عاشر نے وفد کے ہمراہ جیل میں موجود بچوں کے سیکشن، نیکنیکل اداروں اور دی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا اور ان کی تعلیم، تربیت اور فلاح و بہبود سے متعلقہ امور پر گفتگو کی گئی۔ جیل حکام کی جانب سے سونیا عاشر کو تفصیلی بریفنگ دی گئی اور بچوں سے متعلقہ تمام سیکشنز کا دورہ کرایا گیا۔ سونیا عاشر نے تمام انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے اطمینان بخش قرار دیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے سونیا عاشر کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت کے مطابق ہم نہ صرف ایسٹری خوشیوں میں ان بچوں کو شامل کرنے آئے ہیں، بلکہ یہ بھی دیکھنے آئے ہیں کہ ان کے لیے تعلیم و تربیت کے کیا مواقع موجود ہیں کیونکہ انسانی حقوق کا تحفظ ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ریونڈ ڈاکٹر ڈاکٹر مجید اسہیل نے کہا کہ کیمپ جیل میں بچوں کے لیے فراہم کردہ سہولیات دیکھ کر خوشی ہوئی، تاہم مزید بہتری کی گنجائش موجود ہے۔ ہم سب کو مل کر ان بچوں کو بہتر مستقبل فراہم کرنے کے لیے کام کرنا ہوگا۔ ڈائریکٹر محمد یوسف نے کہا کہ جیل میں قید بچوں میں احساس محرومی کو کم کرنے اور ان کی بحالی کے عمل کو مزید موثر بنانے کے لیے محکمہ کے پلیٹ فارم سے کام کرتے رہیں گے۔ اپنے دورے کے اختتام پر سونیا عاشر و دیگر نے بچوں میں ایسٹر کی مناسبت سے تحائف تقسیم کیے۔

بقیہ 18 — بقیہ جات

ہے جن میں کہا گیا تھا کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ نیٹو کی فنڈنگ کو روکنے پر غور کررہی ہے۔ امریکی ٹی وی کے مطابق امریکی محکمہ خارجہ کی خاتون ترجمان ٹی بروس نے پریس بریفنگ کے دوران کہا کہ نیٹو کو برے کرداروں کو روکنے کی غرض سے تشکیل دیا گیا تھا، امریکی وزیر خارجہ اور صدر ڈونلڈ ٹرمپ دونوں نیٹو کے ساتھ اپنی مکمل وابستگی کے لئے پرعزم ہیں۔ انہوں نے نیٹو کی فنڈنگ روکنے کی خبروں کو لوگوں کو خوفزدہ اور پریشان کرنے کی کوشش قرار دیا۔

بقیہ 19 — بقیہ جات

اینڈ ورکس اجینسی برائے فلسطینی پناہ گزین اونروا کو ہنگامی ضرورت کے لیے درکار طبی اشیا فراہم کی گئی ہیں۔ عرب ٹی وی کے مطابق انسانی امداد کے لیے قائم شاہ سلمان امدادی مرکز کی جانب سے غزہ پٹی کے ہسپتالوں اور طبی مراکز کو درکار بنیادی طبی اشیا و ادویات مستقل بنیادوں پر فراہم کی جاتی ہیں۔ مرکز کی جانب سے طبی اشیا اور ادویات کے علاوہ دیگر ضروری اشیا کی ترسیل کا بھی خصوصی انتظام کیا جاتا ہے جو غزہ متاثرین میں تقسیم کی جاتی ہیں۔

بقیہ 20 — بقیہ جات

لیے ایک خصوصی بل پنجاب اسمبلی میں پیش کیا گیا ہے۔ بل کے مطابق، پنجاب میں ڈرگ کیسز کی سماعت کے لیے ایک نیا ٹریبونل قائم کیا جائے گا، جو ایک سیشن جج اور دو ماہرین پر مشتمل ہوگا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ سیشن جج کو تین سالہ مدت کے لیے نامزد کریں گے جبکہ حکومت دو ماہرین کو بھی تین سال کے لیے تعینات کرے گی، جن کا کم از کم تجربہ 15 سال ہوگا۔ بل کے متن میں واضح کیا گیا ہے کہ ٹریبونل کے کسی بھی کیس کے حتمی فیصلے کے لیے تینوں ارکان کی موجودگی ضروری ہوگی تاکہ فیصلے شفاف اور فنی بنیادوں پر کیے جاسکیں۔ ترمیمی بل کا مقصد ڈرگ کورٹس کو ماحولیاتی اور لیبر کورٹس کی طرز پر خودمختار بنانا ہے۔ یہ نیا ٹریبونل نہ صرف منشیات سے متعلق مقدمات کی سماعت کرے گا بلکہ ناقص اور غیر معیاری ادویات، نیز ادویات کی غیر قانونی تجارت سے جڑے کیسز بھی سنے گا۔ حکومت کا دعویٰ ہے کہ ان عدالتوں میں ماہرین کی شمولیت سے مقدمات کی سماعت تیز اور موثر ہوگی۔ ذرائع کے مطابق بل کو پنجاب اسمبلی کی متعلقہ کمیٹی کے سپرد کردیا گیا ہے جو آئندہ دو ماہ میں اس پر رپورٹ پیش کرے گی۔

بقیہ 21 — بقیہ جات

مکہ مکرمہ پولیس نے کہا ہے کہ مذکورہ شخص نے اشتہار میں دعویٰ کیا ہے کہ اس کے پاس عازمین حج کے لیے رہائش کیمپ اور ٹرانسپورٹ کا انتظام ہے۔ پولیس نے کہا کہ مذکورہ شخص کو گرفتار کرتے ہوئے اس کے قبضے سے دھوکے دہی سے حاصل کی جانے والی رقم بھی ضبط کرلی گئی ہے۔ مکہ مکرمہ پولیس نے تمام مقامی شہریوں اور مقیم غیر ملکیوں کو ہدایت کی ہے کہ حج کرنے کے لیے وزارت کی ویب سائٹ سے بکنگ کرائی جائے اور دھوکہ بازوں سے دور رہا جائے۔

بقیہ 22 — بقیہ جات

عدالت کی کارروائی کا اشارہ دے دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکا کے ایک وفاقی جج نے جبری ملک بدری کے معاملے میں ٹرمپ انتظامیہ کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی کا عندیہ دے دیا۔ واشنگٹن کے فیڈرل جج جیمز بوئس برگ کا کہنا تھا کہ ٹرمپ انتظامیہ نے تارکین وطن سے متعلق ان کے حکم کی جان بوجھ کر خلاف ورزی کی ہے۔ جج جیمز نے پچھلے مہینے حکم دیا تھا کہ وینزویلا کے تارکین وطن افراد کو ایل سلواڈور بھیجنے کا عمل فوراً روکا جائے۔ جج کا کہنا تھا کہ وائٹ ہاؤس نے ان افراد کو ملک بدر کرنے کے لیے ایک پرانے جنگی قانون کا سہارا لیا ہے جن پر جرائم پیشہ گروہوں میں شامل ہونے کا الزام ہے۔ فیڈرل جج نے اپنے 46 صفحات پر مشتمل فیصلے میں کہا کہ اس معاملے میں ٹرمپ انتظامیہ کے خلاف توہین عدالت کا مقدمہ چلانے کے لیے معقول جواز موجود ہے۔

بقیہ 23 — بقیہ جات

پالیسی ہے وہ آزاد ہوئی چاہیے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ ہم اپنے اصولوں پر، اپنے موقف پر اور اس ملک کی خاطر جنگ لڑ رہے ہیں، آج اسی وجہ سے خان صاحب جیل میں ہیں اور باقی لیڈر شپ بھی ہے، ان کی اہلیہ بھی ہیں تو ہم تو اس لیے لڑ رہے ہیں۔

بقیہ 24 — بقیہ جات

ء سے نوازنے کا اعلان کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق یہ اعزاز ان کے انسانی حقوق، مذہبی آزادی، صنفی مساوات، جمہوریت اور عدلیہ کی آزادی کے فروغ میں غیر معمولی خدمات کے اعتراف میں دیا جا رہا ہے۔ چیف جسٹس (ر) تصدق حسین جیلانی کو یہ اعزاز ڈیوک یونیورسٹی میں ہونے والی تقریب میں پیش کیا جائے گا، بوٹچ پرائز ہر سال ان افراد یا اداروں کو دیا جاتا ہے جو دنیا بھر میں قانون کی حکمرانی کے اصولوں کو فروغ دینے میں غیر معمولی خدمات انجام دیتے ہیں۔ جسٹس (ر) تصدق حسین جیلانی نے 1994ء سے 2014ء تک پاکستان کی اعلیٰ عدلیہ میں خدمات انجام دیں، جہاں انہوں نے خواتین اور اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے کئی اہم فیصلے دیئے۔

بقیہ 25 — بقیہ جات

زر کا خدشہ ظاہر کردیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق جیرم پاول کا کہنا تھا کہ اس ٹیرف کے نتیجے میں قلیل مدت میں افراط زر بڑھنے کا بہت زیادہ خدشہ ہے جبکہ اس کے دیرپا نقصانات بھی ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ وہ شرح سود میں کمی سے متعلق فیصلے سے پہلے مزید ڈیٹا کا انتظار کریں گے۔ امریکی فیڈرل ریزرو سربراہ نے خدشہ ظاہر کیا کہ ٹیرف کے نتیجے میں ملازمتوں پر بھی برا اثر پڑے گا۔

بقیہ 26 — بقیہ جات

مختلف تنظیموں کی طرف سے احتجاجی مظاہرے بھی کئے گئے جن میں مقررین نے اسرائیل کی بھرپور مذمت کرتے ہوئے عالمی برادری سے اس کے مظالم کا نوٹس لینے کا مطالبہ کیا۔ فلسطین میں مسلمانوں پر ہونے والے مظالم کے خلاف لاہور کی ہال روڈ مارکیٹ، انارکلی بازار، اردو بازار، عظم کلاتھ مارکیٹ اور اندرون شہر کی مارکیٹیں بند رہیں تاہم اگرچہ بادامی باغ آٹو پارٹس مارکیٹ انتظامیہ نے مارکیٹیں معمول کے مطابق کھولنے کا اعلان کیا گیا تھا مگر دکانداروں نے یہاں بھی دکانیں بند رکھیں۔ اس کے علاوہ پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز ایسوسی ایشن کی جانب سے بھی ہڑتال کی گئی۔

بقیہ 27 — بقیہ جات

سہولتوں کے فقدان اور سیکیورٹی کے مسائل سے متعلق درخواست پر سماعت ہوئی۔ عدالت نے چیف سیکرٹری اور دیگر فریقین کو فوکل پرسن مقرر کرنے کا حکم دے دیا جبکہ سندھ حکومت اور دیگر فریقین سے 22 اپریل کو جواب طلب کرلیا۔ جسٹس آغا فیصل نے ریمارکس میں کہا کہ عدلیہ میں مسائل ہیں، انہیں حل کرنے کے لیے وکلاء اور تمام سٹیک ہولڈرز کو ایک پیج پر آنا ہوگا، وکلاء کے بغیر ہم کچھ نہیں کر سکتے، وہ ہمارے بغیر نہیں چل سکتے، ہمیں مسائل کے حل کے لیے ایک پیج پر ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ جیل میں قائم انسداد دہشت گردی کی 18 عدالتیں ہیں، لاہور ہائی کورٹ نے 5 انسداد دہشت گردی کی عدالتوں کو ڈی نوٹی فائی کر دیا ہے، ان عدالتوں کا مختصر سکوپ ہے، ہم سندھ حکومت کو نوٹس کر دیتے ہیں۔ سندھ ہائی کورٹ کا کہنا ہے کہ کابینہ اور اے ڈی پی میں بھی اس مسئلے کو اٹھانا چاہیے، شارٹ اور لانگ ٹرم مسائل کے حل کے لیے کیا کچھ ہوسکتا ہے دیکھنا ہوگا، اس اقدام کے ثمرات ایک سال بعد نظر آئیں گے۔ جسٹس آغا فیصل نے کہا کہ اوپن جیل سائیڈ کے کیسز ماتحت عدلیہ کو منتقل ہو چکے ہیں، امید ہے کہ اب کیسز کے فیصلے جلد ہوں گے، سول ججز کی تقرریوں کے لیے رجسٹرار سندھ ہائی کورٹ نے کام شروع کر دیا ہے، مسائل بہت ہیں مگر ہم سب نے مل کر حل کرنے ہیں۔

بقیہ 28 — بقیہ جات

سیز پاکستانیز کنونشن دنیا کے مختلف ممالک میں ہونا چاہیے، بیرونِ ملک آباد پاکستانی اپنے وطن سے بے پناہ محبت کرتے ہیں۔ وزیرِ دفاع کا یہ بھی کہنا ہے کہ ہم پر بھی مشکل وقت آئے تھے، لیکن ہم پاکستان سے بھاگے نہیں۔

بقیہ 29 — بقیہ جات

نے کہا ہے کہ جنگی قیدیوں کے بھی کچھ قوانین ہوتے ہیں لیکن عمران خان اور بشریٰ بی بی کے ضمانت کے مقدمات کی سماعت بھی اب ہونے نہیں دی جارہی۔ انہوں نے ایکس پر جاری اپنے بیان میں کہا کہ عمران خان اور بشریٰ بی بی کو ناحق جیل میں رکھنے کے لیے ہر ممکن ہتھکنڈا استعمال کیا جارہا ہے، کب تک پاکستان کو لاقانون ریاست کے طور پر چلایا جائے گا؟۔ مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ پاکستان نارمل تب ہی ہوگا جب عمران خان جیل سے باہر آئیں گے۔

بقیہ 30 — بقیہ جات

دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ پاکستان یورپی یونین کے ساتھ اپنے دیرینہ خوشگوار تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ پائیدار امن کے قیام اور دہشت گردی کے خاتمے کیلئے پاک فوج کا عالمی سطح پر کردار قابل تحسین ہے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے مزید کہا کہ پاکستان میں جمہوریت مستحکم اور جمہوری اقدار کو فروغ حاصل ہو رہا ہے، جمہوریت کا تسلسل قومی ترقی و خوشحالی کی ضامن ہے۔ پاکستان یورپی یونین کے ساتھ پارلیمانی تعلقات کو مزید فروغ دینا چاہتا ہے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے یورپین وفد کو پنجاب اسمبلی کے کمیٹی سسٹم کے بارے میں بھی آگاہ کیا اور بتایا کہ یہ سسٹم مختلف موضوعات پر گہری تحقیق اور مباحثے کو فروغ دیتا ہے تاکہ بہترین قوانین بنائے جا سکیں۔ یورپی وفد نے دہشت گردی کے خلاف پاکستان کے کردار کا اعتراف کیا اور پاکستان کے ساتھ تجارتی تعاون کو امن و ترقی کی بنیاد قرار دیا۔ یورپین وفد کا کہنا تھا کہ پاکستانی قوم ایک ثابت قدم قوم ہے۔ پاکستانی قوم نے ہر مشکل وقت میں تحمل اور ثابت قدمی کا مظاہرہ کیا ہے۔ یورپی یونین جمہوریت کے فروغ اظہارِ رائے کی آزادی اور قانون کی حکمرانی کیلئے پاکستان کے ساتھ تعاون جاری رکھے گی۔ وفد میں شربان دیمتر سے سٹرذا، روتھ فری ٹخ، مائیکل میک نامارا، کرسٹینا اسٹانکولیسکو، سونگل دوگان اور لیو ہائیڈریان نیتی شامل ہیں۔ اسمبلی سیکرٹریٹ سے چیئرمین پی اے سی ll سید علی حیدر گیلانی، ممبران اسمبلی نورالامین وٹو، پیر اشرف رسول اور غزالی سلیم بٹ بھی موجود تھے۔

بقیہ 31 — بقیہ جات

کے احکامات جاری کردیئے۔ تقرری کی منظر مس کنول صابر کو ڈپٹی سیکرٹری لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ تعینات، تقرری کی منظر مس آمنہ احسن کو گریڈ 18 میں ترقی دے کر ڈپٹی سیکرٹری لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ تعینات اور سیکشن آفیسر پرائس کنٹرول اینڈ کموڈیٹیز مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ جمشید اقبال کو تبدیل کر کے ڈپٹی سیکرٹری ریگولیشن او اینڈ ایم ونگ ایس اینڈ جی اے ڈی تعینات کر دیا گیا ہے۔ چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کی منظوری کے بعد محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔

بقیہ 32 — بقیہ جات

میلے کے موقع پر لاہور آنے والے سکھ یاتریوں کی سیکورٹی کے حوالے سے جاری اپنے بیان میں کہا ہے کہ وساکھی میلے پر آنے والے سکھ یاتریوں کو بھرپور سیکورٹی فراہم کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گوردواروں اور سکھ یاتریوں کی قیام گاہوں کے مکمل حفاظتی انتظامات کیے گئے ہیں۔ سی سی پی او لاہور نے سینئر پولیس افسران کو سیکورٹی انتظامات اور ڈیوٹی پوائنٹس کی متواتر نگرانی کرنے کی ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا گیا کہ افسران گوردواروں کی انتظامیہ اور دیگر متعلقہ محکموں سے مسلسل رابطے میں رہیں۔ انہوں نے کہا کہ سکھ یاتریوں کے سیکورٹی ایس او پیز پر من وعن عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ افسران اور اہلکار الرٹ رہیں، مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھیں۔

بقیہ 33 — بقیہ جات

نے مائنز اینڈ منرلز بل کے حوالے سے کسی کاغذ پر دستخط نہیں کیے۔ اس حوالے سے وفاق کے ساتھ کسی قسم کا معاہدہ نہیں ہوا ہے۔ وفاقی وزیر اپنے بیان کا ثبوت دیں، وگرنہ ان کے خلاف قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مائنز اینڈ منرلز بل خیبر پختونخوا کے معدنی وسائل کے استعمال اور صوبے کے مفادات کو مدنظر رکھتے ہوئے بنایا گیا ہے۔ ا

22 اپریل کو اہل غزہ سے یکجہتی کیلئے شہر لاہور میں کامیاب شٹر ڈاؤن ہڑتال ہوگی، ضیاالدین انصاری

ہڑتال کو کامیاب بنانے کیلئے تاجروں رہنماؤں کیساتھ ہر دوکاندار کے اہل فلسطین کا پیغام پہنچایا جائیگا، جماعت اسلامی کی ملک گیر شٹر ڈاؤن ہڑتال کی سیاسی مقصدی کے بجائے مظلوم فلسطینی مسلمانوں کیلئے ہوگی

ہڑتال کو کامیاب بنا کر اہل لاہور کی پوری تاجر برادری قبلہ اول آزادی اور اہل غزہ کی جدوجہد میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی، جماعت اسلامی کا فلسطین سے اظہار یکجہتی ملک گیر شٹر ڈاؤن ہڑتال کی تیاریوں کے حوالے سے اجلاس

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کی کال پر مظلوم فلسطینی مسلمان بھائی کیساتھ بھرپور اظہار یکجہتی کیلئے اور اسرائیلی مظالم کے خلاف امت مسلمہ کے بے حس حکمرانوں کی غیرت جگانے کیلئے 22 اپریل کو ہونے والی ملک گیر شٹر ڈاؤن ہڑتال کی تیاریوں کے حوالے سے جماعت اسلامی ڈسٹرکٹ لاہور کے ذمہ داران کا اجلاس دفتر جماعت اسلامی لاہور میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کی۔ اجلاس میں امیر جماعت اسلامی ڈسٹرکٹ لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ، امراء اضلاع و دیگر ذمہ داران نے ہڑتال کی تیاریوں پر تفصیلی بریفنگ لی۔ اجلاس میں تمام تاجر دوں سے ملاقاتوں کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)



لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاالدین انصاری ایڈووکیٹ 22 اپریل کو لاہور میں شٹر ڈاؤن ہڑتال کی تیاریوں کا جائزہ لے رہے ہیں

بیساکھی میلہ کی تقریبات جاری، صحافیوں کو توریح سے روکنے کی کوشش

جمیں مکمل مذہبی آزادی کیساتھ رسومات ادا کرنے کی سہولت دی گئی ہے

اٹک (این این آئی) حسن ابدال میں بیساکھی میلہ کی رنگا رنگ تقریبات جاری ہیں، جہاں دنیا بھر سے آئے سکھ یاتری پنجہ صاحب میں اپنی مذہبی رسومات ادا کر رہے ہیں۔ سکھ یاتریوں نے حکومت پاکستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمیں مکمل مذہبی آزادی کے ساتھ رسومات ادا کرنے کی سہولت دی گئی ہے، سکیم دی، رہائش اور کھانے پینے کے بہترین انتظامات پر ہم حکومت کے شکر گزار ہیں، دوسری جانب بیساکھی میلہ کی کوریج کے لیے آئے ورکنگ صحافیوں کو انٹیلی برانچ کی جانب سے پاس جاری نہ کیے جانے پر صوانی برادری میں شدید بے چینی اور غصہ پایا جاتا ہے۔ معروف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 50)

رائیونڈ میں عید کے روز بیوی کو تیز دھار چھری سے قتل کرنے والا ملزم گرفتار

ملزم نے گھریلو ناچاکی پر اپنی بیوی ساجدہ بی بی کو تیز دھار چھری کے وار کر کے بیدردی سے قتل کر دیا تھا

رائے ونڈ (این این آئی) رائیونڈ کے علاقہ میں عید کے روز بیوی کو تیز دھار چھری کے وار کر کے قتل کرنے والا ملزم گرفتار کر لیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق ڈی پی او اوکاڑہ کی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ سٹی رائیونڈ سید دیدان رضا نقوی کی زیر نگرانی ٹیم نے کارروائی کی۔ ملزم عبدالغفار کو گرفتار کر کے قتل میں استعمال ہونے والا چھری برآمد کر لیا۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق ملزم نے گھریلو ناچاکی پر اپنی بیوی ساجدہ بی بی کو تیز دھار چھری کے وار کر کے بیدردی سے قتل کر دیا تھا۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 56)

تعلیمی میدان میں کچھ چراغ ابھرنے، سنورنے اور نکھرنے کا ہنر سکھاتے ہیں: مزمل محمود

ایسے ہی ایک چراغ کا نام ہے رانا لیاقت علی، جو چار دہائیوں تک شعور کی روشنی بانٹتے، اساتذہ کی رہنمائی کرنے اور تعلیمی نظام کو بہتر بنانے کی جدوجہد میں مصروف رہے

رانا لیاقت علی کی تعلیمی خدمات کو محض اساتذہ کے دائرے میں محدود کرنا ناانصافی ہوگی۔ وہ ایک عہد ساز رہنما، ایک بے خوف تربیت کار، اور ایک فکری و تنظیمی لیڈر ہیں، کنگسٹو

لاہور (خبر نگار) پنجاب ٹیچرز یونین پنجاب کے مرکزی جنرل سیکرٹری رانا لیاقت علی کی ریٹائرمنٹ کے قریب گذشتہ روز گورنمنٹ ہائی سکول بند یالہ والا لاہور میں منعقدہ جس میں جنابہ حق مدظلہ خواجہ سمین پنجاب منسٹر انسٹرکٹر فورس امتحانات پنجاب، رانا انوار الحق مرکزی صدر جناب نذیر حسین شہید می ای او ایجوکیشن لاہور جناب محمد عارف ڈی ای او ایجوکیشن، رانا محمد ارشد، کاشف شہزاد چوہدری، مشتاق بلوچ ڈی ای او چوہدری یاسین وٹرانج، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 54)



پنجاب ٹیچرز یونین پنجاب کے مرکزی جنرل سیکرٹری رانا لیاقت علی کی ریٹائرمنٹ کی تقریب میں فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو ادارے کے مختلف معاملات پر اپنے شعبہ تحقیقات سے آگاہ کرنے کیلئے خط ارسال کر دیا جس میں کہا گیا ہے کہ حکومت ایف بی آر میں اصلاحات اور ڈیجیٹائزیشن کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے تاکہ ٹیکس ریونیو کو محفوظ بنایا جا سکے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

حکمرانوں کی معیشت کی ترقی کے دعوے کھلے نہیں جھوٹے ہیں، اقبال جسٹیکس

کامیکس کے لیپ سے معاشی اشاریوں کو خوشنما کر کے دکھایا جا رہا ہے، بانی پی ٹی آئی عمران خان جیل سے معیشت کی ترقی کے دعوے کھوکھلے ہیں، کامیکس

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما جسٹس اقبال چیمہ نے کہا ہے کہ حکمرانوں کے معیشت کی ترقی کے دعوے کھوکھلے ہیں، کامیکس کے لیپ کے ذریعے معاشی اشاریوں کو خوشنما کر کے دکھایا جا رہا ہے، بانی پی ٹی آئی عمران خان جیل سے استعارہ بن چکے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے



لاہور: سینئر پی ٹی آئی رہنما جسٹس اقبال چیمہ، نائب صدر لاہور میاں طارق کی عیادت کر رہے ہیں

ٹی پی لنک کینال کھولنے پر سندھ حکومت کا ارسا کو ایک اور خط

دریائے جہلم کے بہاؤ کو چند نہر کو پانی دینا، سنگلاخ ڈیم میں غیر ضروری ذخیرہ بندی روکی جائے مطالبہ

کراچی (این این آئی) ٹی پی لنک کینال کھولنے پر سندھ حکومت نے ارسا کو ایک اور خط لکھ دیا۔ خط میں پانی کی غیر منصفانہ تقسیم پر تشویش کا اظہار کیا۔ ٹی پی لنک کینال کا اخراج 2981 سے بڑھ کر 3814 کیسک تک پہنچ چکا ہے، دریائے جہلم کے بہاؤ سے چند نہر کو پانی دیا جائے، منگلا ڈیم میں غیر ضروری ذخیرہ بندی روکی جائے۔ خط کے متن میں کہا گیا صوبوں کے درمیان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

غزہ کو فلسطینیوں کی اجتماعی قبر میں تبدیل کر دیا گیا، ڈاکٹر وڈ آؤٹ بارڈرز

فلسطینیوں پر ان کی مدد کرنے کی کوشش کرنے والے کہیں بھی محفوظ نہیں ہیں، انسانی بازو لے

جنیوا (این این آئی) بین الاقوامی طبی امدادی ایجنسی ڈاکٹرز وڈ آؤٹ بارڈرز (ایم ایس ایف) نے کہا ہے کہ اسرائیل کی فوجی کارروائیوں اور انسانی امداد کی روک تھام نے غزہ کو فلسطینیوں اور ان کی مدد کرنے والوں کے اجتماعی قبرستان میں تبدیل کر دیا ہے۔ فرانسیسی خیر رساں ادارے کے مطابق ایم ایس ایف کے گوآ ٹیمالا امامے بارڈرز نے کہا کہ غزہ کو فلسطینیوں اور ان کی مدد کرنے والوں کے اجتماعی قبرستان میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 40)

چینی کمپنی کا پاکستانی بحری صنعت میں بڑی سرمایہ کاری کیلئے اظہار دلچسپی

ڈپٹی قاسم پر نگہیں پانی کو پینے کے قابل بنانے کے لیے ایک "ڈی سیلینیشن پلانٹ" لگانے پر غور

کراچی (این این آئی) چین کی ایک معروف تیراکی کمپنی نے پاکستان کی بحری صنعت میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری میں دلچسپی کا اظہار کیا ہے، جو صرف بندرگاہی ترقی کو فروغ دے گی بلکہ ملکی معیشت اور ماحولیاتی خطے کے شعبوں میں بھی نمایاں بہتری لائے گی۔ انٹیگل انوسٹمنٹ ڈیولپمنٹ کونسل (ایس آئی ڈی سی) کی معاونت سے پاکستان اور چین کے درمیان بڑھتے ہوئے معاشی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 41)

ماہنز اینڈ منرز بل صوبوں کے حقوق پر ڈاکہ ہے، جے یو آئی

الحار ہویں ترمیم کو رول بیک کرنے کی سازشیں ہو رہی ہیں، بعض سیاسی جماعتوں نے ماہنز اینڈ منرز بل کا ساتھ دینے میں غیر آئینی اقدامات کی حمایت کی

ماہنز اینڈ منرز ایکٹ کو فوری طور پر واپس لیا جائے کیونکہ غیر آئینی اقدامات سے ملکی مسائل میں مزید اضافہ ہوگا، مطالبہ

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) مولانا محمد فضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر محمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم فیصل شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ماہنز اینڈ منرز بل صوبوں کے حقوق پر ڈاکہ ہے، متفقہ قوتوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 47)



لاہور: صدر لاہور چیمبر میاں ابوذر شاہد، وفاقی ٹیکس مشیر آصف محمود جاہ اور سیمینار کے شرکا کا گروپ فوٹو

پاکستان ٹیکس بار کا چیئرمین ایف بی آر کو مختلف معاملات پر تحفظات پر مبنی خط

ایف بی آر کے افسران کے اقدامات سے کاروباری سرگرمیاں، جمود کا شکار ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو ادارے کے مختلف معاملات پر اپنے شدید تحفظات سے آگاہ کرنے کیلئے خط ارسال کر دیا جس میں کہا گیا ہے کہ حکومت ایف بی آر میں اصلاحات اور ڈیجیٹائزیشن کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے تاکہ ٹیکس ریونیو کو محفوظ بنایا جا سکے۔ ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے صدر انور کاظمہ ممتاز ایڈووکیٹ نے خط پر دستخط کیے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 35)

چیئرپرسن وزیراعلیٰ پنجاب انسپکشن بار علاؤالدین کی خواجہ فرید یونیورسٹی آمد

یونیورسٹی کی حالیہ کامیابیوں، ریسرچ ورک، تعلیمی و تعمیری سرگرمیوں، طلبہ کی کارکردگی کا جائزہ

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن وزیراعلیٰ پنجاب انسپکشن بار علاؤالدین کی خواجہ فرید یونیورسٹی آمد پر یونیورسٹی کی حالیہ کامیابیوں، ریسرچ ورک، تعلیمی و تعمیری سرگرمیوں اور طلبہ کی کارکردگی کے حوالے سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)



لاہور: چیئرمین واپڈا ایفیشنسی جنرل (ر) سجاد حسین انچیرز ٹورنامنٹ کا افتتاح کر رہے ہیں

پی ٹی اے کی بنگاری کا معاملہ ایک بار پھر ناخیر کا شکار، حکومت نے پی ٹی اے کی بنگاری کا معاملہ ایک بار پھر تاخیر کا شکار ہو گیا ہے، حکومت نے پی ٹی اے کی بنگاری کی تاریخ میں جون تک کی توسیع کر دی ہے، جبکہ حکومت دو ماہ میں کسی دوسرے ادارے کی بنگاری بھی نہیں کر سکے گی اور یوں بنگاری کے ذریعے 30 ارب روپے حاصل کرنے کا ہدف پورا کرنے سے محروم رہے گی۔ یاد رہے کہ گزشتہ ماہ حکومت نے پی ٹی اے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 37)

کنٹریکٹر ایسوسی ایشنز کا منگھو پیر ناؤن کے چیئرمین کی معینہ کرپشن کے خلاف عدالت سے رجوع کرنے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) منگھو پیر ناؤن کے چیئرمین نوازش بروہی کی معینہ کرپشن کے خلاف مختلف کنٹریکٹرز ایسوسی ایشنز کا ایک ہنگامی اجلاس کنٹرولر معروف کنٹریکٹر فہیم کاظمی کی صدارت میں ہوا۔ جس میں ناؤن چیئرمین کے ٹھیکیداروں کے خلاف نالائقہ اقدام کی شدید مذمت کی گئی۔ اجلاس میں متاثر ٹھیکیداروں کے خلاف جھوٹی اور جعلی گفت ایف آئی آر درج کرانے کے خلاف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 39)

معیار تعلیم اور شرح خواندگی میں اضافے میں تعلیمی کی کاشیں خصوصی اہمیت کی حامل ہیں، چوہدری حامد حمید

مرکوٹ (این این آئی) مسلم لیگ ن پنجاب کے نائب صدر و سابق وزیر مملکت چوہدری حامد حمید نے کہا کہ معیار تعلیم اور شرح خواندگی میں اضافے میں تعلیمی کی کاشیں خصوصی اہمیت کی حامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی معاشرہ اچھی اور معیاری تعلیمی سہولیات کے بغیر ترقی و خوشحالی کی منازل طے نہیں کر سکتا۔ انہوں نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 42)

خیبر پختونخوا: قیدیوں کے اہل خانہ ای وزٹ ایپ سے مستفید

محکمہ زراعت سرگودھا نے جعلی کھاد فیکٹری کو پکڑ کر مالک کے خلاف مقدمہ درج کروا دیا

ای وزٹ ایپ پر قیدیوں کے اہل خانہ ویڈیو کال پر ملاقات کرتے ہیں' آئی جی جیل خانہ جات

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا خواتین کی پختون خواہ خان کمسوٹے تنظیم میں بیٹھ کر بھی ہوا تو ساتھ نماز ہو رہی ہے، اگر دھرنے میں کسی کو کچھ ہوا تو پنجاب حکومت ذمہ دار ہوگی، وزیراعلیٰ پنجاب نے بات نہ سنی تو دفتر کے اندر داخل ہوں گے

فیصل آباد، موٹروے پولیس انسپکٹر منصور اصغر شہید کی نماز جنازہ ادا

جنازہ میں آئی جی موٹروے پولیس، ایڈیشنل آئی جی، ڈی آئی جی موٹروے پولیس و دیگر موٹروے حکام کی شرکت

فیصل آباد (این این آئی) موٹروے پولیس انسپکٹر منصور اصغر شہید کی نماز جنازہ آج آئی جی موٹروے پولیس نے ادا کرائی۔ نماز جنازہ میں ایڈیشنل آئی جی، ڈی آئی جی اور دیگر موٹروے حکام نے شرکت کی۔ موٹروے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 59)



حکومتی پیکیج نوں زہر پاشی کے دفع، جماسلا

پنجاب حکومت نے کسانوں کے احتجاج کو ختم کرانے اور ان کی آواز کو دبانے کے لئے بنگامی بنیادوں پر اس پیکیج کا اعلان کیا ہے

پنجاب کے کسان کو قرض نہیں چاہئے اسے اپنی فصل کی قیمت چاہئے، امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری

جماعت اسلامی پنجاب مرکزی دفاتر میں کسان کنونشن سے خطاب

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے کسانوں کے لئے اعلان کردہ پیکیج کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ پنجاب حکومت کسانوں کے احتجاج کو ختم کرانے اور ان کی آواز کو دبانے کے لئے بنگامی بنیادوں پر اس پیکیج کا اعلان کیا ہے جس کا مرے سے اور کوئی ابہ اعتکاف کرنے والے کسانوں کے احتجاج سے خوفزدہ ہونے کی ضرورت نہیں ہے، کسان پہلے ہی سے پریشان ہیں کہ حکومت نے محض کسانوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کی ہے جس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

لاہور سمیت پنجاب بھر میں بادل برسانے والا سسٹم موجود

آج جمعہ کو لاہور اور پنجاب کے بیشتر اضلاع میں بادلوں کے ساتھ بارش کا امکان

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت پنجاب بھر میں بادل برسانے والا سسٹم موجود ہے جس کے زیر اثر آج جمعہ کو لاہور اور پنجاب کے بیشتر اضلاع میں کل بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ لاہور سمیت پنجاب بھر میں بادل برسانے والا سسٹم موجود ہے، تاہم آج پنجاب کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک رہے گا، محکمہ موسمیات کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ لاہور سمیت پنجاب بھر میں بادل برسانے والا سسٹم موجود ہے جس کے زیر اثر آج جمعہ کو لاہور اور پنجاب کے بیشتر اضلاع میں بادلوں کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ بیان کے مطابق لاہور میں کم سے کم درجہ حرارت 22 ڈگری سینٹی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

شاہ سلمان ریلیف سینٹر کا شام میں ملی منصوبہ، 95 ہزار مکانوں کی تعمیر مشق پیچ گئی

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے شاہ سلمان ہیومینیرین ایڈ اینڈ ریلیف سینٹر نے الہلسم الیسوی الشام کے تعاون سے شام میں ملی منصوبے کا آغاز کر دیا ہے۔ عربی ذی وی کے مطابق اس منصوبے کے تحت شام میں دل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 55)

ملک میں بنا سیتی گھی اور خوردنی تیل کی پیداوار میں جاری مالی سال کے دوران کمی ریکارڈ

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں بنا سیتی گھی اور خوردنی تیل کی پیداوار میں جاری مالی سال کے دوران کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کی جانب سے جاری کردہ ماہانہ رپورٹ کے مطابق مالی سال کے پہلے 8 ماہ میں ملک میں 977735 میٹرک ٹن بنا سپتی گھی کی پیداوار حاصل ہوئی جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 2.60 فیصد کم ہے، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ملک میں 1003809 میٹرک ٹن بنا سپتی گھی کی پیداوار ہوئی تھی، فروری میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 49)

امریکا کی ایرانی تیل درآمد کرنے والی کمپنیوں، آئل ٹینکرز پر پابندیاں

امریکا کی نئی پابندیوں میں چین میں کام کرنے والی آزاد چھوٹی آئل ریفائنریز شامل ہیں، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی محکمہ خزانہ نے چین میں کام کرنے والی آزاد چھوٹی آئل ریفائنریز شامل ہیں۔ امریکی محکمہ خزانہ نے ایران پر دباؤ بڑھانے کے لیے یہ شیڈو فلیٹ آئل ٹینکرز پر پابندیاں لگائی ہیں۔ امریکی ڈی ٹی کے مطابق امریکی محکمہ خزانہ کا کہنا تھا کہ امریکا کی نئی پابندیوں میں ایرانی خام تیل کی خریداری میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 45)

اسرائیل کی پانی کی تقسیم سے متعلق پنجاب اور سندھ کے الزامات مسترد کر دیے

ارسا میں تمام فیصلے قانون اور ارسا ایکٹ کے مطابق کیے جاتے، ترجمان

آبپاشی پنجاب اور وزیر آبپاشی سندھ کی جانب سے پانی کی تقسیم پر ارسا کو خط لکھا گیا تھا۔ وزیر آبپاشی سندھ جام خان شورو نے خط میں کہا تھا کہ سندھ میں پانی کی شدید کمی ہے، پی پی ایل کینال کو بند کیا جائے اور سندھ کا اس کے حصے کا پانی دیا جائے تاکہ پانی کی قلت کم ہو۔ دوسری جانب محکمہ آبپاشی پنجاب کی جانب سے لکھے گئے خط میں کہا گیا تھا کہ ریچ کی فصلوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

چیچہ وطنی، 6 سالہ طالبعلم بغیر ڈھکن کے گٹر میں گر کر جاں بحق

بچے کی ہلاکت پر بچے کے اہل خانہ اور اہل علاقہ نے اسکول انتظامیہ کے خلاف شدید احتجاج کیا

چیچہ وطنی (این این آئی) چیچہ وطنی میں 6 سالہ طالبعلم اسکول کیا جانے میں واقع نجی پلیئر واٹسن کے گٹر میں گر کر جاں بحق ہو گیا، پولیس کے مطابق اسکول میں بچے کی ہلاکت پر بچے کے اہل خانہ اور اہل علاقہ نے



کوئٹہ: صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان تقریب سے خطاب کر رہی ہیں

فیصل آباد پولیس کی کارروائی، مقدمہ قتل میں مطلوب 3 ملزمان گرفتار

مکوانہ (این این آئی) فیصل آباد پولیس نے مقدمہ قتل میں مطلوب 3 ملزمان کو گرفتار کر لیے۔ ایس پی مدینہ ٹاؤن سعد ارشد نے اپنے دفتر میں پریس کانفرنس کے دوران میڈیا کے نمائندوں کو بتایا کہ تھانہ سامبا نوالہ کی حدود میں عمران ساجد عرف غفی کو قتل کرنے والے 2 ملزمان کو پولیس نے گرفتار کر لیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ چک 131 نب علی ملزمان شہزاد اور وسیم نے فائرنگ کر کے عمران ساجد کو قتل کیا۔ پولیس نے ورثاء کی درخواست پر کارروائی کرکے مقدمہ 176/25 درج کیا اور قانونی کارروائی کا آغاز کیا۔ پی پی او ہذا جزاد ہیال عمری ہدایت پر ڈی پی او کی گرفتاری کیلئے خصوصی ٹیم تشکیل دی گئی۔ ٹیم نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 67)

عوام کا حق حکمرانی تسلیم کرنے میں ہی ملکی مسائل کا حل ہے، قاری اظہر حسین

ملک کے حکمرانوں اور مقتدر قوتوں کو حقائق کا ادراک کرتے ہوئے عقل سلیم سے کام لینا ہوگا

لاہور (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (س) کے امیر مرکزی سیکرٹریٹ سالار مولانا قاری محمد حسین نے کہا ہے کہ عوام کا حق حکمرانی تسلیم کرنے میں ہی ملکی مسائل کا حل ہے۔ ملک کے حکمرانوں اور مقتدر قوتوں کو حقائق کا ادراک کرتے ہوئے عقل سلیم سے کام لینا ہوگا، جمعیت علماء اسلام (س) جمہوریت کے بقاء اور جمہوریت کی ہوا اور استحکام کے لیے جدوجہد کرتی رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار مولانا بشیر احمد قادری، مولانا محمد ساجد ضیائی، مولانا محمد عثمان رمضان اوکاڑوی، مولانا محمد عبدالرحمٰن اشرفی، مولانا محمد ابوبکر صدیق، مولانا قاری عبدالرحمٰن، مولانا محمد زاہد الراشدی، مولانا محمد عبداللہ